مریم مسجد - جماعتِ احمدیہ آئرلینڈ کی پہلی مسجد

پہلا شمارہ ۲۰۱۰



لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کا ترجمان

مریم

یہ روز کر مبارک

سُبحانَ مَن یَّرانِی

پیغام حضورِ انور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم وعلی عبدہ المسیح الموعود

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھو الناصر

لندن
11/5/10

پیاری ممبرات لجنہ و ناصرات!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میرے لئے یہ بات باعث مسرت ہے کہ لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کو اپنا میگزین "مریم" شائع کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے اور اس کے دوررس نتائج ظاہر فرمائے۔ آمین

"مریم" میگزین کے پہلے شمارہ کے لئے میرا پیغام یہ ہے کہ تمام احمدی خواتین اور بچیاں اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں اور انہیں پہچانیں۔ ہمیشہ اپنے تقدس کا خیال رکھیں اور اپنی عصمت کی حفاظت کریں۔ اپنے بچوں کی نیک تربیت کریں اور اپنی نسلوں کی حفاظت کریں۔ یہ وہ بنیادی باتیں ہیں جن کی طرف ہر احمدی ماں اور بیٹی کو اپنی اپنی حیثیت میں توجہ دینی چاہئے۔

خدا تعالیٰ نے آپ کو مامور زمانہ کی جماعت میں داخل ہونے کی جو توفیق دی ہے یہ اس کا فضل اور احسان ہے۔ جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا ہے:

"تم نے وہ وقت پایا ہے جس کی بشارت تمام نبیوں نے دی ہے اور اس شخص کو یعنی مسیح موعود کو تم نے دیکھ لیا جس کے دیکھنے کے لئے بہت سے پیغمبروں نے بھی خواہش کی تھی۔ اس لئے اب اپنے ایمانوں کو خوب مضبوط کرو اور اپنی راہیں درست کرو۔ اپنے دلوں کو پاک کرو اور اپنے مولیٰ کو راضی کرو۔"

(اربعین نمبر 4 روحانی خزائن جلد 17 صفحہ 442)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی طرف منسوب ہونا بلاشبہ خوش بختی کی علامت ہے۔ لیکن کیا محض احمدی کہلانا کافی ہے؟ ہرگز نہیں۔ حضور علیہ السلام نے اپنی جماعت میں شامل ہونے کے لئے تقویٰ کو بنیادی شرط قرار دیا ہے۔ اور اس کے لئے آپ اپنی جماعت کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"چاہئے کہ ہر ایک صبح تمہارے لئے گواہی دے کہ تم نے تقویٰ سے رات بسر کی اور ہر ایک شام تمہارے لئے گواہی دے کہ تم نے ڈرتے ڈرتے دن بسر کیا۔"

(کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 12)

پس آپ کی سب سے بڑی ذمہ داری یہ ہے کہ آپ کا رہن سہن، وضع قطع، بول چال اور ہر حرکت و سکون اس بات کی گواہ ہوں کہ آپ کے اندر خشیت الٰہی پائی جاتی ہے۔ آپ کے نیک اعمال ہی آپ کے دعویٰ بیعت کو سچا ثابت کریں گے اور آپ کے نیک نمونہ ہی سے آپ کی نسلیں اپنی آئندہ زندگی کی راہیں متعین کریں گی۔ وہ نیک اعمال کیا ہیں؟ یہی کہ جن باتوں کے کرنے کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے انہیں بجا لایا جائے اور جن سے بچنے کی نصیحت کی ہے ان سے بیزاری اور دوری اختیار کی

والسلام
خاکسار
مرزا مسرور احمد
خلیفۃ المسیح الخامس

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کا ترجمان

مریم

2010ء

شمارہ نمبر :۔1

مدیرہ: راشدہ کرن خان

زیر نگرانی:

طیبہ مشہود صاحبہ

نیشنل صدر لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ

اور مکرم اِبراہیم نونن صاحب

مربی سلسلہ آئرلینڈ

لے آؤٹ، ڈیزائننگ و سرورق:

راشدہ کرن خان

معاونات:

ناجیہ نصرت ملک،

شمیفہ ظہیر، ندامنّان،

نازیہ ظفر، سمیرا ملک

خصوصی شکریہ:

مکرم مسعود ارشد خان صاحب (جرمنی)

برائے رابطہ مدیرہ مریم

Email: *kirankh2@yahoo.de*

ishaat.lajna@gmail.com

اس شمارے میں

☆ اسلام نے عورت کو ایک عظیم معلمہ کے طور پر پیش کیا ہے 6

☆ خدا تعالیٰ کی رضا کیلئے ایک دوسرے کی اطاعت کی جائے 8

☆ نظم ۔ میری نظر میں گھر وہ ہے 9

☆ سرچشمۂ ہدایت 11

☆ سوانح حیات حضرت مصلح موعودؓ 13

☆ دعائیں اور بس دعائیں 16

☆ میرا پردہ اور حیا 18

☆ نظم ۔ میرا پردہ 22

☆ مالی قربانی کا جہاد 23

☆ دعوت الیٰ اللہ 24

☆ توکّل علیٰ اللہ اور مالی قربانی 25

☆ مرد وعورت دونوں کا اپنے سسرال سے نیک سلوک 26

☆ ’’ہمارا کوئی حق نہیں بنتا کہ کسی پر انگلیاں اٹھاتے پھریں‘‘ 28

☆ انٹرنیٹ کا استعمال 29

☆ ابتلاؤں کا آنا بھی ضروری ہے 33

☆ ’’تمام مرسلوں کے سرتاج ﷺ‘‘ 34

☆ سانحہ لاہور کے شہداء کے نام نظم 35

☆ نئی نسل کی تربیت 37

☆ حضرت مسیح موعودؑ اور تربیت اولاد 39

☆ نظامِ خلافت کی اطاعت اور فرمانبرداری 40

☆ ماؤں کے پاؤں تلے جنت ہے 41

☆ ایک خوبصورت شام 42

☆ خوش رہنا سیکھئے 45

☆ شرائط بیعت 47

قرآنِ کریم

الَّذِیۡنَ یُنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَالَہُمۡ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ ثُمَّ لَا یُتۡبِعُوۡنَ مَاۤ اَنۡفَقُوۡا مَنًّا وَّ لَاۤ اَذًی ۙ لَّہُمۡ اَجۡرُہُمۡ عِنۡدَ رَبِّہِمۡ ۚ

وَلَا خَوۡفٌ عَلَیۡہِمۡ وَلَا ہُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ ۔ (البقرہ ۲۶۳)

ترجمہ: جو لوگ اپنے مالوں کو اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں پھر خرچ کرنے کے بعد کسی رنگ میں احسان جتاتے ہیں اور نہ کسی قسم کی تکلیف دیتے ہیں ان کے رب کے پاس ان (کے اعمال) کا بدلہ (محفوظ) ہے۔ اور نہ تو انہیں کسی قسم کا خوف ہوگا اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے۔

احادیث نبوی ﷺ

عَنۡ اَسۡمَاءَ بِنۡتِ اَبِیۡ بَکۡرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنۡہُمَا اَنَّھَا جَائَتۡ اِلَی النَّبِیَّ صَلَّ اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ سَلَّمَ فَقَالَ لَا تُوۡعِیۡ فَیُوۡعِیَ اللّٰہُ عَلَیۡکِ اِرۡضَخِیۡ مَا اسۡتَطَعۡتِ۔

(صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ)

ترجمہ۔حضرت رسول کریم ﷺ نے ایک دفعہ اپنی نسبتی ہمشیرہ حضرت اسماءؓ بنت ابی بکرؓ کو نصیحت فرمائی کہ اللہ کی راہ میں گن گن کر خرچ نہ کیا کرو۔ ورنہ اللہ تعالیٰ بھی تمہیں گن گن کر ہی دیا کرے گا۔ اپنے روپئوں کی تھیلی کا منہ (بخل کی راہ سے) بند کرکے نہ بیٹھ جانا، ورنہ پھر اس کا منہ بند رکھا جائے گا۔ جتنی طاقت ہے دل کھول کر خرچ کیا کرو۔

اقتباس حضرت مسیح موعود علیہ السلام

"یہ ظاہر ہے، کہ تم دو چیز سے محبت نہیں کر سکتے اور تمہارے لئے ممکن نہیں۔ کہ مال سے بھی محبت کرو، اور خدا سے بھی۔ صرف ایک سے محبت کر سکتے ہو۔ پس خوش قسمت وہ شخص ہے کہ خدا سے محبت کرے۔ اور اگر کوئی تم میں سے خدا سے محبت کر کے اس کی راہ میں مال خرچ کرے گا۔ تو میں یقین رکھتا ہوں، کہ اس کے مال میں بھی دوسروں کی نسبت برکت دی جائے گی۔ کیونکہ مال خود بخود نہیں آتا۔ بلکہ خدا کے ارادہ سے آتا ہے۔ پس جو شخص خدا کیلئے بعض حصہ مال چھوڑتا ہے۔ وہ صرف اسے پائے گا۔ لیکن جو شخص مال سے محبت کر کے خدا کی راہ میں وہ خدمت بجا نہیں لاتا جو بجا لانی چاہیئے۔ تو وہ ضرور اس مال کو کھوئے گا۔ یہ مت خیال کرو کہ مال تمہاری کوشش سے آتا ہے، بلکہ خدا تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے۔ اور یہ مت خیال کرو کہ تم کوئی حصہ مال کا دے کر یا کسی اور رنگ سے کوئی خدمت بجا لا کر خدا تعالیٰ اور اس کے فرستادہ پر کچھ احسان کرتے ہو، بلکہ یہ اس کا احسان ہے کہ تمہیں اس خدمت کیلئے بلاتا ہے۔"

(مجموعہ اشتہارات جلد سوم صفحہ ۴۹۷-۴۹۸)



پیغام
حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم وعلی عبدہ المسیح الموعود

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھو الناصر

پیاری ممبرات لجنہ و ناصرات!

اسلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہ

میرے لئے یہ بات باعثِ مسرت ہے کہ لجنہ اماء اللہ آئر لینڈ کو اپنا میگزین ''مریم'' شائع کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے اور اس کے دُوررس نتائج ظاہر فرمائے۔ آمین

''مریم'' میگزین کے پہلے شمارہ کے لئے میرا پیغام یہ ہے کہ تمام احمدی خواتین اور بچیاں اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں اور انہیں پہچانیں۔ ہمیشہ اپنے تقدس کا خیال رکھیں اور اپنی عصمت کی حفاظت کریں۔ اپنے بچوں کی نیک تربیت کریں اور اپنی نسلوں کی حفاظت کریں۔ یہ وہ بنیادی باتیں ہیں جن کی طرف ہر احمدی ماں اور بیٹی کو اپنی اپنی حیثیت میں توجہ دینی چاہئے۔ خدا تعالیٰ نے آپ کو مامورِ زمانہ کی جماعت میں داخل ہونے کی جو توفیق دی ہے یہ اس کا فضل اور احسان ہے۔ جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا:

''تم نے وہ وقت پایا ہے، جس کی بشارت تمام نبیوں نے دی ہے اور اس شخص کو یعنی مسیح موعود کو تم نے دیکھ لیا جس کے دیکھنے کے لئے بہت سے پیغمبروں نے بھی خواہش کی تھی۔ اس لئے اب اپنے ایمانوں کو خوب مظبوط کرو اور اپنی راہیں درست کرو۔ اپنے دلوں کو پاک کرو اور اپنے مولیٰ کو راضی کرو۔''

(اربعین نمبر۴ روحانی خزائن جلد ۱۷ صفحہ ۴۴۲)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی طرف منسوب ہونا بلاشبہ خوش بختی کی علامت ہے۔ لیکن کیا محض احمدی کہلانا کافی ہے؟ ہرگز نہیں۔ حضور علیہ السلام نے اپنی جماعت میں شامل ہونے کے لئے تقویٰ کو بنیادی شرط قرار دیا ہے۔ اور اس کے لئے آپ اپنی جماعت کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''چاہئے کہ ہر ایک صبح تمہارے لئے گواہی دے کہ تم نے تقویٰ سے رات بسر کی اور ہر ایک شام تمہارے لئے گواہی دے کہ تم نے ڈرتے ڈرتے دن بسر کیا۔'' (کشتئی نوح۔ روحانی خزائن جلد ۱۹ صفحہ ۱۲)

پس آپ کی سب سے بڑی ذمہ داری یہ ہے کہ آپ کا رہن سہن، وضع قطع، بول چال اور ہر حرکت و سکون اس بات کی گواہ ہوں کہ آپ کے اندر خشیتِ الٰہی پائی جاتی ہے۔ آپ کے نیک اعمال ہی آپ کے دعویٰ بیعت کو سچا ثابت کریں گے اور آپ کے نیک نمونہ ہی سے آپ کی نسلیں اپنی آئندہ زندگی کی راہیں متعین کریں گی۔ وہ نیک اعمال کیا ہیں؟ یہی کہ جن باتوں کے کرنے کا حکم اللہ تعالیٰ نے دیا ہے انہیں بجالایا جائے اور جن سے بچنے کی نصیحت کی ہے ان سے بیزاری اور دوری اختیار کی جائے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارا مقصدِ پیدائش عبادت قرار دیا ہے۔ ہماری اولین ذمہ داری ہے کہ ہم اس کے بتائے

ہوئے طریق اور شرائط کے مطابق وقت پر نماز ادا کریں۔ پھر ہمارا دین ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ روزانہ قرآن کریم کی تلاوت کی جائے۔اس کے لئے ہر احمدی گھرانے میں التزام ہونا چاہیئے۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے جو روحانی خزائن ہمیں اپنی کتب کی شکل میں عطا فرمائے ہیں ان کا کثرت سے مطالعہ کیا جائے۔وقتاً فوقتاً جن بنیادی باتوں کی طرف خلفاء کی طرف سے خطابات اور تقاریر میں توجہ دلائی جاتی ہے ان پر خود بھی عمل کیا جائے اور اپنے بچوں کو بھی ان پر عمل کی ترغیب دلائی جائے۔

یورپ کے ماحول میں بعض ایسی برائیاں ہیں جو عدم توجہ کے نتیجہ میں طرزِ زندگی کا حصہ بن جاتی ہیں۔اس میں ایک تو لباس ہے جو ہر احمدی ماں اور بیٹی کو ایسا پہننا چاہیے جس سے اس کے تقدس کی حفاظت ہو۔اس کا لباس اس کی پاکدامنی کا مظہر ہو اور ہماری بزرگ خواتین کی روایات کا امین ہو۔

پھر میڈیا کی برائیاں ہیں جن سے ہر حال میں اپنے آپ کو بچانا لازم ہے ورنہ آپ کے اور آپکی اولاد کے دین کی سلامتی کی کوئی ضمانت نہیں دی جاسکتی۔

اس لئے ان باتوں پر خاص دھیان دیں اور دنیا کی چمک دمک اور جدت پسندی کے وہ شوق جو آپ کی نسلوں کو دین سے دور کرنے والے ہیں ہمیشہ ان سے بیزاری اختیار کریں۔اس لئے آپ کو اپنے بچوں کی دلچسپیوں کی سمت درست کرنے کی ضرورت ہے جس کا بہترین طریق یہ ہے کہ آپ اپنے بچوں کے اندر خلیفۂ وقت کی باتیں سننے کا شوق اجاگر کریں۔یہ وہ طریق ہے جس سے آپکی نسلیں خود بخود دین سے محبت کرنے لگیں گی۔انشاءاللہ

آپ میں سے بہت سی وہ ہیں جن کے بڑوں نے احمدیت بڑی قربانیوں سے حاصل کئے۔آج جو دنیوی نعماء اور آسائشیں آپ کو نصیب ہیں یہ انہیں قربانیوں کا شیریں پھل ہیں۔اس لئے ان قربانیوں کو ہرگز نہ بھولیں۔جو مائیں ہیں وہ اپنا نیک نمونہ پیش کریں اور بچوں کی تربیت پر نظر رکھیں۔جو بچیاں ہیں وہ دینی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور دنیا کی آسائشوں سے اپنے آپ کو پاک وصاف رکھیں۔اگر آپ نے اس طرح اپنے شب و روز گزارے تو اس کے نتیجہ میں آپ کا جو نیک نمونہ ظاہر ہوگا وہ ایک ایسی خاموش تبلیغ ہوگی جو آہستہ آہستہ معاشرے پر ضرور اثر انداز ہوگی۔

اللہ آپ میں سے ہر ایک کو اپنی ذمہ داریاں نبھانے کی اور ایک مثالی احمدی بننے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین

والسلام

خاکسار

مرزا مسرور احمد

خلیفة المسیح الخامس

پیغام انچارج دفتر لجنہ سیکشن

پیاری بہن مکرمہ طیبہ مشہود، صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ آئر لینڈ

اسلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔

امید ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بخریت ہوں گی۔ آپکے رسالہ 'مریم' کے اجراء کا سن کر مجھے بے حد خوشی ہوئی ہے۔ یقیناً یہ ایک محنت طلب کام ہے۔ آپ سب مجلس عاملہ اور خصوصاً آپکی اشاعت ٹیم مبارکباد کی مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپکی اس پرخلوص کوشش کو قبول فرماتے ہوئے اس رسالہ کو ممبرات کے علم و معرفت میں ترقی اور ازدیاد ایمان کا باعث بنائے۔ آمین۔ آپ کے میگزین کے ذریعہ اپنی پیاری بہنوں اور بچیوں کی خدمت میں مجھے صرف دو باتیں عرض کرنا ہیں۔

۱۔ اپنے آپ کو ہر وقت اس بات کا محتاج سمجھیں کہ آپ کو علم سیکھنے کی بہت ضرورت ہے اور آپ کے پاس ابھی کچھ نہیں بلکہ آپ نے بہت کچھ علم حاصل کرنا ہے۔ بالکل اسی طرح جیسے ایک دولت کا پجاری ہر وقت اپنی دولت بڑہانے کے بارے میں سوچتا رہتا ہے۔ ہماری دولت ہمارا علم اور معرفت ہے۔ جیسا کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ حکمت کی بات مومن کی گمشدہ میراث ہے اسے جہاں سے بھی ملے، لے لینا چاہیے۔ پس اپنے علم میں اضافہ کریں، علم کے لئے حریص بن کر۔ آپ کا ذہن ایک بہت بڑی نعمت ہے اسے اچھی باتوں سے پر رکھیں۔ ایسی باتوں سے جن سے آپکو فائدہ ہو۔ اور جن کے سیکھنے سے دوسروں کو بھی فائدہ ہو اور ایسی باتیں نکال دیں جن سے آپکو یا دوسروں کو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو۔ دنیا کی سب سے بہترین کتاب جو ہر قسم کے علم سے بھری ہوئی ہے۔ جو آپکی تربیت بھی کرتی ہے اور حوصلہ بھی دیتی ہے، وہ قرآن کریم ہے۔ جیسا کی حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا کی قرآن کریم جواہرات کی تھیلی ہے، پس اپنے لئے جواہرات اس میں سے ڈھونڈیں۔ اور اپنی زندگی کا اس طرح حصہ بنالیں کہ جیسے انہیں پہن لیں۔

۲۔ دوسری درخواست اپنی بہنوں سے یہ کہنا چاہوں گی کہ اپنی جسمانی صحت یا خوبصورتی کا جسطرح خیال رکھتی ہیں اور اس کے خراب ہونے پر پریشانی کا اظہار کرتی ہیں اسی طرح روحانی صحت کا خیال بھی رکھیں۔ کیونکہ انسان ان دونوں چیزوں کا مرکب ہے اور کسی ایک طرف کا زیادہ خیال اور دوسری کا کم خیال ہمیں متوازن انسان نہیں بنا سکتا۔ جس طرح ہم یہ دیکھتی ہیں کہ ہمارے بالوں یا پاؤں یا ناخنوں کو توجہ کی ضرورت ہے یا ہمیں اس وقت سونے یا نہانے یا کھانے کی ضرورت ہے اسی طرح اپنے اندر بھی توجہ دیتی رہیں کہ اس وقت کہیں ہمارے اندر تکبر یا حسد کا گند تو نہیں آ گیا۔ کہیں میں اپنے آپ کو زیادہ نیک تو نہیں سمجھنے لگ گئی۔ کہیں میں اتنی بے حس تو نہیں ہوگئی کہ اپنے بہت سے ان غریب رشتہ داروں کو بھول چکی ہوں جن کو مجھ سے کچھ امیدیں ہوں اور میں نے انہیں کبھی یاد تک نہیں کیا۔ انسان کے اندر اس کی قوت نفس ایک ایسا گھوڑا ہے جس کو آپ نے زیر کرنا ہے اور اس پر سوار ہونا ہے نہ یہ کہ وہ آپ پر سوار ہو۔ انسان کی روحانی طاقت ایک بہت بڑا خزانہ ہے، اس خزانے کو اچھی جگہ پر استعمال کریں۔ دین کے کاموں کے لئے استعمال کریں کہ دین کے لئے طاقت اور بہادری دکھلانا اللہ تعالیٰ کو پسند ہے آپ لجنہ اماء اللہ کے نام سے جانی جاتی ہیں یعنی آپ خدا تعالیٰ کی خاطر کام کرنی والیوں کی جماعت ہیں جس کی ممبر ہونے پر آپ کو بجا طور پر فخر ہے۔ پس اپنی صحت کی حفاظت کریں۔ اپنے محبوب کو اچھی اور اعلیٰ چیز پیش کریں، آپکی عمر کا بہترین وقت، آپکے وقت کا بہترین مصرف، آپکی طاقت کا بہترین استعمال خدا تعالی کی خاطر ہونا چاہئے۔ آپ اس کو اپنا محبوب بنائیں گی تو وہ ضرور آپ کا ہی ہوگا۔ انشاء اللہ۔

میری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو ہر طرح سے دین و دنیا کی حسنات عطا فرمائے اور آپ کا مدد گار ہو اور آپ اس کی محبت کو قرب سے میدانوں تک حاصل کرنے والیاں ہوں۔ اور اپنے عہد کے مطابق اس کی راہ میں ہر طرح کی قربانی کے لئے ہر دم تیار رہنے والیاں ہوں۔ آمین۔

والسلام خاکسارہ

نجمہ احمد

انچارج دفتر لجنہ سیکشن

پیغام صدر لجنہ آئر لینڈ

عزیزی ممبرات لجنہ اماء اللہ و ناصرات الاحمدیہ آئر لینڈ

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ

خدا تعالیٰ کے فضل سے لجنہ اماء اللہ آئر لینڈ کو اپنا پہلا علمی و ادبی اور دینی رسالہ شائع کرنے کی توفیق مل رہی ہے جس کا نام سیّدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز نے ازراہِ شفقت ''مریم'' منظور فرمایا ہے۔ اسکی اشاعت کا اصل مقصد ہماری بہنوں اور بچیوں کی اسلامی تعلیمات کے مطابق تعلیم و تربیت کرنا ہے نیز یہ بھی کہ لجنہ اماءاللہ کی تحریری اور تخلیقی صلاحیتوں کو اُبھارا جاے۔ خدا کرے یہ رسالہ ہماری بہنوں اور بچیوں کی ذہنی قابلیتوں کو اُبھارنے اور چمکانے میں مددگار ثابت ہوتا کہ آگے چل کے یہ بچیاں اُس قلمی جہاد میں بھی اہم کردار ادا کر سکیں جو سلطان القلم حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السّلام نے جاری فرمایا ہے۔ اِس زمانے میں تلوار کے جہاد کی نہیں بلکہ تعلیم و تربیّت اور تبلیغ کے جہاد کی ضرورت ہے۔

آجکل یورپ میں پردے کے خلاف جو مہم شروع ہو چکی ہے اسکا مقابلہ ہمیں قلم سے کرنا ہے چونکہ اسکا تعلق ہم لجنہ و ناصرات کے ساتھ ہے اسلیئے اسکے خلاف ہمیں ہی قلمی جہاد کرنا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالےٰ ہم میں وہ صلاحیتیں اور استعدادیں پیدا کرے کہ ہم اسطرح کے حملوں کا اپنی قلم کے ذریعے سر توڑ جواب دے سکیں۔ آمین۔

اس رسالہ کیلئے قارئین سے قلمی معاونت کی درخواست کرتے ہوے خدا کے حضور یہ دعا ہے کہ وہ اپنی تائید و نصرت فرماے اور خواتین کو دینی اور دنیاوی علوم میں ترقیات سے نوازے۔ قلمی جہاد میں حصّہ لینے کیلئے بیداری پیدا ہو اور ہمیں اگلے شماروں کیلئے دینی، علمی و ادبی علوم سے بھرپور اچھے اچھے مضامین پہنچنے شروع ہو جائیں تا کہ ہمارا یہ رسالہ دعوتِ الی اللہ کا ذریعہ بن جاے اور ترقیات کی منازل طے کرتا چلا جاے اور ایک دن صفِ اوّل کے جریدوں میں جگہ پالے۔ آمین

آخر میں آپ سب سے درخواست ہے کہ اس رسالہ کی مدیرہ مسز کرن خان صاحبہ کو اپنی دعاؤں میں خاص طور پر یاد رکھیں کیونکہ اس رسالہ کی اشاعت کا سب سے زیادہ کریڈٹ انہیں کو جاتا ہے وہ بہت زیادہ محنت کر رہی ہیں خدا تعالےٰ انہیں جزاے خیر دے۔ آمین

والسّلام

طیبہ مشہود۔ صدر لجنہ آئر لینڈ

قارئین مریم سے چند باتیں

قارئین کرام: خدا کرے آپ جہاں بھی ہوں بخیر و عافیت ہوں اور خدمت دین کے لئے کوشاں۔ 'مریم' کا پہلا شمارہ لئے آپ کی خدمت میں حاضر ہیں۔ اردو اور انگریزی، ہر دو زبانوں میں 'مریم' پیشِ خدمت ہے۔ تا اردو قارئین کے ساتھ ساتھ انگریزی جاننے والے قارئین بھی مضامین سے فائدہ اُٹھائیں۔ اور ماؤں کے ساتھ ساتھ بیٹیاں بھی اس رسالے سے مستفید ہوں۔

'مریم' رسالہ کو جاری کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ہماری تمام لجنہ اور ناصرات اس کے ذریعہ لجنہ اماء اللہ کی تحریکات اور ہدایات سے واقف ہوتی رہیں، اور یہ رسالہ ان کے گھروں میں علم کی روشنی بھی پھیلائے۔ خدا کرے ہماری یہ ادنیٰ سی کوشش آپ سب کو پسند آئے۔ اس کے معیار کو اعلیٰ سے اعلیٰ بنانے، اس کی بہتری اور ترقی کے لئے ہمیں اپنی قیمتی آراء سے ضرور نوازیں۔

اس میگزین کے نام کے حوالے سے ایک بات بتانا چاہوں گی۔ جب لجنہ اماء اللہ آئر لینڈ کے لئے ایک اپنا میگزین بنانے کی منظوری ہمیں پیارے آقا سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملی تو میں نے اس کے نام پر غور کیا اور خدا تعالیٰ سے اس کی رہنمائی مانگی۔ اس پر مجھے مسلسل ایک ہی نام ذہن میں آتا رہا،" مریم "۔ پھر اسکا اظہار جب میں نے مربی سلسلہ آئر لینڈ مکرم ابراہیم نونن صاحب کی بیگم صاحبہ سے کیا، تو انہوں نے بہت ہی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ ہماری پہلی مسجد جس کا انشاللہ جلد آئر لینڈ میں سنگِ بنیاد رکھا جانے والا ہے، اس کا نام پیارے حضور نے ازراہِ شفقت 'مریم' منظور فرمایا ہے۔ حقیقت میں یہ کوئی عام بات نہیں، محض خدا کا احسان اور خاص فضل ہے۔ کہ خدا تعالیٰ اس نام کے ذریعہ بہت سے نئے سامان ہماری جماعت کی ترقی کے لئے کر رہا ہے۔ خدا کرے ہم سب مل جل کر اس کام کو آگے بڑھانے والے ہوں اور خلیفہ وقت کی پیار بھری دُعاؤں سے فیض پانے والے ہوں۔ آمین

خاکسارہ تمام تعاون کرنے والی ممبرات کی مشکور و ممنون ہیں۔ خاص طور پر عزیزہ شمیفہ ظہیر، ناجیہ نصرت اور ندامتان کی، جنھوں نے خاکسارہ کی کافی مدد کی۔

جزاکم اللہ احسن الجزاء

مدیرہ 'مریم' اور تمام لجنہ اماءاللہ آئر لینڈ کو اپنی خصوصی دُعاؤں میں یاد رکھیئے۔

آپ کی آراء کا انتظار رہے گا۔ آپ کے تعاون اور دُعاؤں کی محتاج

مدیرہ ۔ راشدہ کرن خان

خدا کا صریح یہ منشاء ہے

کہ وہ بہت سے ایسے افراد اس جماعت میں پیدا کرے جو

صاحبزادہ مولوی عبداللطیف کی روح رکھتے ہوں

اور ان کی روحانیت کا ایک نیا پودہ ہوں

حضور علیہ السلام نے حضرت صاحبزادہ عبداللطیفؓ شہید کابل کی شہادت کے واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

''یاد رہے کہ اولیاء اللہ اور وہ خاص لوگ جو خدا تعالیٰ کی راہ میں شہید ہوتے ہیں وہ چند دنوں کے بعد پھر زندہ کئے جاتے ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَلَا تَحۡسَبَنَّ الَّذِیۡنَ قُتِلُوۡا فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ اَمۡوَاتًا بَلۡ اَحۡیَآءٌ یعنی تم ان کو مردے خیال مت کرو جو اللہ کی راہ میں قتل کئے جاتے ہیں وہ تو زندہ ہیں پس شہید مرحوم کا اسی مقام کی طرف اشارہ تھا اور میں نے ایک کشفی نظر میں دیکھا کہ ایک درخت سرو کی ایک لمبی شاخ .... جو نہایت خوبصورت اور سرسبز تھی ہمارے باغ سے کاٹی گئی ہے اور وہ ایک شخص کے ہاتھ میں ہے تو کسی نے کہا اس شاخ کو اس زمین میں جو میری مکان کے قریب ہے اس بیری کے پاس لگا دو جو اس سے پہلے کاٹی گئی تھی اور پھر دوبارہ اُگے گی اور ساتھ ہی مجھے یہ وحی ہوئی کہ کابل سے کاٹا گیا اور سیدھا ہماری طرف آیا اس کی میں نے یہ تعبیر کی کہ تخم کی طرح شہید مرحوم کا خون زمین پر پڑا ہے اور وہ بہت بارور ہو کر ہماری جماعت بڑھا دے گا..... شہید مرحوم نے مر کر میری جماعت کو ایک نمونہ دیا ہے اور درحقیقت میری جماعت ایک بڑے نمونہ کی محتاج تھی....... خدا تعالیٰ کا ہزار ہزار شکر ہے کہ ایسے بھی ہیں کہ وہ سچے دل سے ایمان لائے اور سچے دل سے اس طرف کو اختیار کیا۔ اور اس راہ کے لئے ہر ایک دکھ اٹھانے کے لئے تیار ہیں لیکن جس نمونہ کو اس جوان مرد نے ظاہر کر دیا۔ اب تک وہ قوتیں اس جماعت کی مخفی ہیں خدا سب کو وہ ایمان سکھا دے اور وہ استقامت بخشے جس کا اس شہید مرحوم نے نمونہ پیش کیا ہے۔''

(تذکرۃ الشہادتین روحانی خزائن جلد ۲۰ مطبوعہ لندن صفحہ ۵۷،۵۸)

اسی طرح فرمایا: ''اگرچہ میں خوب جانتا ہوں کہ جماعت کے بعض افراد ابھی تک اپنی روحانی کمزوری کی حالت میں ہیں۔ یہاں تک کہ بعض کو اپنے وعدوں پر بھی ثابت رہنا مشکل ہے۔ لیکن جب میں استقامت اور جانفشانی کو دیکھتا ہوں جو صاحبزادہ مولوی عبداللطیف مرحوم سے ظہور میں آئی تو مجھے اپنی جماعت کی نسبت بہت امید بڑھ جاتی ہے کیونکہ جس خدا نے بعض افراد اس جماعت کو یہ توفیق دی کہ نہ صرف مال بلکہ جان بھی اس راہ میں قربان کر گئے اس خدا کا صریح یہ منشاء معلوم ہوتا ہے کہ وہ بہت سے ایسے افراد اس جماعت میں پیدا کرے جو صاحبزادہ مولوی عبداللطیف کی روح رکھتے ہوں اور ان کی روحانیت کا ایک نیا پودہ ہوں۔ جیسا کہ میں نے کشفی حالت میں واقعہ شہادت مولوی صاحب موصوف کے قریب دیکھا کہ ہمارے باغ میں سے ایک بلند شاخ سرُو کی کاٹی گئی اور میں نے کہا اس شاخ کو زمین میں

دوبارہ نصب کر دو تا وہ بڑھے اور پھولے۔ سو میں نے اس کی یہی تعبیر کی کہ خدا تعالیٰ بہت سے ان کے قائم مقام پیدا کر دے گا۔ سو میں یقین رکھتا ہوں کہ کسی وقت میرے اس کشف کی تعبیر ظاہر ہو جائے گی۔''

(تذکرۃ الشہادتین روحانی خزائن جلد ۲۰ مطبوعہ لندن صفحہ ۷۵۔۷۶)

اسلام نے عورت کو ایک عظیم معلّمہ کے طور پر پیش کیا ہے

امیر المومنین سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا لجنہ اماء اللہ جرمنی سے روزمرہ زندگی کے زرّیں اصولوں اور نصائح سے بھرپور خطاب

(23/اگست 2003 بر موقع جلسہ سالانہ جرمنی جلسہ گاہ مستورات میں لجنہ اماء اللہ سے خطاب)

اسلام کی خوبصورت تعلیم پر مغرب میں جہاں اور بہت سے اعتراض کیے جاتے ہیں وہاں ایک یہ بھی ہے کہ عورت کو اس کا صحیح مقام نہیں دیا جاتا۔ یہ ایک انتہائی جھوٹا اور گھناؤنا الزام ہے جو عورت کے دل سے اسلام کی حسین تعلیم کو نکالنے کے لیے دجالی قوتوں نے لگایا ہے۔ حالانکہ مغرب جو آج عورت کی آزادی کا دعویدار ہے خود یہاں بھی ماضی میں چند دہائیاں پہلے تک عورت کو بہت سے حقوق سے محروم کیا جاتا تھا۔ تفصیلات میں اگر جاؤں تو سارا وقت انہی تفصیلات پر ختم ہو سکتا ہے کہ عورت پر یورپ میں، مغرب میں کیا کیا پابندیاں لگائی جاتی تھیں۔ مختصراً مثال دیتا ہوں کہ عورتوں سے مردں کی نسبت زیادہ کام

اسلام کی خوبصورت تعلیم پر مغرب میں جہاں اور بہت سے اعتراض کیے جاتے ہیں وہاں ایک یہ بھی ہے کہ عورت کو اس کا صحیح مقام نہیں دیا جاتا۔ یہ ایک انتہائی جھوٹا اور گھناؤنا الزام ہے جو عورت کے دل سے اسلام کی حسین تعلیم کو نکالنے کے لیے دجالی قوتوں نے لگایا ہے۔ حالانکہ مغرب جو آج عورت کی آزادی کا دعویدار ہے خود یہاں بھی ماضی میں چند دہائیاں پہلے تک عورت کو بہت سے حقوق سے محروم کیا جاتا تھا۔ تفصیلات میں اگر جاؤں تو سارا وقت انہی تفصیلات پر ختم ہو سکتا ہے کہ عورت پر یورپ میں، مغرب میں کیا کیا پابندیاں لگائی جاتی تھیں۔
مختصراً مثال دیتا ہوں کہ عورتوں سے مردوں کی نسبت زیادہ کام لیا جاتا تھا۔ عورتوں کو مردوں کی جائداد سمجھا جاتا تھا۔ عورت کو گواہی کا حق حاصل نہیں تھا۔ اور 1891 تک، تقریباً سو سال پہلے تک، بہت سے مغربی ممالک میں عورت کو مرد کی طرف سے وراثت میں جائداد ملنے کا جو حق ہے اس سے محروم رکھا گیا تھا۔ ووٹ کا بھی حق نہیں تھا۔ بعض ملکوں میں طلاق کی صورت میں عورت بچوں کے حق سے بھی محروم کر دی جاتی تھی، بیسویں صدی میں بھی بہت سے ایسے حقوق تھے جن سے عورتیں صرف اس لیے محروم تھیں کہ وہ عورت ہے۔ تو ان لوگوں کو کیا حق پہنچتا ہے کہ اسلام پر اعتراض کریں کہ اسلام میں عورت کے حقوق نہیں ہیں۔ پس کوئی عورت کوئی بچی مغرب کے اس دجل سے متاثر نہ ہو۔

اب یہ لوگ کہتے ہیں کہ ٹھیک ہے اگر پہلے اگر مغرب میں عورت کے حقوق نہیں تھے تو اب ہم نے قائم کر دیئے ہیں۔ تو یہ غلط کہتے ہیں۔ یہ اب انہوں نے قائم نہیں کیے بلکہ یہ عورت نے خود لڑ بھڑ کر ایک ردِعمل کے طور پر لیے ہیں اگر آپ ان لوگوں کے گھروں میں جھانک کر دیکھیں تو ان حقوق کے حصول کے بعد مرد جو ظاہراً یہی کہتے ہیں کہ ٹھیک ہے آزادی ہونی چاہیے، عورت کو بھی آزادی ملنی چاہیے، حقوق ٹھیک ہیں، لیکن اس پر مرد عموماً خوش نہیں ہیں۔ کیونکہ یہ تمام ایک ردعمل کے طور پر ہے اور اس طرح جو حقوق لیے جاتے ہیں وہ یقیناً غیر فطری ہوں گے اور جو چیز فطرت سے ٹکراؤ کے بعد ملے وہ کبھی سکون کا باعث نہیں بنتی۔

آپ مشاہدہ کر لیں مغرب کی زندگی اس نام نہاد آزادی اور غیر فطری حقوق کے بعد بے سکونی اور بے چینی کی زندگی ہے اور جو کوئی بھی اس غیر فطری طرز عمل کو اختیار کرے گا وہ بے سکون ہی ہوگا۔ اس لیے انکی اس چکا چوند سے اتنی متاثر نہ ہوں کہ یہ بہت آزادی کے علمبردار ہیں اور پتہ نہیں ان کی کتنی خوبیاں ہیں۔

اب اس کے مقابل پر دیکھیں کہ فطرت کے عین مطابق چودہ سو سال پہلے اسلام عورت کو کس طرح حقوق دے رہا ہے۔ اس کے مقام کا کس طرح تعین کر رہا ہے۔ اور پھر کس طرح نشان دہی کر رہا ہے۔ یہ آیت جو میں نے تلاوت کی ہے یہ نکاح کے وقت تلاوت کی جاتی ہے۔ اس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے!

اے لوگو مردو اور عورتو! اللہ تعالیٰ کا تقوی اختیار کرو۔ اس سے ڈرو اور اس کے احکامات کی تعمیل کرو۔ اللہ تعالیٰ کے حقوق بھی ادا کرو اور بندوں کے حقوق بھی اختیار کرو۔ حقوق اللہ ادا کرنے سے تمہارے دل میں اس کی خشیت قائم رہے گی، تمہارا ذہن اِدھر اُدھر نہیں بھٹکے گا، تم دین پر قائم رہو گی، شیطان تم پر غالب نہیں آ سکے گا، حقوق العباد ادا کرو گے۔ تم دونوں مردوں اور عورتوں کے لیے یہ حکم ہے۔

سب سے پہلے تو یہ ہے کہ عورت اور مرد ایک دوسرے کی ذمہ داریاں ادا کریں۔ ایک دوسرے کے حقوق کا خیال کریں۔ ایک دوسرے کے حقوق کا پاس کریں۔ اپنے گھروں کو پیار محبت کا گہوارہ بنائیں اور اولاد کے حق ادا کریں۔ ان کو وقت دیں ان کی تعلیم و تربیت کی طرف توجہ کریں۔ بہت ساری چھوٹی چھوٹی باتیں ہوتی ہیں جو ماں باپ دونوں کو سکھانی پڑتی ہیں، بجائے اس کے بچہ باہر سے سیکھ کر آئے۔ ایک دوسرے کے ماں باپ، بہن بھائی سے پیار کا

تعلق رکھیں ان کے حقوق ادا کریں اور یہ صرف عورت ہی کی ذمہ داری نہیں ہے بلکہ مردوں کی بھی ذمہ داری ہے اوراس طرح جو معاشرہ قائم ہوگا وہ پیار محبت اور رواداری کا معاشرہ قائم ہوگا۔اس میں لڑ بھڑ کر حقوق لینے کا سوال ہی نہیں ہے۔تو اس میں ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے کی طرف توجہ ہوگی۔ ہر عورت ہر مرد ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے کے لیے قربانی کر رہا ہوگا۔تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یہ میری تعلیم ہے۔ یہ ایک دوسرے کے حقوق ہیں۔ یہ عورت اور مرد کی ذمہ داریاں ہیں۔ یہی ہیں جو فطرت کے عین مطابق ہیں۔ میں نے تمہیں چھوڑا نہیں بلکہ میں تم پر نگران بھی ہوں۔ میں دیکھ رہا ہوں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں دیکھ رہا ہوں کہ کس حد تک تم اس پر عمل کرتے ہو۔اگر صحیح رنگ میں عمل کرو گے تو میرے فضلوں کے وارث بنو گے۔تمہیں قطعاً مغربی معاشرے سے متاثر ہونے کی، ان کی نقل کرنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔

بلکہ وہ تمہارے سے متاثر ہوں گے اور کچھ سیکھیں گے، اسلام کی خوبیاں اپنائیں گے۔اور پھر یہ کہ حقوق ادا کرنے کے طریق کیا ہوں گے، کس طرح اپنی ذمہ داریاں ادا کرنی ہوں گی۔؟ دوسری جگہ اللہ تعالیٰ اس بارے میں فرماتا ہے

﴿من عمل صلحامن ذکراوانثی وھومومن فلنحیینہ حیوۃ طیبۃج ولنجزینھم اجرھم باحسن ماکانوا یعملون﴾ (النحل ۹۸)

جو کوئی مومن ہونے کی حالت میں مناسب حال عمل کرے، مرد ہو یا عورت، ہم ان کو یقیناً ایک پاکیزہ زندگی عطا کریں گے اور ہم ان تمام لوگوں کو ان کے بہترین عمل کے مطابق ان کے تمام اعمال صالحہ کا بدلہ دیں گے۔تو اس آیت سے مزید وضاحت ہوگی۔اللہ تعالیٰ نے اپنی تعلیم پر عمل کرنے والوں کو بلا تخصیص اس کے کہ وہ مرد ہیں یا عورت، یہ خوشخبری دی ہے کہ اگر تم نیک اعمال بجا لا رہے ہو، میرے حکموں کے مطابق چل رہے ہو، تمہارے اعمال ایسے ہیں جو ایک مومن کے ہونے چاہئیں تو خوش ہو کہ اللہ تعالیٰ تمہیں پاکیزہ زندگی عطا فرمائے گا، تمہاری زندگیاں خوشیوں سے بھر دے گا۔

ظاہر ہے جب تم نیک اور صالح اعمال بجا لا رہے ہو گے تو تمہاری اولادیں بھی نیکی کی طرف قدم مارنے والی ہوں گی، اور تمہارے لیے خوشی کا باعث بنیں گی، تمہارے لیے آنکھوں کی ٹھنڈک ہوں گی۔ پس ہمارا خدا ایسا نہیں جو ہر وقت اپنی مٹھی بند رکھے۔ دینے میں بخل سے کام نہیں لیتا، بڑا دیالو ہے لیکن تمہارے بھی کوئی فرائض ہیں کچھ ذمہ داریاں ہیں، ان کو ادا کرو تو اللہ تعالیٰ کے فضلوں کی بے انتہا بارشیں تم پر ہوں گی۔

اسلام نے عورت کو کیا مقام دیا ہے؟

اسلام نے عورت کو کیا مقام دیا ہے ؟ اس سے کیا توقعات وابستہ رکھی ہیں؟ اس سلسلے میں ایک اقتباس حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کا پیش کرتا ہوں۔ کہتے ہیں ۔''اسلام نے عورت کو ایک عظیم معلّمہ کے طور پر پیش کیا ہے۔صرف گھر کی معلّمہ کے طور پر نہیں بلکہ باہر کی معلّمہ کے طور پر بھی''۔

ایک حدیث میں حضرت اقدس محمدﷺ کے متعلق یہ آتا ہے کہ آپ نے فرمایا کہ ''آدھا دین عائشہؓ سے سیکھو''۔اور جہاں تک عائشہ صدیقہؓ کی روایات کا تعلق ہے وہ تقریباً آدھے دین پر حاوی ہیں۔

بعض اوقات آپ نے علومِ دین کے تعلق میں اجتماعات کو خطاب فرمایا اور صحابہؓ بکثرت آپ کے پاس دین سیکھنے کے لیے آپؐ کے دروازے پر حاضری دیا کرتے تھے۔ پردہ کی پابندی کے ساتھ آپؐ تمام سائلین کے تشفی بخش جواب دیا کرتی تھیں''۔ (خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ بر موقعہ جلسہ سالانہ انگلستان ۲۶ر جولائی ۱۹۸۶ء)

تو یہ ہے عورت کے مقام کا وہ حسین تصور جو اسلام نے پیش کیا ہے جس سے ایک سلجھی ہوئی قابلِ احترام شخصیت کا تصور ابھرتا ہے۔وہ جب بیوی ہے تو اپنے خاوند کے گھر کی حفاظت کرنے والی ہے، جہاں خاوند جب گھر واپس آئے تو دونوں اپنے بچوں کے ساتھ ایک چھوٹی سی جنت کا لطف اٹھا رہے ہوں۔

ب ماں ہے تو ایک ایسی ہستی ہے کہ جس کی آغوش میں بچہ اپنے آپ کو محفوظ ترین سمجھ رہا ہے۔جب بچے کی تربیت کر رہی ہے تو بچے کے ذہن میں ایک ایسی فرشتہ صفت ہستی کا تصور ابھر رہا ہے جو کبھی غلطی نہیں کر سکتی، جس کے پاؤں کے نیچے جنت ہے۔اس لیے جو بات کہہ رہی ہے وہ یقیناً سچ ہے۔اور پھر بچے کے ذہن میں یہی تصور ابھرتا ہے کہ میں نے اسکی تعمیل کرنی ہے۔اسی طرح جب وہ بہو ہے تو بیٹیوں سے زیادہ ساس سسر کی خدمت گزار اور جب ساس ہے تو بیٹیوں سے زیادہ بہوؤں سے محبت کرنے والی ہے۔

اس طرح مختلف رشتوں کو گنتے چلے جائیں اور ایک حسین تصور پیدا کرتے چلے جائیں جو اسلام کی تعلیم کے بعد عورت اختیار کرتی ہے۔تو پھر ایسی عورتوں کی باتیں بھی اثر کرتی ہیں اور ماحول میں ان کی چمک بھی نظر آ رہی ہوتی ہے حدیث میں آتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک نگران ہے اور تم میں سے ہر ایک، کی جواب دہی ہوگی۔ امام نگران ہے اس کی جواب دہی ہوگی ۔ آدمی اپنے گھر والوں پر نگران ہے اور اس سے جواب طلبی ہوگی۔ اور عورت اپنے خاوند کے گھر کی نگران ہے اور اس سے اس بارے میں بھی جواب طلبی ہوگی۔ اور غلام اپنے آقا کے مال کا نگران ہے اور اس سے بھی جواب دہی ہوگی۔ سنو! تم میں سے ہر ایک نگران ہے اور تم میں سے ہر ایک سے اس کی نگرانی کے متعلق جواب طلب کیا جائے گا۔

(صحیح بخاری کتاب الجمعۃ۔صحیح مسلم کتاب الا مارۃ)

(بحوالہ الفضل انٹرنیشنل 18 نومبر 2005)

”خدا تعالیٰ کی رضا کیلئے ایک دوسرے کی اطاعت کی جائے“

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی مصلح موعود رضی اللہ عنہ میاں بیوی کے حقوق وفرائض کی طرف توجہ دلاتے ہوئے ایک دوسرے کو اطاعت کرنے کی نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

”نکاح بھی ایک اطاعت ہوتی ہے...... میاں بیوی کی اطاعت کرے اور بیوی میاں کی اطاعت کرے کہ یہ خُدا کا حکم ہے تو ہمیشہ اچھا نتیجہ ہوتا ہے۔ بیسیوں باتیں ہیں جن میں خاوند کی اطاعت کرنی پڑتی ہے کوئی خاوند نہیں جو بیوی کی نہ مانے اور کوئی بیوی نہیں جسے کئی باتیں اپنے خاوند کی نہ ماننی پڑیں۔ یہ علیحدہ بات ہے کئی زور سے منواتے ہیں۔ اور کئی محبت سے مگر چاہے وہ غلط طریق سے منوائیں یا صحیح طریق سے انہیں ایک دوسرے کی اطاعت کرنی پڑتی ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ خدا تعالیٰ کی رضا کے لئے ایک دوسرے کی اطاعت کی جائے۔ اور ایک دوسرے کو محض خُدا کے لئے خوش رکھنے کی کوشش کی جائے تو نتیجہ اچھا پیدا ہوگا۔ ہو نہیں سکتا کہ ایک شخص خدا کی رضا کے لئے کام کرے اس کے احکام پر عمل کرے اور پھر اُسے ایسا دُکھ پہنچے جو اُسے تباہ کر دے۔“ (خطبات محمود جلد سوئم صفحہ ۲۸۱)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ نے اپنے دورہ فرینکفرٹ جرمنی کے دوران ایک پریس کانفرنس میں ایک صحافی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے قرآن مجید اپنے ہاتھ میں اُٹھاتے ہوئے فرمایا۔

”اس کتاب میں یہی لکھا ہے کہ عورتیں وہی حقوق رکھتی ہیں جو مردوں کے حقوق ہیں۔ انسان ہونے اور انسانی حقوق رکھنے میں قرآن نے مردوں اور عورتوں میں کوئی امتیاز نہیں کیا بلکہ انہیں اس لحاظ سے مساوی درجہ دیا ہے......حقیقت یہ ہے کہ اسلام نے انسان ہونے کی حیثیت میں مردوں اور عورتوں کو مساوی درجہ دے کر ان کے مساوی حقوق مقرر کئے ہیں بلکہ انہیں بعض لحاظ سے مَردوں کے مقابلہ میں زیادہ حقوق دیئے ہیں ۔ اس کی مثال دیتے ہوئے حضور نے فرمایا۔ گھر کے جملہ اخراجات کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے مرد پر ڈالی ہے۔ یعنی یہ اس کی ذمہ داری قرار دی ہے کہ وہ مال کمائے اور اس سے بیوی بچوں کی جملہ ضروریات پوری کرے۔

عورت کو اللہ تعالیٰ نے اس ذمہ داری سے کلی طور پر آزاد رکھا ہے۔ حتیٰ کہ اگر عورت کے پاس اپنا ذاتی کچھ مال ہے یا وہ اپنی ذاتی حیثیت میں کوئی مال حاصل کرے تو مَرد کو یہ حق نہیں دیا گیا کہ وہ گھر کے اخراجات کو پورا کرنے کیلئے بیوی کے مال میں سے کچھ لے۔ عورت کو یہ آزادی دی گئی ہے کہ اگر وہ چاہے تو اپنے مال کا کوئی حصہ بھی گھریلو اخراجات کے لئے خاوند کے حوالے نہ کرے کیونکہ گھریلو اخراجات کو پورا کرنا کلیۃً مرد کی ذمہ داری ہے۔ ہاں عورت اپنی خوشی سے اپنے مال کا کوئی حصہ خاوند کو بطور تحفہ دینا چاہے تو وہ ایسا کر سکتی ہے مَرد اُسے مجبور نہیں کر سکتا۔“

(دورہ مغرب ۱۴۰۰ھ بمطابق ۱۹۸۰ء صفحہ ۵۱۔۵۲)

بیوی اپنے اخراجات کو خاوند کی آمدنی تک محدود رکھے۔

شادی بیاہ سے متعلق مشکلات کا حل بیان کرتے ہوئے حضورؒ نے فرمایا۔

” اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَی النِّسَآءِ کی رو سے گھر کے تمام تر اخراجات کو پورا کرنے کا مرد ذمہ دار ہے۔ عام حالات میں ضروری نہیں کہ عورتیں باہر جا کر کام کریں اور گھر کے اخراجات کے لئے روپیہ کمائیں۔ آمد پیدا کرنا مرد کی ذمہ داری ہے لیکن عورتوں کا بھی یہ فرض ہے کہ آمدن کے مطابق گھر کے اخراجات کو کنٹرول کریں۔ خرابی اس وقت ہی پیدا ہوتی ہے جب عورتیں اپنے خاوندوں کی آمدنی سے بڑھ کر اخراجات کرتی ہیں۔ اسلام نے عورتوں کی یہ ذمہ داری قرار نہیں دی کہ وہ اپنی کمائی ہوئی یا ورثہ میں ملی ہوئی دولت سے اپنے خاوندوں کے اخراجات پورے کریں ۔ یہ ذمہ داری مَردوں کی ہے کہ وہ اپنے اور بیوی بچوں کے اخراجات اپنی آمدن سے پُورا کریں۔ البتہ عورتوں کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنی اور گھر کی ضرورتوں کو خاوندوں کی آمدن کے اندر محدود رکھیں۔“

(دورہ مغرب ۱۴۰۰ھ بمطابق ۱۹۸۰ء صفحہ ۸۴)

میری نظر میں گھر ہے وہ...

(کلام مکرمہ صاحبزادی امۃ القدوس صاحبہ)

کچھ آج بزمِ دوستاں میں ایک گھر کی بات ہو
چمن کے رنگ و بو ، حسین بام دَر کی بات ہو
خلوصِ دل کی بات ، خُوبیِ نظر کی بات ہو

وہ قصر ہو ، محل ہو یا بڑا سا اک مکان ہو ہے بات سب کی ایک ہی
یہ سب تو خشتِ مرمریں کا بس حسین ڈھیر ہیں ہاں گھر کی بات اور ہے
گو چھوٹا سا مکان ہو وہ میرا سائبان ہو

پہ موسموں کے گرم وسرد سے مجھے بچا سکے
میری نظر میں گھر ہے وہ میرے عزیز دوستو

جہاں محبتیں بھی ہوں ، جہاں رفاقتیں بھی ہوں جہاں خلوص دل بھی ہوں ، جہاں صداقتیں بھی ہوں
جہاں ہو احترام بھی ، جہاں عقیدتیں بھی ہوں جہاں ہو کچھ لحاظ بھی ، جہاں مروّتیں بھی ہوں
جہاں نوازشیں بھی ہوں ، جہاں عنائتیں بھی ہوں جہاں ہو ذکرِ یار بھی ، جہاں عبادتیں بھی ہوں

کسی حسین، دلنواز کی حکائتیں بھی ہوں
جہاں نہ ہوں کدورتیں جہاں نہ ہوں عداوتیں
دل و نگاہ و فکر کی جہاں نہ ہوں کثافتیں

یہ ایسی اک جگہ ہے کہ جسے مَیں اپنا کہہ سکوں جہاں میں سکھ سے جی سکوں جہاں سکوں سے رَہ سکوں
جہاں کے رہنے والے ایک دوسرے پہ جان دیں بھَرم محبتوں کا اور عزّتوں کا مان دیں
وہ جن کے سینے چاہت و خلوص کا جہان ہوں جبیں پہ جن کی ثبت پیار کے حسیں نشاں ہوں
جہاں نہ بدلحاظ ہو کوئی نہ بد زبان ہو جہاں نہ بد سرشت ہو کوئی نہ بدگمان ہو
جہاں بڑوں کی شفقتوں کا میرے سر پہ ہاتھ ہو تو دوستوں کی چاہتوں کا بھی حسین ساتھ ہو

نہ جس جگہ دکھائی دیں اَنا کی کج ادائیاں
گو خامیاں ہزار ہوں پہ ہوں نہ جگ ہنسائیاں

جہاں بسر ہو زندگی محبتوں کی چھاؤں میں
ہو باس پیار کی جہاں رچی ہوئی فضاؤں میں

دمک رہے ہوں بام و دَر بھی روشنی سے پیار کی
ہو جس چمن کی ہر کلی پیامبر بہار کی
ہوں جسم گو تھکے ہُوئے پہ رُوح نہ ملول ہو
کسی کے دل میں کھوٹ نہ کسی کے من پہ دھول ہو
مِری یہ آرزو ہے جو بھی میرے گھر کا فرد ہو
نہ اس کا لہجہ گرم ہو نہ اس کا سینہ سرد ہو

میرے عزیز دوستو ! یہ گھر تو وہ مقام ہے
جہاں سکون مل سکے جہاں قرار تو ملے
جہاں محبتیں ملیں جہاں سے پیار تو ملے
جہاں تحفظ و خلوص و اختیار تو ملے
جہاں دلوں کو چین ذہن کو نکھار تو ملے
جہاں سے احترامِ ذات کا وقار تو ملے
کسی کی ذاتِ معتبر کا اعتبار تو ملے

یہ افتخار تو ملے یہ گھر عجیب چیز ہے
کہ جو مجھے عزیز ہے مجھے بہت عزیز ہے

یہی تو وہ مقام ہے مجھے بہت عزیز ہے

از ''ہے دراز دستِ دعا مرا''

سر چشمۂ ہدایت

میں سب سے پہلے تو اپنے پیارے خدا کے حضور سجدہ شکر بجا لاتی ہوں کہ لجنہ آئرلینڈ کے شعبہ اشاعت کو محض خدا کے فضل سے پہلا میگزین شائع کرنے کی توفیق مل رہی ہے اور اپنی اس سعادت پر بہت مسرور ہوں کہ الحمدللہ 'مریم' میگزین کے پہلے تاریخی شمارے میں کچھ تحریر کرنے کا موقع میسّر آ رہا ہے اس موقع پر جب موضوع کے انتخاب کے لئے میرے ذہن نے تلاش شروع کی تو اللہ کی طرف سے تلاوت قرآنِ کریم، اس کے معانی پر تدبر اور پھر اس کی عظیم الشان تعلیمات کو حقیقی رنگ میں اپنی زندگیوں میں رائج کرنے کی طرف توجہ پیدا ہوئی۔

قرآن کریم خدا تعالیٰ کا پاک کلام ہے اس کے نزول کا مقصد اور مدّ عا یہ ہے کہ بنی آدم کو اس صراط مستقیم پر قائم کیا جائے۔ جس پر چل کر بنی نوع انسان اس مقصد کو حاصل کر سکتے ہیں جس مقصد کے حصول کے لئے اللہ تعالیٰ نے ان کو پیدا فرمایا ہے قرآن کریم سے قبل نازل ہونیوالی جملہ الٰہی کتابیں بھی اسی مقصد کے لئے نازل کی گئیں تھیں لیکن وہ کتب ایک خاص قوم یا صرف ایک خاص زمانہ کے لئے ہوتی تھیں جبکہ قرآن کریم کے نازل کرنے سے خدا تعالیٰ کا مدّ عا اور منشاء یہ ہے کہ وہ تمام بنی نوع انسان کی ہدایت و راہنمائی کرے اور انکو ہلاکت سے بچائے جیسا کہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ:

خُذُوا مَآ اٰتَیۡنٰکُمۡ بِقُوَّۃٍ وَّاذۡکُرُوۡا مَا فِیۡہِ لَعَلَّکُمۡ تَتَّقُوۡنَ۔

ترجمہ: ''اسے مضبوطی سے پکڑ لو جو ہم نے تمہیں دیا ہے اور اسے یاد رکھو جو اس میں ہے تاکہ تم ہلاکت سے بچ سکو۔'' (سورۃ البقرہ آیت ۶۴)

اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ اگر ہم اپنے تئیں ہلاکت سے بچانا چاہتے ہیں تو اس کی صرف ایک ہی راہ ہے کہ ہم قرآن کریم کے تمام تر احکامات پر مضبوطی سے کاربند ہو جائیں۔ اپنی زندگیوں کو صحیح نہج پر چلانے کے لیے اور مکمل ذہنی سکون حاصل کرنے کی صرف یہی ایک راہ ہے۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی پاک اور مطہر زندگی قرآن ہی کی عملی تفسیر تھی آنحضور ﷺ قرآن کریم اور سنّت نبوی کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

''میں تم میں دو چیزیں ایسی چھوڑے جاتا ہوں کہ جب تک تم ان پر عمل پیرا ہوگے کبھی ناکام و نامراد نہ ہوگے اور وہ اللہ کی کتاب اور اسکے رسول کی سنت ہے۔''

ہماری نسلوں کی بقا اسی پر عمل کرنے میں مضمر ہے اس دنیاوی زندگی میں رہتے ہوئے بعض اوقات ہم انسانی پیدائش کی غرض کلیتاً بھول جاتے ہیں، اور دنیا کی چکا چوند میں گم ہو کر مادہ پرستی کی طرف چلے جاتے ہیں اور اس مادیت کے جال میں اسقدر پھنس جاتے ہیں کہ اپنی زندگیوں کو عملاً جہنم بنا لیتے ہیں اور کئی طرح کی رسوم کے طوق اپنے گلے میں ڈال لیتے ہیں۔ جبکہ انسانی پیدائش کی اصل غرض تو رحمان خدا کی عبادت ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَمَا خَلَقۡتُ الۡجِنَّ وَالۡاِنۡسَ اِلَّا لِیَعۡبُدُوۡنِ۔

ترجمہ: ''اور میں نے نہیں پیدا کیا جن و انس کو مگر اس لیے کہ وہ میری عبادت کریں'' (سورۃ الذّاریات آیت ۵۷)

حضرت مصلح موعودؓ نے کیا خوب فرمایا ہے کہ:

''قرآن مصیبتوں سے نکالتا ہے، بلاؤں کو سر سے ٹالتا ہے
گلے کا تعویذ اسے بناؤ، ہمیں یہی حکم مصطفیٰؐ کا ہے''

اس موضوع پر تحقیق کرتے ہوئے جب میں نے حضرت مسیح موعودؑ کا یہ اقتباس پڑھا تو اس کی مزید اہمیت محسوس ہوئی، اس کو غور سے پڑھیئے اور اس کی جامعیت کو محسوس کیجئے جو کہ خالصتاً احکام خداوندی سے حقیقی عشق اور اسکی ہماری زندگیوں میں حقیقی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لئے لکھا گیا ہے۔ حضورؑ فرماتے ہیں:۔

''سو تم ہوشیار رہو اور خدا کی تعلیم اور قرآن کی ہدایت کے برخلاف ایک قدم بھی نہ اٹھاؤ میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ جو شخص قرآن کے سات سو حکم میں سے ایک چھوٹے سے حکم کو بھی ٹالتا ہے وہ نجات کا دروازہ اپنے ہاتھ سے اپنے پر بند کرتا ہے۔ حقیقی اور کامل نجات کی راہیں قرآن نے کھولیں اور باقی سب اس کے ظِل تھے سو تم قرآن کو تدبّر سے پڑھو اور اس سے بہت ہی پیار کرو اور ایسا پیار کہ تم نے کسی سے نہ کیا ہو۔ کیونکہ جیسا کہ خدا نے مخاطب مجھے کر کے فرمایا:

الخیر کلہ فی القرآن

''کہ تمام قسم کی بھلائیاں قرآن میں ہی ہیں''

یہی بات سچ ہے، افسوس ان لوگوں پر جو کسی اور چیز کو اس پر مقدم رکھتے ہیں۔ تمہاری تمام فلاح کا سرچشمہ قرآن میں ہے۔ کوئی بھی تمہاری ایسی دینی ضرورت نہیں جو قرآن میں نہیں پائی جاتی۔ تمہارے ایمان کا مصدّق یا مکذّب قیامت کے دن قرآن ہے اور بجز قرآن کے آسمان کے نیچے اور کوئی کتاب نہیں جو

بلاواسطہ قرآن تمہیں ہدایت دے سکے خدا نے تم پر احسان کیا ہے جو قرآن جیسی کتاب تمہیں عنایت کی۔ میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ وہ کتاب جو تم پر پڑھی گئی اگر عیسائیوں پر پڑھی جاتی تو وہ ہلاک نہ ہوتے اور یہ نعمت اور ہدایت جو تمہیں دی گئی اگر بجائے توریت کے یہودیوں کو دی جاتی تو بعض فرقے ان کے قیامت سے منکر نہ ہوتے۔ پس اس نعمت کی قدر کرو جو تمہیں دی گئی۔ یہ نہایت پیاری نعمت ہے یہ بڑی دولت ہے اگر قرآن نہ آتا تو تمام دنیا ایک گندے مُضغہ کی طرح تھی۔ قرآن ایک ہفتہ میں انسان کو پاک کرسکتا ہے اگر صوری یا معنوی اعراض نہ ہوں۔ قرآن تم کو نبیوں کی طرح کرسکتا ہے اگر تم خود اس سے نہ بھاگو۔'' (کشتی نوح از روحانی خزائن جلد ۱۹ صفحہ ۲۶،۲۷)

حضرت مصلح الموعودؓ خلیفۃ المسیح الثانی نور اللہ مرقدہ، اپنے بیٹے حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب کو قرآن پڑھنے سے متعلق جو نصائح کیں ہیں، ان میں حضورؓ فرماتے ہیں: ''قرآن کریم میں نے تم کو حفظ کرا دیا۔ اس کا یاد رکھنا تمہارا کام ہے۔ اس کی روزانہ تلاوت کا نہ بھولنا۔ علم و عمل کے لئے وہی سب کچھ ہے اور اس کے سوا جو کچھ ہے لغو ہے۔ فضول ہے۔ بلکہ زہر ہے۔ ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ انسان آنکھیں کھول کر اس کو پڑھے اور دل کی کھڑکیوں کو کھولے رکھے۔'' (حیاتِ ناصر صفحہ ۸۵)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ فرماتے ہیں۔ ''تلاوت قرآن کریم بہت بڑی نیکی ہے کیونکہ تمام نیکیاں قرآن کریم کے منبع ہی سے پھوٹتی ہیں'' (الفضل 17 اگست 1966)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ، والدین کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ ''ہر گھر میں روزانہ تلاوت قرآن کریم ہو۔ کوئی بچہ نہ ہو جسے تلاوت کی عادت نہ ہو۔ اس کو کہیں۔ تم ناشتہ چھوڑ دیا کرو مگر سکول جانے سے پہلے تلاوت ضرور کرنی ہے۔'' (از خطبہ جمعہ فرمودہ ۴ جولائی 1997)

تو دیکھیں کس قدر جامع الفاظ ہیں۔ بس ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنا جائزہ لیں کہ آیا ہماری زندگیاں اس نورانی تعلیم کے مطابق گزر رہی ہیں کہ نہیں۔ کوشش کریں کہ ایک بھی حکم ایسا نہ ہو کہ ہم اس پر اپنی استعداد کے مطابق عمل کرنے کی کوشش نہ کریں۔ ہمارا مقصد ہی یہ ہے کہ قرآن کریم کے باترجمہ پڑھنے کے رجحان کو بڑھائیں اس پر تدبّر کو اپنا شعار بنائیں۔ اس وقت حضرت مسیح موعودؑ کا ایک شعر میرے لبوں پر جاری ہو رہا ہے کہ

اک کرم کر پھیر دے لوگوں کو فرقاں کی طرف
نیز دے توفیق تا وہ کچھ کریں سوچ و بچار

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کا عشقِ قرآن بہت مشہور ہے آپ حقائق الفرقان جلد ۱ صفحہ ۳۴ میں فرماتے ہیں۔

''میں سچ کہتا ہوں کہ قرآن شریف جس قدر پڑھو اور جتنا بھی غور کرو اسی قدر لطف اور راحت بڑھتی جاوے گی طبیعت اکتانے کی بجائے چاہے گی اور وقت اس پر صرف کرو۔ عمل کرنے کے لئے جوش پیدا ہوتا ہے اور دل میں ایمان، یقین اور عرفان کی لہریں اٹھتی ہیں'' پھر ایک اور جگہ فرماتے ہیں کہ ''غلطی پر ہیں وہ لوگ جو کہتے ہیں قرآن پر عمل نہیں ہوسکتا لوگ قرآن سے بڑھ کر... اپنی رسوم پر عمل کرتے ہیں۔'' (حقائق الفرقان جلد ۲ ص ۲۰۴)

قرآن کریم ہمیں بتاتا ہے کہ نیکی اور تقویٰ کی باریک راہوں کی طرف کس طرح قدم مارنا ہے۔ جب ہم سب مل کر نیکیوں کی یا تقویٰ سے زندگی بسر کرنے کی باتیں کرتے ہیں تو اس کا مقصد موجود نیکیوں کو مزید بڑھانا ہوتا ہے۔ اللہ کے فضل سے تمام احمدی گھرانے نیکیوں پر قدم رکھنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں اور بہت سے لوگوں سے ہمارا معاشرہ بہتر ہے۔ لیکن جب ہم احمدی ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں تو تب ہم پر بہت زیادہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے پھر ہم صرف اپنی اصلاح کے دائرے میں نہیں رہ جاتے بلکہ ہم اس ذمہ داری کے نیچے بھی آتے ہیں کہ ہمارے کسی بھی غلط عمل سے کوئی دوسرا غیر از جماعت ہم پر انگلی اٹھانے کا باعث نہ بنے کیونکہ اس طرح ہم جماعت کا تاثر خراب کر کے ٹھوکر کا موجب بن رہی ہوں گی۔ اب نئے لوگ جماعت میں آ رہے ہیں وہ اپنا سب کچھ چھوڑ کر ایک نئی زندگی کا آغاز کر رہے ہیں۔ ان کے لئے، ہمارے اعلیٰ اخلاق جہاں اُنکے ایمان مضبوط کرنے کا باعث ہوتے ہیں، وہاں ہماری طرف سے سرزد ہونے والے غلط اعمال اُن کے ایمان میں کمزوری اور دین سے دور لے جانیکا باعث بھی ہوسکتے ہیں۔

احمدیت کسی نئے مذہب کا نام نہیں بلکہ یہ حقیقی اسلامی تعلیمات اپنانے کا نام ہے۔ اس لئے جب ہم اپنے آپ کو احمدی کہتے ہیں، تو اس کا مطلب اپنے اندر انقلابی تبدیلیاں پیدا کرنا ہے۔ حضرت مسیح موعودؑ نے یہ جماعت اللہ سے خبر پا کر یونہی نہیں بنائی، بلکہ اس کے قیام کے بہت اعلیٰ مقاصد ہیں اور اس کی تائید خالصتاً اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوئی ہے۔ اس پر ہم سب کا ایمان ہے لہٰذا دین وہی ہے جو قرآن کریم کے ذریعہ نبی پاک ﷺ کی روشن تعلیمات کے ذریعہ ہم تک پہنچا ہے۔

(باقی صفحہ 44 پر)

سوانح حیات حضرت مصلح موعودؓ

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی حضرت مسیح موعودؑ علیہ الصلوٰۃ والسلام ۲۲ جنوری ۱۸۸۶ء کو ہوشیار پور تشریف لے گئے وہاں آپؑ چالیس دن تک شیخ مہر علی صاحب جو ہوشیار پور کے رئیس تھے ان کے مکان کی اوپری منزل میں ٹھرے۔ اس مکان کا نام طویلہ تھا۔ ان چالیس دنوں میں آپؑ نہ کسی سے ملے اور نہ کسی کے گھر گئے۔ بس سارا دن خاموشی سے اللہ تعالیٰ کی عبادت اور دعائیں کرتے رہے۔ انہی دنوں میں اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایک نیک بیٹے کی خوشخبری دی۔

۲۰ فروری ۱۸۸۶ء کو حضرت مسیح موعودؑ نے ایک اشتہار لکھا جس میں وہ پیشگوئی تھی جس میں اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایک بہت عظیم بیٹے کی خوشخبری دی تھی:۔

''سو تجھے بشارت ہو کہ ایک وجیہ اور پاک لڑکا تجھے دیا جاتا ہے ایک زکی غلام (لڑکا) تجھے ملے گا وہ تیرے ہی تخم سے تیری ہی ذریت و نسل ہوگا۔ خوبصورت پاک لڑکا تمہارا مہمان آتا ہے اس کا نام عنموائیل اور بشیر بھی ہے اس کو مقدس روح دی گئی ہے اور وہ رجس سے پاک ہے اور وہ نور اللہ ہے۔ مبارک وہ جو آسمان سے آتا ہے۔ اس کے ساتھ فضل ہے جو اس کا آنے کے ساتھ آئے گا۔ وہ صاحب شکوہ اور عظمت اور دولت ہوگا۔ وہ دنیا میں آئے گا اور اپنے مسیحی نفس اور روح الحق کی برکت سے بہتوں کو بیماریوں سے صاف کرے گا۔ وہ کلمۃ اللہ ہے کیونکہ خدا کی رحمت و غیوری نے اسے اپنے کلمہ تمجید سے بھیجا ہے۔ وہ سخت ذہین و فہیم ہوگا اور دل کا حلیم اور علوم ظاہری و باطنی سے پر کیا جائے گا۔''

حضرت مسیح موعودؑ نے ایک سبز رنگ کے کاغذ پر اشتہار چھپوایا، جسے سبز رنگ کا اشتہار کہتے ہیں۔ اس میں آپ نے لکھا کہ مصلح موعودؓ کا نام الہامی عبارت میں فضل رکھا گیا اور نیز دوسرا نام اس کا محمود اور تیسرا نام اس کا بشیر ثانی ہے۔ اور ایک الہام میں اس کا نام فضلِ عمر رکھا گیا ہے۔

پنڈت لیکھرام جو حضورؑ کا بہت بڑا دشمن تھا اس نے اپنے اشتہاروں میں لکھا تھا کہ تین سال تک آپؑ کی اولاد ختم ہو جائے گی اور آپؑ کا کوئی بچہ بھی زندہ نہیں رہے گا۔ لیکن اس کی بات غلط ثابت ہوئی اور حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحبؓ حضرت نصرت جہاں بیگم صاحبہ کے ہاں ۱۲ جنوری ۱۸۸۹ء کو رات دس گیارہ بجے کے قریب پیدا ہوئے۔

حضرت مصلح موعودؓ کا عقیقہ ۱۸ جنوری ۱۸۸۹ کو جمعہ کے دن ہوا۔ حضرت مصلح موعودؓ ماں باپ کے جتنے لاڈلے بیٹے تھے آپکی تربیت کا بھی اتنا ہی خیال رکھا جاتا تھا حضرت مسیح موعودؑ اور حضرت اماں جانؓ شروع سے ہی خیال رکھتے تھے کہ آپؓ کی تربیت اس طرح سے ہوئی کہ آپؓ ایک اچھے مومن بنیں، اور آپؓ میں اچھے اخلاق پیدا ہوں اس لئے آپؓ کی تربیت کرتے ہوئے چھوٹی چھوٹی بات کا بھی خیال رکھا جاتا تھا۔

۱۸۹۵ء میں حافظ احمد اللہ صاحب ناگپوریؓ نے آپؓ کو قرآن شریف پڑھانا شروع کیا اور ۷ جون ۱۸۹۷ء کو آپکی آمین ہوئی۔

کچھ عرصہ آپؓ ڈسٹرکٹ بورڈ کے لوئر پرائمری سکول قادیان میں پڑھتے رہے۔ ۱۸۹۸ء میں تعلیم الاسلام سکول بنا تو آپؓ اس میں داخل ہو گئے حضورؓ کے ایک استاد حضرت مولانا شیر علیؓ صاحب کہتے ہیں کہ میں نے بچپن سے ہی حضورؓ میں سوائے اچھی عادتوں اور اچھے اخلاق کے کچھ نہیں دیکھا۔ ابتداء میں ہی آپؓ میں نیکی اور تقویٰ کے آثار ملتے تھے۔

اکتوبر ۱۹۰۲ء میں آپؓ کا نکاح حضرت ڈاکٹر خلیفہ رشید الدینؓ کی بیٹی حضرت سیدہ محمودہ بیگمؓ صاحبہ سے رڑکی میں ہوا اور ۱۹۰۳ء میں آپکی شادی ہوئی۔ حضرت اِم ناصرؓ صاحبہ (حضرت سیدہ محمودہ بیگم صاحبہ) سے آپکے سات لڑکے اور دو لڑکیاں ہیں۔

۲۶ مئی ۱۹۰۸ء کو حضرت مسیح موعودؑ کی وفات ہوئی حضرت مصلح موعودؓ کے دل میں خیال آیا کہ اب لوگ طرح طرح کے اعتراض کریں گے اور جماعت کی بہت مخالفت کریں گے۔ اس وقت آپؓ نے حضرت مسیح موعودؑ کے سرہانے کھڑے ہو کر عہد کیا کہ

''اگر سارے لوگ بھی آپؑ کو چھوڑ دیں گے اور میں اکیلا رہ جاؤں گا تو میں اکیلا ہی ساری دنیا کا مقابلہ کروں گا اور کسی مخالفت اور دشمنی کی پرواہ نہیں کروں گا۔''

آپؓ بہت ہمت اور حوصلے والے تھے جب کسی بات کا ارادہ کر لیتے تو چاہے دُنیا اِدھر کی اُدھر ہو جائے اسے ضرور پورا کرتے۔

حضرت مسیح موعودؑ کی وفات کے بعد حضرت حکیم مولوی نور الدینؓ صاحب جماعت کے پہلے خلیفہ بنے تو حضرت مصلح موعودؓ نے آپؓ کے ہاتھ پر سب سے پہلے بیعت کی۔ حضرت مسیح موعودؑ کی وفات کے بعد دشمنوں نے بہت اعتراض کرنے شروع کر دیئے تو حضرت مصلح موعودؓ نے ان کا جواب لکھا جو کتاب کی

شکل میں چھپا اس کتاب کا نام ''صادقوں کی روشنی کو کون دور کرسکتا'' ہے۔ یہ آپکی پہلی کتاب تھی۔

۱۹۱۲ میں آپؓ پہلے مصر اور پھر عرب تشریف لے گئے اور خانہ کعبہ کا حج کیا۔ آپؓ نے شریف مکہ سے بھی ملاقات کی اور انہیں وہاں صفائی کے انتظام کے طرف توجہ دلائی۔

جون ۱۹۱۳ میں آپؓ نے جماعت کیلئے قادیان سے اخبار ''الفضل'' نکالا۔ اس وقت چونکہ جماعت کے پاس اتنے پیسے بھی نہیں تھے کہ ایک اخبار کے پیسے نکال سکتی، اس لئے آپؓ کی بیوی حضرت امِ ناصرؓ صاحبہ نے اپنے سارے زیور حضورؓ کی خدمت میں پیش کر دیئے جن کو بیچ کر اخبار الفضل چھپنے کا انتظام کیا گیا۔

۱۳ مارچ ۱۹۱۴ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ فوت ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمدؓ کو جماعت کا دوسرا خلیفہ مقرر فرمایا۔ غیر مبائعین نے حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ کی وفات پر خلافت کو ختم کرنے کے لئے بہت زور لگایا لیکن خدا کے فضل سے ان کی کوئی کوشش کامیاب نہ ہوسکی حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی مصروفیات خلیفہ بننے کے بعد بہت بڑھ گئی تھیں۔ لندن میں حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ کے عہد میں ہی احمدیہ مشن قائم ہو چکا تھا آپؓ کی خلافت کے دوسرے سال جماعت احمدیہ کا دوسرا بیرونی مشن موریشس میں قائم ہوا۔

۳۱ مئی ۱۹۱۴ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الاولؓ کی بیٹی امتہ الحئی صاحبہ سے آپؓ کا نکاح ہوا ان کے تین بچے ہوئے۔

جماعت کے تربیتی کام بڑھتے جا رہے تھے اس لئے حضرت مصلح موعودؓ نے ۷ دسمبر ۱۹۱۷ء کو زندگی وقف کرنے کی تحریک فرمائی۔

۱۹۱۹ء میں احمدیہ یتیم خانہ قائم کیا گیا تا کہ یتیم بچوں کا کوئی ٹھکانہ بن جائے۔ اس یتیم خانہ کے افسر حضرت میر قاسم علی صاحب مقرر ہوئے۔

۲۱ فروری ۱۹۲۱ء کو حضرت مصلح موعودؓ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ایک رفیق حضرت ڈاکٹر سید عبدالستار شاہ صاحب کی بیٹی حضرت سیدہ مریم بیگم صاحبہ سے شادی کی۔ ان کو اللہ تعالیٰ نے چار بچے دیئے جن میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع حضرت مرزا طاہر احمدؒ صاحب بھی شامل ہیں۔

۲۵ دسمبر ۱۹۲۲ء لجنہ اماء اللہ کی بنیاد رکھی گئی امتہ الحئی صاحبہ پہلی سیکرٹری تھیں اس کے ساتھ ہی ناصرات کی تنظیم بھی بنائی گئی۔

حضرت سیدہ امتہ الحئی صاحبہ کی وفات کے بعد ۱۳ اپریل ۱۹۲۵ء حضرت سیدہ سارا بیگم سے آپؓ کا نکاح ہوا جن کے دو بیٹے اور ایک بیٹی ہیں۔

۱۵ اپریل ۱۹۲۸ء کو جامعہ احمدیہ ربوہ قائم ہوا اور دسمبر ۱۹۳۰ء میں آپ کے بڑے بھائی حضرت مرزا سلطان احمدؒ نے آپ کے ہاتھ پر بیعت کی۔

۳۰ ستمبر ۱۹۳۵ء کو آپؓ کی شادی حضرت محمد اسمٰعیل صاحب کی بیٹی حضرت مریم صدیقہ صاحبہ سے ہوئی۔ ان کی ایک بیٹی ہیں۔

۱۹۴۷ء میں جب پاکستان بنا تو جماعت احمدیہ نے اپنے محبوب آقا حضرت مصلح موعود کی ہدایات کے مطابق بہت کام کیا اور بہت قربانیاں دیں۔

آپ کو ہر وقت فکر رہتی تھی کہ کسی طرح جماعت زیادہ سے زیادہ ترقی کرے۔ اس سلسلہ میں آپ نے ۱۹۳۴ء میں تحریک جدید کی بنیاد رکھی۔

آپؓ نے اپنے سب بیٹوں کو وقف کر دیا تھا آپؓ نے فرمایا: ''میرے تیرہ لڑکے ہیں اور تیرہ کے تیرہ دین کے لئے وقف ہیں۔''

آپؓ کی ہمیشہ کوشش رہی کہ کوئی احمدی نکما نہ بیٹھے اس لئے احمدی نوجوانوں میں صنعت وحرفت کا شوق پیدا کرنے کے لئے آپ نے دارالصناعت قائم کیا۔ آپ نے دنیا کے بہت سے ملکوں میں مشن ہاؤس قائم کئے جہاں احمدیت کے مربی لوگوں کو دین کی تعلیم دیتے ہیں۔

حضرت فضلِ عمرؓ نے جن تحریکوں کی بنیاد رکھی ان میں سے ایک نہایت اہم اور شاندار تحریک مجلس خدام الاحمدیہ ہے یہ تنظیم ۱۹۳۸ء میں قائم ہوئی۔ یہ نوجوانوں کی تنظیم ہے اور اس لئے بنائی گئی کہ ہر زمانے میں جماعت احمدیہ کے نوجوانوں کی تربیت اس طرح ہوتی رہے کہ وہ (دین حق) کا جھنڈا بلند رکھیں۔

۱۹۳۹ء میں خلافت جوبلی منائی گئی اس کے ساتھ آپؓ کی خلافت کے ۲۵ سال پورے ہو گئے تھے نیز جماعت کے قیام پر بھی ۵۰ سال پورے ہو گئے تھے اسی سال حضورؓ نے ایک کمیٹی بنائی جس میں ہجری شمسی مہینوں کے نام رکھے گئے۔ ان تمام مہینوں کے نام اسلام کے کسی اہم واقعہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

جولائی ۱۹۴۰ء میں آپؓ نے انصار اللہ کی ایک تنظیم بنائی۔ جنوری ۱۹۴۴ء میں اللہ تعالیٰ نے ایک رؤیا میں آپؓ کو بتایا کہ آپؓ ہی مصلح موعود ہیں اس کے بعد آپ نے خطبہ جمعہ میں اعلان کیا کہ میں ہی مصلح موعود ہوں یہ اعلان سن کر احمدی بہت خوش ہوئے اور ایک دوسرے کو مبارکباد دی۔

۲۴ جولائی ۱۹۴۴ء کو حضرت سیدہ بشریٰ بیگم صاحبہ (بنت حضرت سید عزیز اللہ شاہ صاحب ابن سید عبدالستار شاہ صاحب) سے آپکا نکاح ہوا۔

۱۹۴۷ء کو جب پاکستان بنا تو قادیان ہندوستان کے حصے میں آ گیا آپؓ نے فیصلہ کیا کہ تمام احمدی قادیان کو نہیں چھوڑیں گے چنانچہ آپؓ کے حکم سے ۳۱۳

احمدی قادیان میں ہی رہے آپ نے اپنے بیٹے مکرم مرزا وسیم احمد صاحب کو بھی قادیان ہی میں رہنے کا حکم دیا جو آخری دن تک قادیان میں رہ کر جماعت کی خدمت کرتے رہے۔ پاکستان میں آپؓ نے جماعت کا نیا مرکز بنایا جس کا نام ربوہ رکھا گیا۔ آپ اللہ تعالیٰ، رسول اللہ ﷺ اور قرآن شریف سے بہت محبت کرتے تھے آپؓ نے ساری زندگی قرآن شریف سمجھانے میں گزار دی۔

۱۹۵۴ء میں جب آپؓ بیت مبارک ربوہ میں عصر کی نماز پڑھا کر واپس آنے لگے تو ایک دشمن نے چاقو سے آپؓ پر حملہ کر دیا آپؓ کی گردن پر بہت گہرا زخم لگا لیکن خدا تعالیٰ نے آپؓ کو بچا لیا۔ اس کے بعد آپؓ کافی لمبا عرصہ بیمار رہے، مگر بیماری میں بھی کام نہیں چھوڑا تفسیر صغیر کا سارا کام آپؓ نے اپنی بیماری میں ہی کیا ساری رات جاگ کر قرآن شریف کی تفسیر لکھتے رہتے۔ آپؓ نے قرآن شریف کی جو مختصر تفسیر کی ہے اس کا نام ''تفسیرِ صغیر'' ہے اور ایک تفسیر جو آپؓ نے زیادہ تفصیل سے لکھی وہ ''تفسیرِ کبیر'' کہلاتی ہے۔

جیسا کہ پیشگوئی میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا کہ آپؓ بہت ذہین ہوں گے بڑے سے بڑے مسئلے کو فوراً حل کر دیتے۔ جماعت کے بہت سے کاموں کے باوجود آپؓ کبھی نہیں تھکتے بے حد زندہ دل تھے۔ آپؓ بچوں سے بہت پیار کرتے تھے اور کسی کو برا نہیں سمجھتے تھے۔ آپؓ کی آواز بہت اچھی تھی تلاوت کرتے تو دل چاہتا کہ بس سنتے جائیں۔ اور تقریر ایسی کرتے کہ مزا آجاتا۔ آپؓ نے ۵۳ سے زیادہ کتابیں لکھیں۔ ۱۹۵۴ء کے بعد آپؓ بہت بیمار رہنے لگے تھے اور بہت کمزور ہوتے جا رہے تھے ڈاکٹروں کے کہنے اور جماعت کے زور دینے پر آپؓ علاج کرانے کے لئے ۱۹۵۵ء میں یورپ گئے علاج کے علاوہ احمدیوں سے ملاقاتیں بھی کیں۔ علاج سے آپؓ کو کسی حد تک فائدہ ہوا مگر پوری طرح تندرست نہ ہو سکے اور آخر ۷ اور ۸ نومبر ۱۹۶۵ء کی درمیانی رات تقریباً دو بجے اللہ تعالیٰ نے ہمارے پیارے امام حضرت مصلح موعودؓ کو اپنے پاس بلا لیا۔

۹ نومبر کی شام کو آپؓ کا جنازہ بہشتی مقبرے لے جایا گیا جہاں حضرت مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالثؒ نے لاتعداد جماعت کے افراد کے ساتھ آپؓ کی نمازِ جنازہ پڑھائی۔ آپؓ کا مزار آپ کی والدہ حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ کے پہلو میں بنایا گیا۔

ہمیں ہر وقت دعا کرتے رہنا چاہیے کہ خدا ہمیں توفیق دے کہ ہم بھی حضرت مصلح موعودؓ کی طرح دینِ حق کے خادم اور آنحضرت ﷺ سے سچا پیار کرنے والے ہوں۔ آمین

(از کتاب 'حضرت مصلح موعودؓ' ۔ صاحبزادی امۃ القدوس صاحبہ) شمیقہ ظہیر

ارشاد حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

ایمانی پودے کی حفاظت اور آبیاری

''پھر عہدیداروں کے عہد ہیں۔ ان کے سپرد امانتیں ہیں۔ وہ جائزے لیں کہ کہاں تک وہ اپنے عہد اور اپنی امانتیں پوری طرح ادا کر رہے ہیں۔ ان کی حفاظت کر رہے ہیں۔ جائزہ لیں کہ اپنے کام، اپنے فرائض کا حق نہ ادا کر کے وہ کہیں گناہگار تو نہیں ہو رہے۔ وہ اپنے ایمانوں میں ترقی کرنے کی بجائے، ایمانی پودے کی حفاظت اور آبیاری کی بجائے اس کو سکھا تو نہیں رہے۔ کیونکہ ایمان کی مضبوطی کے لیے ہر پہلو پر نظر رکھنے کی ضرورت ہے۔ اس لیے جائزہ لیں کہ کوئی پہلو ایسا تو نہیں رہ گیا جس سے میرا ایمان وہیں رک گیا ہو۔ مجھے تو حکم ہے کہ تم نے نیکیوں میں ترقی کرنی ہے۔ جہاں نیکیوں میں ترقی رکی وہاں ایمان کی ترقی بھی رک جائے گی۔ غرض یہ عہد اور امانتیں اس قدر ہیں کہ جس کی انتہا نہیں ہے۔ ایک عہد سے دوسرا عہد سامنے آتا چلا جاتا ہے۔ اور ایک امانت کی ادائیگی کے بعد دوسری ادائیگی کی طرف توجہ پیدا ہوتی ہے۔ چاہے وہ ایک احمدی کی طرف سے ہو، عہدیداروں کی طرف سے ہو یا کسی ذمہ داری کی طرف سے ہو۔'' (از خطبہ جمعہ 30 ستمبر 2005)

بیعت کیا ھے؟

حضور علیہ السلام فرماتے ہیں: ''یہ بیعت جو ہے اس کے معنے اصل میں اپنے تئیں بیچ دینا ہے۔ اس کی برکات اور تاثیرات اسی شرط سے وابستہ ہیں جیسے ایک تخم زمین میں بویا جاتا ہے تو اس کی ابتدائی حالت یہی ہوتی ہے کہ گویا وہ کسان کے ہاتھ سے بویا گیا اور اس کا کچھ پتہ نہیں کہ اب وہ کیا ہوگا۔ لیکن اگر وہ تخم عمدہ ہوتا ہے اور اس میں نشوونما کی قوت موجود ہوتی ہے تو خدا کے فضل سے اور اس کسان کی سعی سے وہ اُوپر آتا اور ایک دانہ کا ہزار دانہ بنتا ہے۔ اسی طرح سے انسان بیعت کنندہ کو اوّل انکساری اور عجز اختیار کرنی پڑتی ہے اور اپنی خودی اور نفسانیت سے الگ ہونا پڑتا ہے تب وہ نشوونما کے قابل ہوتا ہے لیکن جو بیعت کے ساتھ نفسانیت بھی رکھتا ہے اُسے ہرگز فیض حاصل نہیں ہوتا''۔ (شرائطِ بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں)

دعائیں اور بس دعائیں

دُعا مومن کا ہتھیار ہے۔ جماعت احمدیہ کا اوڑھنا بچھونا ہی دعا اور صرف دعا ہے۔ جو دعا میں غفلت کرتا ہے وہ متکبر ہے۔

حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں ’’اگر تم چاہتے ہو کہ خیریت سے رہو اور تمہارے گھروں میں امن رہے تو مناسب ہے کہ دعائیں بہت کرو اور اپنے گھروں کو دعاؤں سے پُر کرو۔ جس گھر میں ہمیشہ دعا ہوتی ہے خدا تعالیٰ اسے برباد نہیں کرتا۔‘‘ (ملفوظات جلد ۳ صفحہ ۲۳۲)

پھر آپ فرماتے ہیں ’’سانپ کے زہر کی طرح انسان میں زہر ہے۔ اسکا تریاق دعا ہے۔ جس کے ذریعہ سے آسمان سے چشمہ جاری ہوتا ہے۔ جو دعا سے غافل ہے وہ مارا گیا۔ ایک دن اور ایک رات جس کی دعا سے خالی ہے وہ شیطان سے قریب ہوا۔ ہر روز دیکھنا چاہیے کہ جو حق دعاؤں کا تھا وہ ادا کیا ہے کہ نہیں۔‘‘ (ملفوظات جلد ۳ صفحہ ۵۹۱)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جو سب سے پہلا پیغام افراد جماعت کو دیا وہ دعاؤں کا تھا آپ نے فرمایا:۔

’’احباب جماعت سے صرف ایک درخواست ہے کہ آجکل دعاؤں پہ زور دیں ،دعاؤں پہ زور دیں، دعاؤں پہ زور دیں۔ بہت دعائیں کریں، بہت دعائیں کریں، بہت دعائیں کریں، اللہ تعالےٰ اپنی تائید و نصرت فرمائے اور احمدیت کا قافلہ اپنی ترقیات کی طرف رواں دواں رہے (آمین)۔‘‘

(خطاب فرمودہ ۲۲ اپریل ۲۰۰۳)

ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی زبان سے سب سے پہلی بات ہی دعا کی نکلی۔ گویا اس الٰہی جماعت کی کامیابی صرف اور صرف دعاؤں کی برکت میں ہے۔

جو کچھ ہوگا دعا ہی کے ذریعہ سے ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے ہماری جماعت کو ہر مشکل گھڑی میں دعاؤں کے دامن میں پناہ عطا فرمائی ہے۔ جس کا اندازہ حضرت امّاں جان کے ان الفاظ سے خوب لگایا جا سکتا ہے جو انہوں نے حضرت مسیح موعودؑ کی وفات پر اپنی اولاد کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ۔۔۔

’’بچو! گھر خالی دیکھ کر یہ نہ سمجھنا کہ تمہارے ابا تمہارے لئے کچھ نہیں چھوڑ گئے۔ انہوں نے آسمان پر تمہارے لئے دعاؤں کا ایک بڑا بھاری خزانہ چھوڑا ہے۔‘‘

دراصل دعاؤں کا یہ خزانہ صرف آپکے گھر والوں کے لئے ہی نہیں تھا بلکہ ہر اس شخص کیلئے ہے جو حضرت مسیح موعودؑ کے روحانی گھر میں داخل ہے۔ ہمیں ہر وقت اور ہر لمحہ دعاؤں میں مصروف رہنا چاہئے کیونکہ ہر مسئلہ کا حل دعا کے ساتھ وابستہ ہے اور ہر کامیابی کی کُنجی دُعا بتائی جاتی ہے۔

ہمارے پیارے نبی آنحضرت ﷺ ہمارے لئے کامل نمونہ ہیں ضروری ہے کہ ہم آپکے نقشِ قدم پر چلیں آپ ﷺ کا اٹھنا بیٹھنا سونا جاگنا غرض ہر فعل و سکون دعا کے گرد گھومتا تھا آپ ﷺ ہر کام کا آغاز اور انجام دعاؤں کے ساتھ کرتے تھے۔

جماعت احمدیہ کے ہر امام کا کوئی خطبہ اور کوئی خطاب اور کوئی تحریک اور کوئی بات ایسی نہیں ہوتی جس میں دعاؤں پر زور نہ دیا گیا ہو۔ گویا دعا مومن کی معراج ہے۔

ہم عورتیں گھر کے کام صبح سے شام تک کرتی ہیں ہمارا دل و دماغ خالی ہوتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ کام کے ساتھ ساتھ ہم دعاؤں میں لگی رہیں کیونکہ خالی دماغ شیطان کا گھر ہوتا ہے۔ شیطان دل و دماغ میں بری اور زہریلی باتیں بھرتا ہے۔ مثلاً۔ ’’میری نند مجھے یہ طعنہ دے گئی۔ میری ساس نے ایسے کیوں کہہ دیا، فلاں سہیلی شیخی بگھار کر مجھے ذلیل کر گئی، اُس نے یہ بات جو کہی ہے اُسکا یہ مطلب ہو سکتا ہے‘‘، وغیرہ وغیرہ۔۔۔

اُس وقت شیطان نے ہمارے دل میں غصّے کی آگ بھڑکائی ہوتی ہے۔ ہم کام کرتی جا رہی ہوتی ہیں اور دل ہی دل میں مذکورہ لوگوں سے لڑتی جا رہی ہوتی ہیں، "اب میں ایسا مزہ چکھاؤں گی، ایسا جواب پلٹ کے دوں گی۔" حالانکہ وقت آنے پہ آئندہ بھی ہم ایسا جواب نہیں دے پائیں گی۔ لیکن شیطان ہمیں جلا کے مزہ لے رہا ہوتا ہے۔ ہمیں چاہئے کہ فوراً دعاؤں میں لگ جائیں۔

ہم کچن میں کھانا بناتے ہوئے، سبزی کاٹتے ہوئے، آٹا گوندھتے ہوئے، برتن دھوتے ہوئے اگر دعاؤں میں لگی رہیں کبھی تسبیح و تحمید کبھی دُرود و استغفار اور کبھی اپنی زبان میں دعائیں کرتی رہیں تو یقین جانیں کہ کھانا بھی بابرکت اور لذت دار بنے گا اور وہ پریشان خیالات بھی دل نہیں جلائیں گے اور خدا کی رحمت کے فرشتے ہماری دعاؤں پر آمین کہتے رہیں گے اور ہمارا گھر میں آسمان پر زندہ گھروں میں

شمار ہوگا۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریمﷺ نے فرمایا کہ دو کلمے زبان پر بہت ہلکے اور وزن میں بہت بھاری ہیں وہ یہ ہیں سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم ترجمہ: اللہ پاک ہے اپنی حمد کے ساتھ اور پاک ہے بہت عظمت والا۔ایک اور جگہ حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریمﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے چار کلمات اپنے لیے چن لئے ہیں یعنی

سبحان اللّٰہ، الحمدللّٰہ ، لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ اور اللّٰہ اکبر

جوشخص سبحان اللہ کہتا ہے اس کے لئے بیس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور بیس بدیاں معاف کی جاتی ہیں اور جوشخص اللہ اکبر کہتا ہے اُسکے لئے بھی ایسا ہی اجر ہے اور جو شخص لاالٰہ اِلّا اللہ کہتا ہے اُس کے لئے بھی ایسا ہی اجر ہے اور جوشخص اپنی طرف سے الحمدللّٰہ کے ساتھ ربّ العالمین بھی کہتا ہے اس کے لئے تیس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور تیس بدیاں معاف ہوتی ہیں۔

(مسند احمد مطبوعہ بیروت جلد ۲ صفحہ ۳۵)

اگر ہم کاموں کے دوران یہ تسبیح وتحمید کا وِرد کرتی رہیں تو مفت میں بے حساب نیکیاں بھی مل جائیں گی اور خیالات بھی پاک رہیں گے اور کام کے دوران بڑا روحانی سکون ملے گا۔مثلاً کپڑے دھوتے ہوئے اگر آپ استغفار پڑھتی جائیں اور سوچیں کہ جس طرح یہ واشنگ پاؤڈر، پانی اور واشنگ مشین کپڑوں کے داغ دھبے میل کچیل صاف کر کے انہیں نکھار کر خوبصورت اور پاک کر دے گی اِسی طرح استغفار (جو بہت قوت اور طاقت رکھتا ہے) میرے گناہوں کو دھونے کے لئے واشنگ پاؤڈر، پانی اور مشین ہے جو مجھے گناہوں کی میل سے بالکل صاف اور پاک کردے گی۔اے خدا میری استغفار اور توبہ قبول فرما۔

پھر ہم کپڑے استری کرتے وقت اگر سبحان اللّٰہ۔پڑھتی جائیں کہ اللہ تعالیٰ جس طرح یہ استری کپڑوں کی سلوٹیں دُور کررہی ہے اسی طرح میری روح کی سلوٹوں کو دُور کرکے میری رُوح کو بھی ایک نئی چمک دے دے۔

اسی طرح اگر آپ بال رنگ رہی ہیں یا نیل پالش لگا رہی ہیں تو الحمد للّٰہ پڑھیں کہ اللہ میاں تیرا شکر ہے کہ بال رنگ کر میں زیادہ بہتر لگ رہی ہوں لیکن اصل رنگ تو تیرا ہے تو مجھے اپنے رنگ میں رنگین کردے۔

اگر آپ ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی ہو کر اپنے بال سنوار رہی ہیں یا میک اپ کر رہی ہیں تو دعا کیجیے کہ اے جمیل وحسین خدا تو حسن وجمال کو پسند کرتا ہے یہ تو میں ظاہری حسن،ان مادی چیزوں سے حاصل کررہی ہوں یہ میک اپ تو مجھے تھوڑی دیر تک حسین بنائے گا منہ دھوؤں گی تو میک اپ اتر جائے گا،اے اللہ تو مجھے نیک اعمال کے ذریعے وہ حسن اور رعنایاں عطا کر جس سے مجھے ہمیشہ کا حسن ملے اور میں تیری اور تیرے پیاروں کی نگاہ میں حسین ٹھہروں۔اسی طرح غسل کرتے وقت یہ دعا کریں کہ اس پانی سے میں پاک صاف ہورہی ہوں اے خدا تعالیٰ تو مجھے مطہر لوگوں میں سے اور توّابین میں سے بنادے۔اس طرح آپ مختلف کاموں کے دوران اُن کاموں کی مناسبت سے دعائیں کریں تو پتہ چلے گا کہ سوچ کر دعا کرنے کا مزا ہی کچھ اور ہے۔اس سب غور وفکر کیلئے مشق کرنی پڑے گی۔ بار بار شیطان آ کر خیالات کو پراگندہ کرنے کی کوشش کرے گا۔ہر دفعہ لَاحَوْل پڑھ کر ذکر الٰہی اور دعاؤں میں لگ جائیں،انشااللہ پھر شیطان حملہ آور نہیں ہوگا۔

پس میری دعا ہے کہ خداتعالے ہم سب کو اپنے علم وعرفان کی بصیرت عطا کرے تا کہ ہم اپنے روزمرّہ کے کاموں میں خدا کی حمد کے ترانے گا سکیں۔

ہمیں چاہیے کہ خود بھی اس طرح دعائیں کریں اور اپنے گھر والوں کے سامنے بھی دعاؤں کے ان طریقوں کو اپنانے کا اظہار کریں تا کہ ہمارے بچے دعاؤں کے عادی بن سکیں۔

طیبہ مشہود۔ *Dublin*

مشکلات دُور ہونے کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ جَھْدِ الْبَلَآءِ وَ دَرْکِ الشِّقَآءِ وَسُوْءِ الْقَضَآءِ وَ شَمَاتَہِ الْاَعْدَآءِ.

اے اللہ تعالیٰ میں تیری پناہ چاہتا ہوں،
تکلیف کی بلا سے اور بدبختی کے آنے سے اور
بُرے فیصلوں سے اور دشمن کے خوش ہونے سے۔

میرا پردہ اور حیا

پردہ ایک اسلامی حکم ہے اور ایک احمدی عورت اور نوجوان لڑکی کی شان اور اس کا تقدس بھی ہے۔

بعض عورتیں اس بات کو نہیں سمجھ پاتی ہیں کہ ایک مسلمان عورت کا پردہ کرنا اسلام میں کیوں اتنی اہمیت رکھتا ہے۔ خدا تعالیٰ نے اس بات کو بڑی اچھی طرح سے ہم پر واضح کر دیا ہے۔ اس پر غور کریں تو ہمیں احساس ہوتا ہے کہ یہ ہم مسلمان عورتوں پر خدا تعالیٰ کا ایک بہت بڑا احسان ہے، جو اُس نے ہم پر اپنے خاص فضل وکرم سے کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے: ''مومنوں کو کہہ دے کہ اپنی آنکھیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کیا کریں۔ یہ بات ان کے لیے زیادہ پاکیزگی کا موجب ہے۔ یقیناً اللہ جو وہ کرتے ہیں، اس سے ہمیشہ با خبر ہے۔ اور مومن عورتوں سے کہہ دے کہ وہ اپنی آنکھیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں اور اپنی زینت ظاہر نہ کیا کریں سوائے اس کے جو اس میں سے از خود ظاہر ہو اور اپنے گریبانوں پر اپنی اوڑھنیاں ڈال لیا کریں اور اپنی زینتیں ظاہر نہ کیا کریں مگر اپنے خاوندوں کے لیے یا اپنے باپوں یا اپنے خاوندوں کے باپوں یا اپنے بیٹوں کے لیے یا اپنے خاوندوں کے بیٹوں کے لیے یا اپنے بھائیوں اور اپنے بھائیوں کے بیٹوں یا اپنی بہنوں کے بیٹوں یا اپنی عورتوں یا اپنے زیرنگیں مردوں کے لیے یا مردوں میں ایسے خادموں کے لئے جو کوئی (جنسی) حاجت نہیں رکھتے یا ایسے بچوں کے لیے جو عورتوں کی پردہ دار جگہوں سے بے خبر ہیں۔ اور اپنے پاؤں اس طرح نہ ماریں کہ (لوگوں پر) وہ ظاہر کر دیا جائے جو (عورتیں عموماً) اپنی زینت میں سے چھپاتی ہیں۔ اور اے مومنو تم سب کے سب اللہ کی طرف توبہ کرتے ہوئے جھکو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ''۔

(سورۃ نور آیت ۳۱۔۳۲)

پردہ سے متعلق مذکورہ سورۃ النور کی آیات قرآنیہ کی تفسیر وتشریح کرتے ہوئے حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں ''ان آیات میں خدا تعالیٰ نے خلق احصان یعنی عفت کے حاصل کرنے کے لیے صرف اعلیٰ تعلیم ہی نہیں فرمائی بلکہ انسان کو پاکدامن رہنے کے لیے پانچ علاج بھی بتلا دیے ہیں یعنی

۱۔ اپنی آنکھوں کو نامحرم پر نظر ڈالنے سے بچانا۔

۲۔ کانوں کو نامحرموں کی آواز سننے سے بچانا۔

۳۔ نامحرموں کے قصے نہ سننا۔

۴۔ اور ایسی تمام تقریبوں سے جن میں اس بدفعل کا اندیشہ ہو اپنے تئیں بچانا۔

۵۔ اگر نکاح نہ ہو تو روزہ رکھنا وغیرہ۔

کیونکہ اس میں دونوں مرد اور عورت کی بھلائی ہے''۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی صفحہ ۲۹۔۳۰)

میں سمجھتی ہوں کہ پردہ کے ساتھ حیا کا تعلق ایسا ہی ہے جیسے ایک انسانی جسم کا اپنی روح سے ہے۔ یعنی ہمارا جسم تب ہی کوئی معنی رکھتا ہے جب ہمارے جسم میں روح موجود ہو۔ ہم بظاہر پردہ کر رہے ہوں، اپنے پورے جسم کو ڈھانپ بھی رہے ہوں، لیکن ہماری عادتیں اور افعال بے حیائی والے ہوں، اور خیالات پراگندہ ہوں، تو ہمارا یہ ظاہری پردہ کوئی معنی نہیں رکھتا۔

آنحضرت ﷺ کی درج ذیل احادیث پردہ کے سلسلہ میں قابل توجہ ہیں۔ حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ''حد سے بڑھی ہوئی بے حیائی انسان کو بدنما بنا دیتی ہے اور شرم وحیا انسان کو خوبصورت اور باوقار بنا دیتی ہے''۔ (ترمذی ابواب البر والصلۃ)

وہ خدا جو ہم پر بار بار رحم کرنے والا ربّ ہے۔ وہ جو رحمٰن ہے اور رحیم بھی ہے۔ ہمیں ہزاروں نعمتیں سے نوازتا ہے، ایک وہ ہی ہے جو ہمیشہ ہماری مدد کو آتا ہے۔ تو کیا یہ اتنا مشکل ہے کہ ہم اپنے مالک، اپنے پیارے ربّ کی خاطر اس حکم کی تعمیل نہیں کر سکیں؟

ہمارا خدا تعالیٰ تو بہتر جانتا ہے، ہمارے حق میں کیا بات اچھی ہے اور کیا نہیں۔ اُس کی ذات پر بھروسہ کرتے ہوئے اس کے احکام کی تعمیل کرتے ہوئے ہمیں چاہیے کہ اپنے نفس کی قربانی کریں۔

یہاں پر میں آپ سے اپنے کچھ ذاتی تجربات بیان کرنا چاہوں گی۔ مجھے آج بھی وہ عرصہ یاد ہے جب میں نے تقریباً ۱۳ سال کی عمر میں فیصلہ کیا کہ میں اپنے سر کو ڈھانک کر اسکول جاؤں گی۔ میرے والدین نے کبھی مجھے یہ نہیں کہا کہ تم نے پردہ کرنا ہے۔ لیکن جو شرم اور حیا انہوں نے بچپن ہی سے میرے دل ودماغ میں ڈال دی تھی، اسے محسوس کرتے ہوئے مجھے یقین تھا کہ پردہ کے بغیر میرا وجود

کوئی معنی نہیں رکھتا۔ اور اس عرصہ میں مجھے اس غیر اسلامی معاشرے میں رہتے ہوئے اس کا مقابلہ کرنا تھا۔ اور یہ محض خدا تعالیٰ کے خاص فضل ہی سے ممکن تھا۔ جہاں میں تعلیم حاصل کر رہی تھی وہ اسکول لڑکے اور لڑکیوں کا مکس اسکول تھا۔ اور زیادہ تر اس میں تعلیم حاصل کرنے والے عیسائی تھے۔ جبکہ پورے سکول میں ایک میں ہی مسلمان لڑکی تھی۔ جو عرصہ وہاں گزارا وہ کسی بڑے امتحان سے کم نہیں تھا۔ ہر روز نئے اعتراضات ایک نئے انداز میں، میرا انتظار کر رہے ہوتے تھے۔ جس کا مقابلہ کرنے میں مجھے خدا کے فضل سے خوشی بھی محسوس ہوتی اور فخر بھی۔

اکثر شدید مخالفین میرے لئے خاص تیاری کے ساتھ مشکلات پیدا کیا کرتے تھے جس میں مجھے اور میرے پردے کو نشانہ بنایا کرتے تھے۔ اور سمجھتے تھے کہ ایسا کرنے سے یہ تنگ آ کر اپنا پردہ چھوڑ دے گی۔ اس کام میں ہمارے کچھ استاد بھی شامل ہوا کرتے تھے۔ کبھی *swimming* لڑکوں کے ساتھ ہوتی، اور میرا اس میں شامل ہونے سے انکار سُن کر، میری *teachers* کو اتنا برا لگا کرتا تھا کہ وہ پوری کلاس کے سامنے مجھے چیخ کر ڈانٹ دیا کرتی تھیں، پردہ کے بارہ میں غلط زبان استعمال کرتیں، اور اُسی وقت گھر جانے کو کہتیں تھیں۔ میں صبر سے بہت دعا ئیں کرتے ہوئے گھر واپس آ جاتی۔ آنکھوں میں آنسو ہوتے، لیکن، لبّ پر خدا کی حمد۔۔۔ اور اپنے دل کو سمجھاتی کہ میں نے تو خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنی ہے نا کہ ان لوگوں کی۔ پھر یہ رونا کیوں۔ اور اُسی وقت ایسا محسوس ہوتا، جیسے خدا تعالیٰ اپنا شفقت بھرا ہاتھ میرے سر پر رکھ رہا ہو۔

تقریباً دو سال کے بعد میں نے خواب میں دیکھا۔ کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ ہمارے گھر پر تشریف رکھتے ہیں اور میرے کمرے میں بیٹھے ہیں۔ ان کے پاس بہت سی عورتیں کھڑی ہیں اور اپنا اپنا تعارف کروا رہی ہیں۔ لیکن میں ایک کونے میں بڑی سی چادر اوڑھ کر کھڑی ہوں۔ اتنے میں کوئی عورت میری طرف اشارہ کرتے ہوئے میرا تعارف کروانے لگتی ہے، تو حضور وہاں ہی اُسے روک کر فرماتے ہیں:۔

''ہاں، مجھے اسکا نام معلوم ہے، اس لڑکی کا نام 'راضیہ' ہے''۔ یہ سُن کر میں بہت حیران ہوتی ہوں کہ حضورؒ نے مجھے ایک دوسرے نام سے تعارف کرایا ہے، اس کے بعد میں حضورؒ کے قدموں کے پاس بیٹھ جاتی ہوں اور وہ اپنا شفقت بھرا ہاتھ میرے سر پر رکھتے ہیں۔

ایک اور خواب میں نے اپنی شادی کے کچھ عرصہ بعد دیکھی۔ جس میں، میں نے اپنے آپ کو مکمل پردے میں دیکھا۔

اور اس پردے میں ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے میری روح مکمل سکون میں ہے اور ہر طرف خدا کے فضلوں کی بارش میرے اوپر برس رہی ہے۔ ساتھ ہی غیب سے آواز آتی ہے، کہ دیکھو اب تم کتنی مطمئن ہو۔ اس خواب کے بعد میں نے اپنے پردہ میں اور بہتری کی اور اسی طرح سے پردہ کرنا شروع کر دیا جیسا خواب میں دیکھا۔ میں سمجھتی ہوں کہ یہ خواب میری مزید اصلاح کے لئے خدا نے مجھے دکھائی۔ یہ خدا کا احسان اور خاص فضل ہے کہ وہ ہمارے روحانی ترقی اور ہماری اصلاح کے لئے، ہماری راہنمائی کرتا رہتا ہے۔

ان دونوں خواب کے بعد مجھے ایک سچی 'مومنہ' کا مضمون سمجھ میں آیا۔ اگر ہم اپنے نفس کی قربانی نہیں کرتے اپنے آپ کو معاشرے کی بیماریوں سے نہیں بچاتے ہم کیسے ایک سچی مومنہ کہلا سکتی ہیں۔

اس معاشرے میں رہتے ہوئے ہماری یہ ذمہ داری اور بھی زیادہ بڑھ جاتی ہے کہ ہم اپنا اعلیٰ نمونہ دنیا کے سامنے پیش کریں۔ اسلام کی اس خوبصورت تعلیم اور حکمت کو پوری دنیا کے سامنے بیان کریں۔ نا کہ ہم اس معاشرے میں آ کر اپنی اصل تعلیم بھلا دیں۔ اور اس غیر اسلامی معاشرے کے رنگ میں رنگ جائیں۔

دورۂ مغرب کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ نے احمدی خواتین کو مخاطب کرتے ہوئے انہیں نصیحت فرمائی کہ ''وہ یورپ کے معاشرے کا اثر قبول نہ کریں اور اسلامی شعار کی پابندی لازم پکڑتے ہوئے یہاں کی عورتوں کے سامنے اسلامی تعلیم کا عملی نمونہ پیش کریں''۔

حضور نے فرمایا بعض خواتین ایسی بھی ہیں جو یہاں کے ماحول میں پردہ کی کما حقہٗ پابندی کو ضروری نہیں سمجھتیں۔ میں ان سے کہتا ہوں کہ اگر وہ سمجھتی ہیں کہ اس ملک میں رہ کر پردہ نہیں کر سکتیں تو پھر انہیں اُنہی نتائج سے دوچار ہونا پڑے گا جن سے یہاں کی عورتیں دوچار ہیں۔ اگر اُنہوں نے بے پردگی پر اصرار کیا تو پھر ایسا وقت بھی آئے گا کہ اُنہیں یہاں کے طریق کے مطابق شادی سے پہلے بچے جننے پڑیں گے۔ انہیں نظر آنا چاہیے کہ یہاں کے تمدن کی وجہ سے لوگوں کے دلوں میں ایک آگ دہک رہی ہے۔ یہ لوگ پریشان ہیں کہ ہم کدھر جا رہے ہیں اور ہمارا انجام کیا ہونے والا ہے؟ یہ لوگ بے اطمینانی کا شکار ہیں۔ سکون اور اطمینان انکے لیے مفقود ہو چکا ہے۔ اُنکے نقشِ قدم پر چلنے والوں کا حشر بھی یہی ہوگا''۔ حضورؒ نے بے پردگی کے ہولناک انجام سے بچنے کی تلقین کرتے ہوئے فرمایا'' میں ایسی خواتین سے جو پردے کو ضروری نہیں سمجھتیں پوچھتا ہوں کہ

انہوں نے پردہ کو ترک کر کے اسلام کی کیا خدمت کی ہے؟ کچھ بھی نہیں! آج بعض یہ کہتی ہیں کہ ہمیں یہاں پردہ کو ترک کرنے کی اجازت دی جائے۔ پھر کہیں گی ننگ دھڑنگ سمندر میں نہانے کی اجازت دی جائے۔ پھر کہیں گی شادی سے پہلے بچے جننے کی اجازت دی جائے۔ میں کہوں گا پھر تمہیں دوزخ میں جانے کے لیے بھی تیار رہنا چاہیئے''۔

حضور نے مزید فرمایا ''کسی احمدی عورت کو بے پردہ دیکھ کر سخت شرم آتی ہے۔ امریکہ کی احمدی خواتین کی مثال ہمارے سامنے ہے۔ احمدی ہونے سے پہلے پردہ نہیں کرتی تھیں لیکن احمدی ہونے کے بعد انہوں نے پردہ کرنا شروع کر دیا۔ ۱۹۷۶ء میں جب میں ڈیٹن گیا تو وہاں کے ہوائی اڈے پر ایک لمبی قطار دیکھی۔ وہ اگر امریکہ میں رہ کر پردہ کر سکتی ہیں تو پاکستان کی احمدی خواتین امریکہ میں آ کر کیوں پردہ نہیں کر سکتیں''

حضورؒ نے ایسی عورتوں کو پُرزور الفاظ میں تنبیہ کرتے ہوئے فرمایا کہ ''وہ اپنے آپ کو ٹھیک کر لیں قبل اسکے کہ خدا کا قہر نازل ہو۔ میں چاہوں گا کہ خدا کا قہر اس حال میں نازل نہ ہو ان پر کہ وہ جماعت کی ممبر ہوں۔ اس سے پہلے پہلے میں ان کا جماعت سے اخراج کر دوں گا۔ میں قرآنِ کریم کا نمائندہ ہوں۔ اسکی تعلیم پھیلانا چاہتا ہوں میں مرنا پسند کروں گا قرآن کے خلاف عمل کو برداشت نہیں کروں گا۔ کسی مسلمان عورت کے کام میں پردہ نے کبھی خلل نہیں ڈالا۔ پردہ سے عورتوں کے کام میں خلل نہیں پڑتا۔ ہاں اگر وہ بیہودگیوں میں مبتلا ہوں تو پردہ سے اُنکی بے ہودگیوں میں خلل ضرور پڑتا ہوگا۔ حماقت سے کوئی کام لینا چاہے تو اُس کا کوئی علاج نہیں''۔ (خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ فرمودہ ۱۲ اگست ۱۹۸۰ء) (از دورہ مغرب صفحہ ۲۳۸ تا ۲۳۹ بحوالہ مصباح جولائی ۲۰۰۰ء)

پردہ کے بارہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے فرمایا ''بڑی شدت کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں یہ تحریک ڈالی ہے کہ احمدی مستورات بے پردگی کے خلاف جہاد کا اعلان کریں کیونکہ اگر آپ نے یہ میدان چھوڑ دیا تو پھر دنیا میں کونسی عورتیں ہوں گی جو اسلامی اقدار کی حفاظت کے لیے آگے آئیں گی'' (الفضل ۲۸ فروری ۱۹۸۳ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے ایک اور موقع پر فرمایا کہ ''یہاں نشو ونما پانے والی بچیاں اپنے سر کے بالوں کے بارے میں ایک ذہنی الجھن میں مبتلا ہیں۔ وہ سمجھتی ہیں کہ بالوں کو ڈھانک کر رکھنا ایک دقیانوسی بات ہے۔ اس لیے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف نیم دلی سے قدم اٹھاتی ہیں۔ نہ کہ بشاشت قلبی سے وہ دراصل یہ کہہ رہی ہوتی ہیں کہ اے خدا تو ہمیں اسی طور سے قبول فرما لے کہ ہم دوپٹہ اوڑھے ہوئے ہیں مگر اس طور سے جس طور سے یہودی اپنے سر کی پشت پر ایک چھوٹی سی چینی نما ٹوپی پہنے ہوئے ہوتا ہے پس تو اپنی طرف اٹھا ہوا یہ ادھورا قدم بھی قبول فرما لے لیکن اگر آپ سب کچھ یہ خدا کی خاطر کرتی ہیں تو پھر یہ بالکل نامناسب ہے۔ یاد رکھیں کہ عورتوں کے خدوخال کا سب سے دلکش حصہ ان کے بال ہوتے ہیں بالخصوص جب کہ وہ سامنے کی طرف لٹکے ہوئے ہوں۔

(فیوض الاسلام، ترجمہ فتوح الشام صفحہ ۹۸ تا ۱۰۱،،)

ہمارے پیارے حضور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے کچھ عرصہ قبل محترمہ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ ربوہ کو ایک خط میں بعض ہدایات دیتے ہوئے فرمایا کہ ''برقعوں میں حد سے زیادہ فیشن کے رجحان کو بھی کم کریں ہر اجلاس میں احمدی بچی کا مقام اس کو بتائیں مجھے زیادہ بڑے بڑے کام نہیں چاہیے ان باتوں پر دھیان دیں نمازوں کی عادت، پردہ کی پابندی، اولاد کی تربیت اور فیشن کی اندھا دھند تقلید سے بچنا ان تمام پہلوؤں کے حوالے سے جائزہ لیں۔ باہر کے محلوں میں خاص نگرانی کی ضرورت ہے''۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے لجنہ برطانیہ کے اجتماع سے اختتامی خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ ''اگر آپ کسی دنیاوی کلب کو بھی جائن (join) کرتے ہیں تو اس کی ممبر شپ کے بھی کوئی قواعد وضوابط ہوتے ہیں اور اگر ان کو پورا نہ کریں تو ممبر شپ ختم ہو جاتی ہے۔ دین کا معاملہ تو خدا کے ساتھ ایک عہد بیعت ہے۔ اگر اس کی تعلیم پر عمل کرنے سے انکار کریں گے تو پھر اگر آپ کی لڑکی کو یا آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ پردہ نہ کرے تو اسی حق کی وجہ سے جو آپ کو حاصل ہے مجھے بھی یہ حق حاصل ہے کہ پھر ایسے نافرمانوں کو جماعت سے نکال کے باہر کر دوں''۔

حضور نے فرمایا کہ ''میں تو اللہ تعالیٰ کے حکم کی وجہ سے ایسا کروں گا اس لئے اس پر کسی کو کوئی شکوہ بھی نہیں ہونا چاہئے''۔

حضور انور نے لجنہ کی انتظامیہ کو ہدایت فرمائی کہ پہلے (step) میں جائزہ لیا جائے کہ کوئی عہدیدار ایسی نہ ہو جو پردہ نہ کرتی ہو۔ اور اگر باپردہ کام کرنے والی نہیں ملتی تو اس مجلس کو جس مجلس میں کوئی بھی باپردہ کام کرنے والی نہیں ہے، کسی ساتھ کی مجلس کے ساتھ attach کر دیں۔ کوئی باپردہ ہو تو چاہے کم علم والی ہو اُس کو کام سپرد کر دیں۔ اگر کوئی بھی نہیں ملتا جو اپنے سر اور بال ڈھانپ کے اسلامی حکم پر عمل کر رہی ہو اور قریب میں بھی کوئی مجلس نہ ہو تو پھر ایسی مجلس کو ہی بند

کردیں''۔حضور نے فرمایا کہ'' مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ یہ کمپلکس کس وجہ سے ہے؟ کیسا ہے؟ کیوں ہے؟ یہاں کی لوکل برٹش عورتیں بھی ہیں لڑکیاں بھی ہیں ۔ یورپ میں اور دوسری جگہ بھی جو جماعت میں داخل ہو رہی ہیں انہوں نے تو سکارف پہننا شروع کردئے ہیں اور آپ لوگوں میں سے بعض ایسی ہیں جو احساس کمتری کا شکار ہورہی ہیں اس پر سوائے اِنّا لِلّٰہِ کے سوا اور کیا کہا جا سکتا ہے''۔حضور انور فرماتے ہیں کہ ''اگر کسی کے ذہن میں یہ خیال ہو کہ اس طرح سختی سے جماعت کم ہوگی اور جماعت میں سے لوگ دوڑنا شروع ہوجائیں گے تو یاد رکھیں کہ جماعت کم نہیں ہوگی ۔ایسی تمام عورتیں اگر چھوڑ بھی دیں تو اللہ میاں کا وعدہ ہے کہ اس کے مقابل وہ نئی قومیں عطا فرمائے گا''۔

''یہاں کے برٹش لوگوں میں سے بھی جو عورتیں آئی ہیں بڑی مخلص ہیں اور آئندہ بھی ان لوگوں میں سے آپ دیکھیں گی کہ قطراتِ محبت ٹپکیں گے جو اسلام اور اسلام کی تعلیم پر عمل کرنے والے ہوں گے''۔حضور انور نے اس ضمن میں صدر صاحبہ لجنہ برطانیہ کا بھی بطور مثال ذکر فرمایا ورفرمایا کہ'' یہ بھی پاکستانی تو نہیں ، جرمن ہیں مگر پردہ کرتی ہیں ،برقعہ پہنتی ہیں ان کو تو کمپلیکس نہیں''

حضور نے امید ظاہر کی کہ انشاءاللہ تعالی ایسی انتہائی صورت کہیں نہیں ہوگی ۔اللہ کے فضل سے جماعت میں نیکیوں میں آگے بڑھنے والی بے شمار خواتین ہیں ۔اگر بڑی عمر کی عورتوں میں سے نہیں تو نوجوان بچیوں میں سے میں دیکھ رہا ہوں کہ ایسی ہیں جو منافقت سے پاک ہیں ۔بہت سی ایسی ہیں جو اپنے بڑوں سے زیادہ نیکیوں پر قائم ہیں اور کوشش کرتی ہیں کہ حجاب لیں ۔حیا رکھیں ۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ'' پردہ ایک اسلامی حکم بھی ہے اور ایک احمدی عورت اور نوجوان لڑکی کی شان اور اس کا تقدس بھی ہے ۔اس کو قائم رکھنا ضروری ہے لیکن یاد رکھیں کہ سکارف کے ساتھ نچلا لباس بھی ڈھیلا ہونا چاہئے۔حکم ہے کہ زینت نظر نہ آئے''۔حضور انور نے فرمایا کہ'' بعض غیر از جماعت لڑکیوں نے سکارف تو لیا ہوتا ہے شائد اس ری ایکشن کے طور پر کہ ہمیں کیوں سکارف لینے سے روکا جارہا ہے لیکن نیچے جین اور بلاؤز پہنے ہوتے ہیں ۔ایسے پردے کا تو کوئی فائدہ نہیں ۔پردہ ایسا ہو جو پردہ بھی ہو اور وقار بھی ہو''۔اللہ تعالیٰ ہمیں شریعت کے اس حکم کی پابندی کرنے اور پردہ کی حقیقی روح کو قائم رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین۔

راشدہ کرن خان ۔ Cork

پردے کا حکم (بائبل کے حوالے سے)

☆ عورت کا بال کٹانا

اگر عورت اوڑھنی نہ اوڑھے تو بال بھی کٹائے ۔اگر عورت کا بال کٹانا یا سر منڈانا شرم کی بات ہے تو اوڑھنی اوڑھے ۔(ا۔کرنتھیوں باب ۱۱۔آیت ۶)

☆ عورت کا سنگھار کرنا

اور تمہارا سنگار ظاہری نہ ہو یعنی سر گوندھنا اور سونے کے زیور اور طرح طرح کے کپڑے پہننا ۔بلکہ تمہاری باطنی اور پوشیدہ انسانیت حلم اور مزاج کی غربت کی غیر فانی آرائش سے آراستہ رہے کیونکہ خدا کے نزدیک اسکی بڑی قدر ہے ۔(پطرس باب ۳۔آیت ۳۔۴)

☆ عورت کی پرہیز گاری

اسی طرح عورتیں حیادار لباس سے شرم اور پرہیز گاری کے ساتھ اپنے آپ کو سنواریں نہ کہ بال گوندھنے اور سونے اور موتیوں اور قیمتی پوشاک سے ۔بلکہ نیک کاموں سے جیسا خدا پرستی کا اقرار کرنے والی عورتوں کو مناسب ہے ۔(تمتھیئس باب ۲۔آیت ۹۔۱۰)

☆ عورت محکوم ہے

البتہ مرد کو اپنا سر نہیں ڈھانکنا چاہئے کیونکہ وہ خدا کی صورت اور اُس کا جلال ہے مگر عورت مرد کا جلال ہے ۔اس لئے کہ مرد عورت سے نہیں بلکہ عورت مرد سے ہے اور مرد عورت کے لئے نہیں بلکہ عورت مرد کے لئے پیدا ہوئی ۔پس فرشتوں کے سبب سے عورت کو چاہئے کہ اپنے سر پر محکوم ہونے کی علامت رکھے ۔(محکوم سے مراد پردہ ہے) (ا۔کرنتھیوں باب ۷۔آیت ۷ تا ۱۰)

☆ عورت اور مرد کا لباس

عورت مرد کا لباس نہ پہنے اور نہ مرد عورت کی پوشاک پہنے کیونکہ جو ایسے کام کرتا ہے وہ خداوند تیرے خدا کے نزدیک مکروہ ہے ۔(اِستثنا باب ۲۲۔آیت ۵)

☆ عورت کی زینت

اور اگر عورت کے لمبے بال ہوں تو اُس کی زینت ہے کیونکہ بال اسے پردہ کے لئے دئے گئے ہیں ۔(ا۔کرنتھیوں باب ۱۱۔آیت ۱۵)

☆ شادی ضروری ہے

جو باتیں تم نے لکھی تھیں اُن کی بابت یہ ہے ۔مرد کے لئے اچھا ہے کہ عورت کو نہ چھوئے لیکن حرامکاری کے اندیشہ سے ہر مرد اپنی بیوی اور ہر عورت اپنا شوہر رکھے ۔(ا۔کرنتھیوں باب ۷۔آیت ۱۔۲)

☆ بُری خواہش سے نگاہ کرنا

تم سن چکے ہو کہ کہا گیا تھا کہ زِنا نہ کرنا ۔لیکن میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ جس کسی نے بُری خواہش سے کسی عورت پر نگاہ کی وہ اپنے دِل میں اُسکے ساتھ زِنا کر چکا ۔

(متی باب ۵۔آیت ۲۷۔۲۸)

ارشاد عرشی ملک

میرا پردہ

خدا سے عہدو پیماں کی علامت ہے مرا پردہ
سمعنا اور اطعنا کی شہادت ہے مرا پردہ

مجھے قرآن کی آواز پر لبیک کہنا ہے
سو اک شرط وفا ہے استقامت ہے مرا پردہ

محمدؐ کی غلامی پر فدا ہر ایک آزادی
مرے سرکار کی جانب سے خلعت ہے مرا پردہ

میں ہوں اک احمدی عورت حیا پہچان ہے میری
زمانے بھر میں میری وجہ شہرت ہے مرا پردہ

اسے کیا علم، عزم و استقامت کس کو کہتے ہیں
کہا جس کم فہم نے رسم و عادت ہے مرا پردہ

اڑادی ہیں حیا کی دھجیاں تہذیب مغرب نے
سو اس دور ستم گر میں کرامت ہے مرا پردہ

زباں سے کیا کہوں میں آج کی آزاد عورت کو
سو اک خاموش اظہار ملامت ہے مرا پردہ

ہوس کی آرزو ہے بنتِ حوّا اور عریاں ہو
سو اس کے رخ پہ اک داغِ ہزیمت ہے مرا پردہ

تمنا خوب سے جب خوب تر کی بڑھتی جاتی ہے
تو ایسے میں اک اندازِ قناعت ہے مرا پردہ

سبھی ابلاغ کے ذریعے بنے شیطاں کی آلے
سبھی کا فیصلہ یہ ہے جہالت ہے مرا پردہ

ہر اک چینل پہ رقص ابلیس کا جاری ہے روز و شب
سو بی بی سی کی نظروں میں قدامت ہے مرا پردہ

فضا میں ہر طرف بکھرا ہے پولن بے حیائی کا
سو میری چاردیواری ہے راحت ہے مرا پردہ

مرے چاروں طرف نظروں کی ننگی، تیز تلواریں
سو میری ڈھال ہے میری حفاظت ہے مرا پردہ

ہوس کی دھول میں لتھڑے ہوئے بے باک موسم میں
اسی ماحول سے اظہارِ نفرت ہے مرا پردہ

کیا پیرس کے سکولوں میں جس نے زلزلہ برپا
وہی گز بھر کا کپڑا ہے مری عظمت مرا پردہ

خدا کے باب میں اک سرد مہری عام ہے عرشیؔ
مرے ایمان کی حدت، حرارت ہے مرا پردہ

بحوالہ روزنامہ الفضل 4 جنوری 2005 صفحہ 5

مالی قربانی کا جہاد

اپنی بہنوں کی خدمت میں آج میں ''مالی قربانی کی اہمیت'' بیان کرنا چاہتی ہوں جو کہ حضرت مسیح موعودؑ کی جماعت کا طرّہ امتیاز ہے۔

جب خدا تعالیٰ اپنے بندوں پر رحمت اور مہربانی کا سلوک کرتا ہے تو وہ ان سے کچھ نہ کچھ قربانی بھی مانگتا ہے دوسرے لفظوں میں اگر ہم خدا کی رضا اور اس کا قرب پانا چاہتے ہیں تو قربانی ضروری ہے۔

یہ قربانی کیا ہے: قربانی وقت اور حالات کے مطابق مختلف ہو سکتی ہے۔ حضرت محمد مصطفی ﷺ کے زمانہ میں جان کی قربانی زیادہ ضروری تھی کیونکہ اس زمانہ میں مسلمان کفار کے ہاتھوں مسلسل مظالم کا شکار تھے اور کفار مسلمانوں پر زبردستی جنگ مسلط کئے ہوئے تھے۔ حضرت محمد ﷺ نے خدا سے خبر پائی یَضَعُ الحرب یعنی مہدی علیہ السلام جنگ سے دور ہونگے'' اور پھر فرمایا:

امام مہدی کے زمانہ میں جان کی بجائے قلم کا جہاد ہوگا اور اس کے لئے مالی قربانی ضروری ہوگی۔ اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں فرماتا ہے:

مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَہٗ لَہٗٓ اَضْعَافًا کَثِیْرَۃً ؕ وَاللّٰہُ یَقْبِضُ وَیَبْصُطُ ۪ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ۔

ترجمہ: ''کیا کوئی ہے جو اللہ تعالیٰ کو (اپنے مال کا) ایک اچھا ٹکڑا کاٹ کر دے تا کہ وہ اس (مال) کو اس کے لئے بہت بڑھائے اور اللہ تعالیٰ مال کو لیکر اسے بڑھاتا ہے اور تمہیں اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے'' (سورۃ البقرۃ ۲۴۶)

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں مومنوں کو مختلف طریقوں سے اس کی راہ میں خرچ کرنے کی ترغیب دلاتا ہے اور طریقے بھی بتاتا ہے۔ کہیں فرماتا ہے کہ اللہ کی راہ میں خرچ کرو یہ تمہارے لئے بہتر ہے۔ کہیں فرمارہا ہے کہ خدا کی راہ میں خرچ کرنے سے اپنے ہاتھ روک کر اپنے اوپر ہلاکت وارد نہ کر لینا۔ پھر فرمایا کہ اپنی کمائی سے خرچ کرنے سے اپنے ہاتھ روک کر اپنے اوپر ہلاکت وارد نہ کر لینا۔ پھر فرمایا کہ اپنی کمائی سے خرچ کرو تا کہ اس میں برکت پڑے چھپا کر بھی خرچ کرو اور اعلانیہ بھی خرچ کرو، اور زکوۃ کی طرف توجہ دو تا کہ قومی ضرورتیں بھی پوری ہوں اور غریبوں کی ضرورتیں بھی پوری ہوں۔ غریبوں کی ضرورتیں پوری کرنے کے لحاظ سے انبیاء کا ہاتھ سب سے کھلا ہوتا ہے اور انبیاء میں بھی سب سے زیادہ ہمارے نبی اکرمؐ کا ہاتھ سب سے زیادہ کھلا تھا تبھی تو آپ نے ایک موقع پر فرمایا کہ میرا دل چاہتا ہے کہ اُحد پہاڑ جتنا سونا میرے پاس ہو تو میں وہ بھی ضرورت مندوں میں تقسیم کر دوں۔

اسی طرح آپ کے صحابہ کرامؓ بھی درجہ بدرجہ خدا کی راہ میں خرچ کرتے تھے ایک موقع پر حضرت عمرؓ اپنا آدھا مال لے کر آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے دل میں خیال کیا کہ آج تو حضرت ابوبکرؓ سے آگے بڑھنے کے قوی امکانات ہیں اور جب حضرت ابوبکرؓ اپنا مال لے کر حاضر ہوئے تو آنحضرتؐ نے پوچھا ابوبکرؓ گھر میں کیا چھوڑ آئے ہو تو عرض کیا ''اللہ اور اس کا رسولؐ'' اس پر حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے آپ سے کہا کہ تم کبھی ابوبکرؓ سے آگے نہیں بڑھ سکتے۔ بے شک ہر شخص اپنی ایمانی حالت، اپنے مرتبے اور توکل کے مطابق خرچ کرتا ہے اور اپنے خدا سے اجر پاتا ہے۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

''خدا کی راہ میں جو لوگ مال خرچ کرتے ہیں۔ ان کے مالوں میں خدا اس طرح برکت دیتا ہے کہ جیسے ایک دانہ جب بویا جاتا ہے تو گو وہ ایک دانہ ہوتا ہے مگر خدا اس میں سے سات خوشے نکال سکتا ہے اور ہر ایک دانہ میں سو (۱۰۰) دانے پیدا کر سکتا ہے۔ یعنی اصل چیز سے زیادہ کر دینا یہ خدا کی قدرت میں داخل ہے۔ اور درحقیقت ہم تمام لوگ خدا کی اسی قدرت سے ہی زندہ ہیں۔ اور اگر خدا کسی چیز کو اپنی طرف سے زیادہ کرنے پر قادر نہ ہوتا تو تمام دنیا ہلاک ہو جاتی اور ایک بھی جاندار روئے زمین پر زندہ نہ رہتا۔'' (چشمہ معرفت، ص:۱۶۲)

خدا تعالیٰ کا حضرت مسیح موعودؑ کی اس پیاری سی جماعت سی جماعت پر بہت بڑا احسان ہے کہ اس میں شامل لوگ قربانیوں میں پیش پیش رہتے ہیں۔ ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ مالی قربانی ہماری اپنی اصلاح کے لئے اور اپنے نفس کو پاک کرنے کے لئے انتہائی ضروری ہے۔ کیونکہ ایمان میں ترقی مالی قربانی کے بغیر نہیں ہو سکتی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ فرماتے ہیں:

''اگر تم دینی کاموں کے لئے اپنے مال خرچ کرو تو جس طرح ایک دانہ سے اللہ تعالیٰ سات سو دانے پیدا کر دیتا ہے اسی طرح سے وہ تمہارے اموال کو بھی بڑھائے گا۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ ترقی عطا فرمائے گا۔'' (تفسیر کبیر جلد ۲، ص:۶۰۴)

حضرت مصلح موعودؓ مزید فرماتے ہیں۔

''خدا تعالیٰ کی طرف سے انعام دینے میں بخل تو تب ہو جب خدا کے ہاں کسی چیز

کی کمی ہو مگر وہ تو بڑی وسعت والا بڑی فراخی والا ہے اور پھر وہ علیم بھی ہے وہ جانتا ہے کہ کوئی شخص کس قدر انعام کا مستحق ہے۔'' (تفسیرِ کبیر جلد۲،ص:۶۰۴)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

''اس آخری زمانہ میں آنحضرتﷺ کے غلام صادق کے ذریعے سے مالی قربانیوں کے جہاد ہونے تھے۔ اس لئے ان لوگوں کے دلوں میں جنہوں نے حضرت مسیح موعودؑ کو مانا ہے وسعت پیدا کردی ہے۔ اس زمانے میں جبکہ ہر طرف مادیت کا دور دورہ ہے حضرت مسیح موعودؑ کے ماننے والوں میں ایک بہت بڑی تعداد مالی قربانی کرنا جانتی ہے اور ان نمونوں کو قائم کرنے والی ہے جو آنحضرتﷺ کی سنت پر چلتے ہوئے صحابہ کرامؓ نے قائم کئے۔'' (از خطبہ جمعہ فرمودہ ،۳۱ مارچ ۲۰۰۶)

صد شکر کہ ہم اس مبارک نظام سے وابستہ ہیں جو خلافت کے زیرِ سایہ دن بدن ترقی کرتا چلا جارہا ہے۔ آج ہمارا فرض بنتا ہے کہ نہ صرف ہم خود پورے صدق اور اخلاص پر چلتے ہوئے خدا کی راہ میں خرچ کرنے والے ہوں بلکہ اپنی نئی نسلوں کو بھی اپنے ساتھ شامل کریں جس کا نتیجہ میں خدا تعالیٰ کے بے شمار فضلوں اور رحمتوں کے نظارے دیکھیں۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری سُستیاں دور فرمائے اور ہمیں مالی قربانیوں کے میدان میں ہمیشہ آگے بڑھنے کی توفیق عطا فرمائے تاکہ ہم حضرت مسیح موعودؑ اور آپکے خلفاء کی دعاؤں کے وارث بن سکیں۔ (آمین)

فرح دیبا۔ Dublin

دعوت الی اللہ

اگر تاریخ کا مطالعہ کریں تو پتہ چلتا ہے کہ جب سے نسلِ آدم کا وجود قائم کیا گیا ہے اسی وقت سے اللہ تعالیٰ کے فرستادہ اور نیک بندے مخلوقِ خدا کی ہدایت اور اللہ تعالیٰ سے محبت کا درس دینے کے لیے کھڑے ہونا شروع ہوئے، جن کا کام انسان کو ناپاک حملوں سے بچا کر اس کو حقیقی خالق اور مالک کی حفاظت و نصرت مہیا کرنا رہا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں دعوت الی اللہ کے سلسلہ میں فرماتا ہے کہ

"اور تم میں ایک ایسی جماعت بھی ہونی چاہئے جس کا کام صرف اور صرف یہ ہو کہ وہ (لوگوں کو) نیکی کی طرف بلائے اور نیک باتوں کی تعلیم دے اور بدی سے روکے اور یہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں۔"

(سورۃ آل عمران آیت ۱۰۵)

قارئین کرام: خدا تعالیٰ کی طرف بلانے اور اعمال صالحہ کی نصیحت کرنے سے قبل ضروری ہے کہ ہم خود عبادت کرنے والے اور اچھے اخلاق کے مالک ہوں۔ اگر ہمارے قول و فعل میں مطابقت ہوگی تو یقیناً اس کا اثر کئی گنا زیادہ بہتر ہوگا اور آپ کے ماحول میں بسنے والے ساتھی خود بخود آپ کے عقائد اور آپ کی نیک سیرت میں دلچسپی لینا شروع کردیں گے۔ دعوت الی اللہ کے وسیع تر میدان میں سب سے بڑھ کر بے نظیر نمونے ہمارے پیارے آقا حضرت محمدﷺ نے ہمارے لیے قائم کیے ہیں، آپﷺ فرماتے ہیں کہ:۔

جو شخص کسی ہدایت کی طرف بلائے اس شخص کو تمام ان لوگوں کے برابر ثواب ہوگا جو اس کی پیروی کریں گے۔ (صحیح مسلم)

حضرت مسیح موعودؑ کی بعثت کا مقصد ہی دین اسلام کی تجدید اور سیرت طیبہ ﷺ کو عملی رنگ میں دنیا کے سامنے پیش کرنا تھا، آپ فرماتے ہیں کہ:۔

ہمارے اختیار میں ہو تو ہم فقیروں کی طرح گھر گھر پھر کر خدا تعالیٰ کے سچے دین کی اشاعت کریں اور اس کو ہلاک کرنے والے شرک اور کفر سے جو دنیا میں پھیلا ہوا ہے سے لوگوں کو بچائیں اور اس تبلیغ میں زندگی ختم کردیں خواہ مارے ہی جائیں۔ (ملفوظات جلد سوئم ص ۳۹۱)

سب سے پہلے اپنے نفسانی خیالات کو پاکیزہ کرنا ہوگا، اور پھر اپنے گھر میں موجود برائیوں کا سدباب کرنا ضروری ہے، اس طرح نیک اور صاف ستھرے ساتھیوں کی محبت حاصل ہوگی، اور جہالت اور گمراہی کا خاتمہ ہوسکے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں کہ:۔

ہر احمدی بلا استثناء (داعی الی اللہ) بنے، وہ وقت گزر گیا کہ جب چند داعیان الی اللہ پر انحصار کیا جاتا تھا اب تو بچوں کو بھی داعی اللہ بننا پڑے گا یہاں تک کے بستر میں لیٹے ہوئے بیماروں کو بھی داعی اللہ بننا پڑے گا اور کچھ نہیں وہ دعاؤں کے ذریعے ہی دعوت الی اللہ کے جہاد میں شامل ہوسکتے ہیں۔

تبلیغ احمدیت دنیا میں کام اپنا
دارالعمل ہے گویا عالم تمام اپنا

(خطبہ جمعہ ۴ مارچ ۱۹۸۳)

اللہ ہمیں بہترین داعی الی اللہ بننے کی توفیق عطا فرمائے اور اس کے حضور اچھے پھل پیش کرنے کی ہمیں سعادت حاصل ہو۔ آمین

ثانیہ احسن ۔ Dublin

توکّل علی اللّٰہ اور مالی قربانی

اللہ تعالیٰ قرآنِ کریم میں فرماتا ہے۔

مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَہٗ لَہٗٓ اَضْعَافًا کَثِیْرَۃً ط وَاللّٰہُ یَقْبِضُ وَیَبْصُۜطُ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ۔

ترجمہ: کیا کوئی ہے جو اللہ کو (اپنے مال کا) ایک اچھا ٹکڑا کاٹ کر دیتا کہ وہ اسے اس کے لئے بہت بہت بڑھائے اور اللہ (کی یہ سنت ہے کہ وہ بندہ کا مال) لیتا ہے اور بڑھاتا ہے اور (آخر) تمہیں اسی کی طرف لوٹایا جائے گا۔ (البقرۃ ۲۴۶)

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ حضرت رسول کریم ﷺ نے فرمایا۔ اے ابن آدم! تو دل کھول کر خرچ کر اللہ تعالیٰ بھی تجھ پر خرچ کرے گا۔ (صحیح مسلم کتاب الزکوٰۃ)۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام مال کی قربانی کرنے کے بارے میں فرماتے ہیں:

”یہ ظاہر ہے، کہ تم دو چیز سے محبت نہیں کر سکتے اور تمہارے لئے ممکن نہیں، کہ مال سے بھی محبت کرو، اور خدا سے بھی۔ صرف ایک سے محبت کر سکتے ہو۔ پس خوش قسمت وہ شخص ہے کہ خدا سے محبت کرے۔ اور اگر کوئی تم میں سے خدا سے محبت کر کے اس کی راہ میں مال خرچ کرے گا۔ تو میں یقین رکھتا ہوں، کہ اس کے مال میں بھی دوسروں کی نسبت برکت دی جائے گی۔ کیونکہ مال خود بخود نہیں آتا۔ بلکہ خدا کے ارادہ سے آتا ہے۔ پس جو شخص خدا کیلئے بعض حصہ مال چھوڑتا ہے۔ وہ صرف اسے پائے گا۔ لیکن جو شخص مال سے محبت کر کے خدا کی راہ میں وہ خدمت بجا نہیں لاتا جو بجالانی چاہیئے۔ تو وہ ضرور اس مال کو کھوئے گا۔ یہ مت خیال کرو کہ مال تمہاری کوشش سے آتا ہے، بلکہ خدا تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے۔ اور یہ مت خیال کرو کہ تم کوئی حصہ مال کا دے کر یا کسی اور رنگ سے کوئی خدمت بجا لا کر خدا تعالیٰ اور اس کے فرستادہ پر کچھ احسان کرتے ہو، بلکہ یہ اس کا احسان ہے کہ تمہیں اس خدمت کیلئے بلاتا ہے۔ (مجموعہ اشتہارات جلد سوم صفحہ ۴۹۷۔۴۹۸)

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ فرماتے ہیں، ’خدا تعالیٰ کا میرے ساتھ وعدہ ہے کہ اگر میں جنگل بیابان میں بھی ہوں تب بھی مجھے رزق پہنچائے گا اور میں کبھی بھوکا نہیں رہوں گا‘‘، فرماتے ہیں ’’اللہ تعالیٰ کو آزمایا نہ کرو اور خدا سے ڈرو۔ اس کا میرے ساتھ خاص معاملہ ہے۔‘‘ (از حیاتِ نور)

اللہ پر توکل ہر مومن کا ایمان ہونا چاہیے۔ انسان کتنی ہی مشکلات اور مصائب میں مبتلا ہو مگر خدا پر یقین اور توکل مومن کو اسکی منزل مقصود تک پہنچا دیتا ہے۔

قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ۔

”اور وہ اُسے وہاں سے رزق عطا کرتا ہے جہاں سے وہ گمان نہیں کر سکتا۔ اور جو اللہ پر توکل کرے تو وہ اُس کے لئے کافی ہے۔ یقیناً اللہ اپنے فیصلہ کو مکمل کر کے رہتا ہے۔ اللہ نے ہر چیز کا ایک منصوبہ بنا رکھا ہے“۔ (سورۃ الطلاق آیت نمبر ۴)

ایک مثال یہاں میں اپنے ذاتی تجربہ کی دینا چاہوں گی۔ جب ہم Galway مشن ہاؤس شفٹ ہوئے، تو ایک دن مجھے کچھ پیسوں کی سخت ضرورت پڑ گئی۔ میں نے اپنے شوہر مولانا ابراہیم نونن سے اس بات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دُعا کریں۔ اس پر انہوں نے مجھے تسلی دیتے ہوئے کہا کہ ’خدا کی ذات پر بھروسہ رکھو‘۔ اُس دن خدا تعالیٰ نے موقعہ دیا کہ اس مقصد کے لئے خاص دُعا کی جائے۔ خیر اسی رات مولانا صاحب نے خواب میں دیکھا کہ ایک شخص ہمارے گھر آیا ہے اور ایک بند لفافہ چھوڑ گیا ہے۔ اس خواب کے اگلے ہی دن ہمارے ایک جاننے والے ہمارے گھر آئے اور بچوں کے لئے کچھ سامان کے ساتھ ایک بند لفافہ دیتے ہوئے کہنے لگے کہ یہ آپ کے لئے تحفہ ہیں۔ یہ دیکھ کر میرے لبّ پر خدا تعالیٰ کی حمد تھی۔ سبحان اللہ۔

خدا قادر مطلق ہے اور ہر بات کا علم رکھتا ہے اسلئے اپنے بندوں کو کبھی ضائع نہیں کرتا۔ اپنے بندوں کی دعائیں سنتا ہے چاہے دنیا انہیں لعن طعن کرے مگر خدا کے نیک بندوں کے کام خود بخود ہوتے چلے جاتے ہیں۔

خدا کی راہ میں مالی قربانی کرنے سے ہمارے ہاتھ کبھی خالی نہیں ہوتے، بلکہ خدا اپنے فضل سے اسے اور بڑھا دیتا ہے۔ اب خدا کے فضل و کرم سے جلد ہی آئر لینڈ میں پہلی مسجد مریم کا سنگ بنیاد رکھا جا رہا ہے۔ اس کی تعمیر میں ہم سب کو مل کر حصّہ لینا ہے۔ مسجد خدا کا گھر ہے اور ہم سب کو مل کر اسکی تعمیر میں حصّہ لینا چاہیئے۔ حدیث میں آتا ہے کہ جس نے مسجد بنائی اسکا گھر آخرت میں بن جاتا ہے۔ میری پیاری بہنوں سے درخواست ہے کہ اس قیمتی موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دیں اور اس مسجد کی تعمیر میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیں۔ خدا تعالیٰ ہم سب کو اس کی تعمیر میں بہترین رنگ میں شامل ہونے کی توفیق دے۔ آمین۔

قانتہ نونن۔ Galway

مرد و عورت دونوں کا اپنے سسرال سے نیک سلوک صِلہ رحمی میں آتا ہے

میاں بیوی کے ایک دوسرے پر جو حقوق ہیں ان میں عام طور پر ایک حصہ کو اکثر نظر انداز کر دیا جاتا ہے اور وہ ہے اپنے سسرالی عزیزوں سے نیک سلوک خواہ وہ رشتہ داروں میں سے ہوں یا غیروں میں سے ہوں۔ جو آیات نکاح کے موقعہ پر تلاوت کی جاتی ہیں اُن میں سے ایک میں خداتعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ ﴿واتّقوا اللّٰہ الّذی تساء لون بہ والارحام ۔ ان اللّٰہ کان علیکم رقیباً﴾ (النساء۔۲) جس کے معنے ہیں کہ تم تقویٰ کرو اللہ کا جس کے نام کا واسطہ دے کر تم ایک دوسرے سے مانگتے ہو اور تقویٰ کرو رحموں کا۔ اَرْحَام کا لفظ رِحم کی جمع ہے۔ یہاں تقویٰ سے مراد یہ ہے کہ خدا کی ناراضگی کے خوف سے بچتے ہوئے اپنے فرائض ادا کرنا۔ یعنی اللہ کے حقوق کی نگہداشت کرو اور رحمی تعلقات کے حقوق کی نگہداشت کرو۔ خدا نے یہاں صلہ رحمی کی اس قدر تاکید کی ہے کہ اپنے حقوق کے بعد رحمی تعلقات کی نگرانی کرنے کا حکم دیا ہے۔

یہاں لفظ اَرْحَام میں میاں بیوی دونوں کے رحمی تعلقات مراد ہیں کیونکہ اس حکم میں مرد وعورت دونوں برابر کے شریک ہیں۔ دیکھا جائے تو تمام خونی رشتوں اور رشتہ داریوں کا تعلق کسی نہ کسی مشترک رِحم سے ہوتا ہے۔ کبھی تو براہ راست اور کبھی بعض واسطوں کے ساتھ۔ والدین کے ساتھ تو خونی رشتہ ہوتا ہی ہے۔ بہن بھائیوں کی والدہ مشترک ہوتی ہے۔ سوتیلے بہن بھائیوں کی دادی ایک ہوتی ہے۔ ایسے ہی کسی کے ساتھ دادی مشترک ہوتی ہے تو کسی کے ساتھ نانی۔ پھر اور اوپر چلیں تو دادیوں نانیوں کی مائیں وغیرہ اور یوں تمام انسان ایک ماں حوّا کی وجہ سے انسانی رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں۔ اس لئے بنی نوع انسان کے حقوق کو بھی وسیع دائرے میں صلہ رحمی میں ہی خدا تعالیٰ نے داخل فرما دیا ہے۔ جیسے فرمایا: ''اے لوگو اپنے رب کا تقویٰ اختیار کرو جس نے تم کو ایک ہی جان سے پیدا کیا''۔

مذکورہ بالا آیت میں یہ نہیں فرمایا گیا کہ تم صرف اپنے ہی رحمی تعلقات کے حقوق وفرائض ادا کرو بلکہ فقط اَرحام کہا گیا ہے اَرْحَامُکُمْ نہیں کہا گیا۔ جس میں اس طرف اشارہ ہے کہ تم نہ صرف اپنے بلکہ بیوی کے جو رحمی رشتہ دار ہیں ان کے حقوق کا بھی خیال رکھو۔ بہت مرد ایسے ہیں جو یہ سمجھتے ہیں کہ میری بیوی کا تو فرض بنتا ہے کہ میرے رحمی تعلقات کا خیال رکھے لیکن یہی حق بیوی کو دینے کے لئے تیار نہیں ہوتے۔ اس کے خاندان کو تو غیر سمجھتے ہیں لیکن خود اس کو اپنے خاندان میں مدغم سمجھتے ہیں۔ بیویوں کو تو اپنے خاندان کا حصہ بنا لیتے ہیں لیکن خود اس ایسا کرنا مردانگی کے خلاف سمجھتے ہیں۔ جو چیز قابل غور ہے وہ یہ جس طرح مرد کو اپنے رحمی تعلقات کی نگہداشت کا حکم ہے ایسا ہی حکم عورت کو بھی ہے۔ اگر مرد اپنی بیوی سے تعاون نہ کرے تو وہ اپنے رحمی رشتے داروں کے حقوق کیسے ادا کر سکتی ہے۔ صلہ رحمی جس طرح مرد پر فرض ہے ویسے ہی عورت پر بھی فرض ہے۔ اس لئے مرد کا فرض ہے کہ عورت اگر اپنے رشتہ داروں کے ساتھ نیکی اور احسان کا معاملہ کرنا چاہے تو خدائی حکم تعاونوا علی البرّ والتّقوٰی (ایک دوسرے کے ساتھ نیکی، احسان اور تقویٰ کے کاموں میں تعاون کیا کرو) کے ماتحت بیوی کو روکے نہیں بلکہ اس کے ساتھ پورا پورا تعاون کرے اور اس کی حوصلہ افزائی کرے۔ بالکل یہی حکم بیوی کو خاوند کے رحمی رشتہ داروں کے ساتھ سلوک کرنے کا ہے۔ ان کو یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ جو حقوق وفرائض مرد کے عورت پر ہیں بالکل ویسے ہی عورت کے مرد پر بھی ہیں۔ لہٰذا اس حُکم میں اپنے اور اپنے ساتھی دونوں کے اَرحام کے تقاضوں کا خیال رکھنا شامل ہے۔ کیونکہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ ﴿ولھنّ مثل الّذی علیھنّ بالمعروف﴾ (البقرہ:۲۲۹)

کہ اُن (عورتوں) کا دستور کے مطابق (مردوں پر) اُتنا ہی حق ہے جتنا (مردوں کا) اُن پر ہے۔ حدیث میں بھی صلہ رحمی کی اس قدر اہمیت بیان ہوئی ہے کہ خدا نے اپنی رحمانیت کے ماتحت فضل فرمانے کو صلہ رحمی کے ساتھ گویا باندھ دیا ہے۔ چنانچہ حدیث میں آتا ہے کہ خدا فرماتا ہے: ﴿انّ الرّحمٰن وانت الرّحم شققت اسمك من اسمی فمن وصلّھا وصلّتهٗ ومن قطعھا قطعتهٗ﴾

یعنی مَیں رحمان ہوں (بن مانگے دینے والا۔ بغیر حق اور بن عمل کے فضل فرمانے والا) اور تو رحم ہے۔ میں نے تیرا نام اپنے نام سے نکالا ہے۔ پس جو شخص رحمی تعلقات کو ملائے رکھتا ہے (ٹوٹنے نہیں دیتا) میں بھی اپنا تعلق اس سے ملائے رکھتا ہوں اور جو شخص قطع رحمی کرتا ہے میں بھی اس سے اپنا تعلق کاٹ لیتا ہوں۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے صلہ رحمی کو حقیقی احمدی ہونے کے لئے ضروری قرار دیا ہے۔ آپؑ فرماتے ہیں: ''جو شخص اپنے ماں باپ کی عزّت نہیں کرتا اور امورِ معروفہ میں جو خلافِ قرآن نہیں ہیں اُن کی بات نہیں مانتا اور ان کی تعہّد

خدمت سے لاپرواہ ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ جو شخص اپنی اہلیہ اور اس کے اقارب سے نرمی اور احسان کے ساتھ معاشرت نہیں کرتا وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ جو شخص نہیں چاہتا کہ اپنے قصوروار کا گناہ بخشے اور کینہ پرور آدمی ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ ہر ایک مرد جو بیوی سے یا بیوی خاوند سے خیانت سے پیش آتی ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے ''۔ (کشتی نوح)

حدیث میں آتا ہے، جُبیرؓ بن مُطعم روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص رشتہ داری کے تعلقات کو توڑتا ہے وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا'' (ریاض الصالحین نمبر ۳۴۱)

آنحضرت ﷺ نے خالہ کے بارے میں فرمایا۔ ''الخالۃ بمنزلۃ الام'' (ریاض الصالحین نمبر ۳۳۷) خالہ بھی ماں کی طرح ہے۔ خالہ سے متعلقہ رشتوں کا لحاظ رکھنا بھی خودبخود اس میں شامل ہوگیا۔ آنحضرت ﷺ کو رحمی رشتہ داروں کا اتنا پاس تھا کہ آپ کے دادا ابراہیم علیہ السلام نے آپ کی پیدائش سے کوئی اڑھائی ہزار سال پہلے ایک نیک مصری خاتون سے شادی کی تھی جس کی نسل سے آپ کی قوم تھی۔ تو آپؐ نے فرمایا کہ ''جب تم مصر فتح کرو تو وہاں کے لوگوں کا خیال رکھنا وہ تمہارے رشتہ دار ہیں۔ تمہاری دادی ہاجرہ مصر سے تھیں''۔ اللہ اللہ کیا صلہ رحمی ہے۔ لوگ تو اپنے سسرال کے حقوق کا بھی خیال نہیں کرتے مگر آپ ﷺ ہیں کہ 2500 سال پہلے گزرے اپنے ایک دادا کے سسرال کا بھی خیال رکھتے ہیں۔

﴿اللّٰھم صلّی علی محمّد وعلی آل محمّدٍ﴾

(بحوالہ الفضل انٹرنیشنل 23 ستمبر 2005 صفحہ 10)

چار چیزیں

ایک دفعہ حضرت موسیٰؑ کہنے لگے کہ کیا ہی اچھا ہوتا کہ چار چیزیں ہوتیں اور چار چیزیں نہ ہوتیں۔

زندگی ہوتی	اور	موت نہ ہوتی
جنت ہوتی	اور	دوزخ نہ ہوتی
امیری ہوتی	اور	غریبی نہ ہوتی
تندرستی ہوتی	اور	بیماری نہ ہوتی

تو غیب سے آواز آئی کہ اگر زندگی ہوتی اور موت نہ ہوتی تو میرا دیدار کون کرتا۔ اگر جنت ہوتی اور دوزخ نہ ہوتی تو میرے عذاب سے کون ڈرتا۔ امیری ہوتی اور غریبی نہ ہوتی تو میرا شکر کون ادا کرتا۔ تندرستی ہوتی اور بیماری نہ ہوتی تو مجھے کون یاد کرتا۔ یہ باتیں حضرت موسیٰؑ نے سُنیں تو کہا بے شک میرے پروردگار تیرے ہر کام میں کوئی نہ کوئی حکمت ہے۔ (مرسلہ طیبہ مقبول۔ *Dublin*)

اے عورت!

حضرت ڈاکٹر محمد اسماعیل صاحب اپنی ایک تحریر میں عورت کو مخاطب ہو کر فرماتے ہیں۔

☆ ''پس اے عورت! اے گذشتہ نسل کی بیٹی! موجودہ نسل کی بہن اور بیوی اور آئندہ نسل کی ماں، تیری اور محض تیری خیرخواہی اور فائدہ کے لئے تیرے پیدا کرنے والے اور تیری حقیقی فطرت کے جاننے والے نے تیرے لئے بعض مفید اور اعلیٰ قواعد تجویز فرمائے ہیں۔ تو ان پر عمل کر اور آخرت میں سرخرو ہو۔

☆ پہلی بات یہ کہ تو اپنے خداوند خدا کا درجہ اور عظمت دنیا کی ہر چیز اور ہر عزیز سے بلند اور اعلیٰ سمجھ اور اس کے ان احکام کو جو اس نے تجھ پر فرض کئے ہیں، ہر شخص کے حکم اور منشاء پر مقدم رکھ۔

☆ خدا تعالیٰ کے بعد تجھ پر تیرے خاوند کا حق ہے۔ تو اس کی حتی الوسع فرمانبرداری کر۔

☆ خاوند کی اطاعت کے بعد سب سے بڑا فرض تیرا یہ ہے کہ تو اپنی اولاد کی نیک تر بیت کرے تاکہ تیری نیکی دائمی اور تیرے عمل باقیات الصالحات میں شمار ہوں۔

اگر صرف ان تین باتوں پر ہی تیرا عمل ہو تو یقین کر لے کہ تو جنت کی حور، خدا کی پاکباز اور پیاری بندی اور دنیا کی رونق اور برکت ہے''۔

(از شمع حرم صفحہ ۳۰،۳۱)

دکھاوا

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ فرماتے ہیں ''ہمارا یعنی مشرقی معاشرہ مجھے کہنا چاہیے مشرقی معاشرہ کی خرابیاں نفرتیں پیدا کرتی ہیں اور اسی کا نام شریکہ ہے اور یہ خرابیاں اور بھی کئی قسم کی عادتوں کے نتیجہ میں بڑھتی چلی جاتی ہیں مثلاً دکھاوا ہے بیاہ شادی کے موقعہ پر لوگوں نے ایک خواہ مخواہ کا ناک بنایا ہوا ہے اور ناک کے کٹنے کی بڑی فکر ہے۔ ہماری ان خواتین کو وہم ہوتا ہے کہ اگر بیاہ شادی کے موقعہ پر ریاکاری سے کام نہ لیا گیا تو لوگوں کے سامنے ہمارا ناک کٹ جائے گا بھئی ناک تو اس وقت کٹ گیا جب خدا کے سامنے کٹ گیا باقی ناک رہا کہاں ہے جس کو کاٹو گی جب خدا کی ہدایات سے روگردانی کی۔ جب رسول ﷺ کی ہدایات سے روگردانی کی جب اسلامی تعلیم کی طرف سے پیٹھ پھیر دی تو مومن کا ناک تو وہیں کٹ جاتا ہے باقی رہا ہی کچھ نہیں پھر اس بات کی کیا فکر کہ کیا رہتا ہے اور کیا نہیں رہتا۔ امر واقعہ یہ ہے کہ دکھاوے نے بھی ہمارے معاشرہ میں بہت ہی خوفناک اثرات مرتب کئے ہیں''۔

(حوا کی بیٹیاں اور جنت نظیر معاشرہ صفحہ نمبر ۴۸۔۴۹)

”ہمارا کوئی حق نہیں بنتا کہ کسی پر بلاوجہ انگلیاں اٹھاتے پھریں۔“

”خیانت نہ کرو، گلہ نہ کرو، اور ایک عورت دوسری عورت پر بہتان نہ لگاوے“۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام عورتوں کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے
ہیں: ”خیانت نہ کرو، گلہ نہ کرو، اور ایک عورت دوسری عورت پر بہتان نہ
لگاوے“۔ (کشتی نوح، روحانی خزائن جلد ۱۹ صفحہ ۸۱)
اب اس کا یہ مطلب نہیں کہ مرد جا کر اپنی عورتوں کو سمجھاتے رہیں، خود بھی سمجھنے کی
ضرورت ہے۔ پھر کسی عورت نے دوسری عورت پر گلہ کیا تو اس پر آپ نے فرمایا:
”ایک شخص تھا، اس نے کسی دوسرے کو گنہگار کو دیکھ کر خوب اس کی نکتہ چینی کی۔
اور کہا کہ یہ دوزخ میں جائے گا۔
قیامت کے دن خدا تعالیٰ اس سے پوچھے گا کہ ”کیوں؟ تجھ کو میرے اختیارات
کس نے دیئے ہیں۔ جنت اور دوزخ میں بھیجنا تو میرا کام ہے۔ دوزخ اور
بہشت میں بھیجنے والا تو مَیں ہی ہوں تو کون ہے؟“ تو جس نے نکتہ چینی کی تھی اور
اپنے آپ کو نیک سمجھتا تھا اس شخص کو کہا کہ ”جا مَیں نے تجھے دوزخ میں ڈالا اور
یہ گنہگار بندہ جس کا تو گلہ کیا کرتا تھا کہ یہ ایسا ہے ویسا ہے اور دوزخ میں جائے گا
اس کو میں نے بہشت میں بھیج دیا“، جنت میں بھیج دیا۔
تو فرماتے ہیں کہ ”ہر ایک انسان کو سمجھنا چاہیے کہ ایسا نہ ہو کہ مَیں ہی الٹا شکار
ہو جاؤں“۔ (ملفوظات جلد پنجم صفحہ ۱۰۔۱۱۔ مطبوعہ ربوہ)
آج بھی لوگ ایسی باتیں کر جاتے ہیں کہ فلاں شخص تو بڑا گندا ہے،
گنہگار ہے، جہنمی ہے پھر بعض اپنی بزرگی جتانے کے لئے اس قسم کی باتیں کرر
ہے ہوتے ہیں کہ پہلے تو کرید کرید کر کسی کے بارہ میں پوچھتے ہیں کہ فلاں نیکی تم
نے کی، فلاں کی، نماز پڑھی، یہ کیا، وہ کیا، نمازوں میں دعائیں کرتے ہو، کس طر
ح کرتے ہو، رقت طاری ہوتی ہے کہ نہیں، رونا آتا ہے کہ نہیں، حوالہ دیا کہ جس کو
رونا نہیں آیا اس کا دل سخت ہو گیا۔ تو یہ چیزیں پوچھتے ہیں پہلے کرید کرید کر جو با
لکل غلط چیز ہے۔ یہ بندے اور خدا کا معاملہ ہے، انفرادی طور پر کسی کو پوچھنے کا حق
نہیں ہے، عموماً ایک نصیحت کی جاتی ہے جلسوں میں، خطبوں میں، کہ اس طرح نما
ز پڑھنی چاہئے۔
اس طرح نماز ادا کرنی چاہیے اور پوری طور پر اللہ تعالیٰ کے حضور جھکنا چاہیے۔ تو
ہر شخص کا کام نہیں ہے کہ پہلے کرید کرید کر پوچھے اور پھر جب اس کی حالت کا پتہ
کر لے تو یہ کہے کہ تم اتنے دن سے نماز میں روئے نہیں، تمہیں رقت طاری نہیں
ہوئی۔ تم نے اپنے آپ کو ہلاک کر لیا یا ہلاکت میں ڈال دیا۔ تو ایسے لوگوں کو
حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ خدا کے اختیار ان کو نہیں
ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ تمہارے رونے کو خدا تعالیٰ ردّ کر دے اور اس کے نہ رونے کو قبو
ل کر لے۔
پھر آپ فرماتے ہیں کہ ”دل تو اللہ تعالیٰ کی صندوقچی ہوتا ہے اور
اس کی کنجی اس کے پاس ہوتی ہے۔ کسی کو کیا خبر کہ اس کے اندر کیا ہے۔ تو خواہ مخواہ
اپنے آپ کو گناہ میں ڈالنے کا کیا فائدہ۔ حدیث شریف میں آتا ہے کہ ”ایک
شخص بڑا گنہ گار ہوگا۔ خدا تعالیٰ اس کو کہے گا کہ میرے قریب ہو جا۔ یہاں تک کہ ا
س کے اور لوگوں کے درمیان اپنے ہاتھ سے پردہ کر دے گا اور اس سے پوچھے گا
کہ تو نے فلاں گناہ کیا، فلاں گناہ کیا، لیکن چھوٹے چھوٹے گناہ گنوائے گا۔ وہ
کہے گا کہ ہاں یہ گناہ مجھ سے سرزد ہوئے“۔ خدا تعالیٰ فرمائے گا کہ
”اچھا آج کے دن مَیں نے تیرے سب گناہ معاف کئے اور ہر ایک
گناہ کے بدلے دس دس نیکیوں کا ثواب دے دیا۔ تب وہ بندہ سوچے گا کہ جب ا
ن چھوٹے چھوٹے گناہوں کا دس دس نیکیوں کا ثواب ملا ہے تو بڑے بڑے گناہو
ں کا تو بہت زیادہ ثواب ہوگا۔ تو یہ سوچ کر وہ بندہ خود ہی اپنے بڑے بڑے گناہ
گنائے گا کہ ”اے خدا مَیں نے تو یہ گناہ بھی کئے ہیں“۔ تب اللہ تعالیٰ اس کی با
ت سن کر ہنسے گا اور فرمائے گا۔ کہ ”دیکھو! میری مہربانی کی وجہ سے یہ بندہ ایسا د
لیر ہو گیا ہے کہ اپنے گناہ خود ہی بتلاتا ہے“۔ پھر اسے حکم دے گا کہ،
”جا، بہشت کے آٹھوں دروازوں میں سے جس سے تیری طبیعت چاہے داخل
ہو جا“۔ تو یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے اس لئے ہمارا کوئی حق نہیں بنتا کہ کسی پر بلا و
جہ انگلیاں اٹھاتے پھریں۔ تو کیا خبر ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اس سے کیا سلوک ہے؟ یا ا
س کے دل میں کیا ہے؟۔ اس لئے غیبت کرنے سے بکلّی پرہیز کرنا چاہئے“۔
(بدر جلد نمبر ۱۰ صفحہ ۱۰ مورخہ ۹ مارچ ۱۹۰۶ء بحوالہ ملفوظات جلد ۸ صفحہ ۱۴۷ جدید ایڈیشن)

انٹرنیٹ کا استعمال

آج کا معاشرہ چاہے وہ اسلامی ہو یا غیر اسلامی، دونوں میں تباہی کی ایک بڑی وجہ الیکٹرونک میڈیا ہے۔ یہ ہی وہ آگ ہے جسکی تپش ہمارے اپنے گھروں میں محسوس ہونے لگی ہے، اور ہمارے گھر کے ماحول اور تربیت میں خلل ڈال رہی ہے۔ افسوس کہ ہمارے گھر آجکل بہت بری طرح میڈیا کی لپیٹ میں آئے ہوئے ہیں۔

الیکٹرونک میڈیا سے بات شروع کریں تو پہلا لفظ ذہن میں TV کا آتا ہے، جب کہ اسی میں ہمارے لئے بہت سے علمی اور روحانی خزانے بھی موجود ہیں، جیسے کہ ہمارا اپنا چینل MTA۔ لیکن ہم بات کر رہے ہیں اُن چینلز کی یا اُن پروگراموں کی جو اخلاقی لحاظ سے ہمارے لئے اور ہماری اولاد کے لئے کبھی بھی ٹھیک نہیں ہو سکتے۔ اور وہ بدقسمتی سے آجکل ہماری نوجوان نسل کے لئے پسندیدہ تفریح کے پروگرام بن گئے ہیں۔

اس بات پر ہمارا یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ یہ ایک ایسا دلدل ہے جو اس میں پھنستا ہے تو پھنستا ہی چلا جاتا ہے۔

آج ہم بات کرنے جا رہے ہیں ایسے دلدل کی جو ایک انسان کو زندگی بھر باہر نکلنے نہیں دیتا بلکہ کچھ لوگ تو اس دلدل میں پھنس کر ہمیشہ کے لئے اپنی زندگی کے ساتھ ساتھ دوسروں کی زندگیوں کو بھی خراب کر رہے ہوتے ہیں۔

میں آج آپ سب پیاری بہنوں سے وہ باتیں کرنا چاہتی ہوں جو میں سمجھتی ہوں کہ آپ کے علم میں مزید اضافہ کریں گی۔ اور آپ کو آجکل کی صورتحال پر خبردار کر سکیں گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ

عزیز بہنو! آپ مائیں ہونے کے ناطے اپنے بچوں کی تربیت کی ذمہ دار ہیں۔ میں آپ کو ایسے فرض سے روشناس کرانا چاہتی ہوں جو فی زمانہ آپ کی آنکھ سے اوجھل ہے۔ آجکل کا معاشرہ ہمیں سب سے پہلے بچوں سے دوستی کی طرف توجہ کراتا ہے۔ اپنے بچوں سے اسطرح سے دوستی رکھیں کہ آپکا بچہ جو اردگرد دیکھتا ہے، یا محسوس کرتا ہے اسکا اظہار وہ آپ سے کر سکے۔ ایک بڑی اہم بات یہ ہے کہ آپ اپنے بچوں کی نفسیات کو سمجھیں۔ دعاؤں کے ساتھ ساتھ اپنے بچوں پر نظر رکھیں، ان کے ہر دوست کے بارہ میں اچھی طرح سے معلومات رکھیں۔ اپنے بچے کے شوق اور مصروفیات کا بھی آپ کو علم ہونا چاہیے۔

آپ کچھ دیر کے لئے فرض کریں کہ آپ کا بچہ بہت کم عمر کا ہے اور بے علمی کی وجہ سے ایک جلتی ہوئی آگ کی طرف جا رہا ہے، یا کسی اُونچائی سے چھلانگ لگانے کے لئے بھاگ رہا ہے، یا کسی بہت بڑے خطرے کی طرف چلتا جا رہا ہے۔ تو اُس وقت آپ کا ردِعمل کیا ہوگا؟

یقیناً آپ اُس کی حفاظت کے لئے جو قدم اٹھائیں گی وہ کسی بھی حد تک جا سکتے ہیں۔ آپ خود بھی شاید اندازہ نہیں کر سکتی ہیں کہ آپ یہ عمل کتنی ہوشیاری اور حکمتِ عملی سے سرانجام دیں گی۔

میں آج آپ کو ایسی ہی ایک خطرناک چیز کی طرف توجہ کرانا چاہتی ہوں، جو بظاہر خطرے کی چیز نہیں، لیکن اگر آپکا بچہ اسے غلط استعمال میں لائے تو یقیناً بہت بڑے نقصان کا موجب بن سکتی ہے۔ اور وہ چیز ہے *Internet* کا استعمال۔

آج کی دنیا انٹرنیٹ کی دنیا ہے۔ یہ اس لئے زیادہ استعمال کیا جا رہا ہے کیونکہ یہ معلومات کا ایک بڑا خزانہ ہے جہاں پر آپ کو دنیا بھر کی جدید ترین تحقیقات مفت میں دستیاب ہوتی ہیں۔ انٹرنیٹ کی مدد سے یونیورسٹی کے طلبا اپنی *Assignments* بناتے ہیں اور معلومات کو کلاس روم میں باقی *students* کے ساتھ شیئر کرتے ہیں۔ لوگ آجکل بڑے بڑے سٹورز پر جانے کے بجائے گھر بیٹھے شاپنگ کر رہے ہیں کیونکہ انکو یہ چیزیں مارکیٹ کی نسبت سستی اور کم وقت میں دستیاب ہو رہی ہیں۔ آج کی دنیا واقعتاً گلوبل ویلج بن گئی ہے جہاں آپ اپنی رائے دنیا کے دوسرے ملکوں میں موجود لوگوں تک پہنچا رہے ہیں۔ ہر ٹی وی چینل اپنی ویب سائٹ کے ذریعے لوگوں کو پچھلی خبریں اور مضامین پڑھنے کی سہولت فراہم کر رہا ہے۔ ہم اپنے جماعتی پروگرام اور ہر قسم کی *information* با آسانی حاصل کر سکتے ہیں۔ لیکن بات صرف مثبت استعمال کی نہیں، کیونکہ آجکل کی نوجوان نسل اس کے مثبت استعمال سے غافل ہوتی جا رہی ہے۔ انسان کی فطرت میں یہ بات پائی جاتی ہے کہ وہ بُرائی کی طرف جلد مائل ہوتا ہے۔ لیکن بہترین رنگ میں تربیت اور دُعائیں، ہمیں بہت سی بُرائیوں سے بچا لیتی ہیں۔

یہ اہم کردار تو ایک ماں ہی ادا کر سکتی ہے اور اس کے لئے ضروری ہے کہ آپ کو آجکل کی نئی *technology* کے فوائد معلوم ہونے کے ساتھ ساتھ اس کے نقصانات کے بارے میں بھی بہت اچھی طرح سے علم ہو۔

ایسے نوجوان بچے جو اپنے کلاس فیلوز سے متاثر ہوکر یا اپنے دوستوں سے متاثر ہوکر نیٹ پر سوشل websites کا رخ اس غرض سے کرتے ہیں کہ وہ اس کے ذریعہ سے نئے دوست بنائیں گے، جہاں پر دنیا بھر سے ہر قسم کے لوگوں سے وہ با آسانی رابطہ کرسکیں گے۔ وہ نوجوان بچے اس کام میں پڑ کر نہ صرف اپنی تعلیم میں پیچھے رہ جاتے ہیں بلکہ ایسے بچے رفتہ رفتہ اپنے والدین، بھائی بہن حتیٰ کہ اپنے اچھے دوستوں سے بھی دور ہوجاتے ہیں۔ جس کی وجہ دن کا زیادہ تر وقت نیٹ پر فضول کاموں میں گزارنا، مخالف جنس سے دوستیاں کرنا اور غلط قسم کے websites پر ٹائم گزارنا ہے۔

کچھ عرصہ پہلے سے ایک سلسلہ شروع ہوا تھا Messenger کا، جس کے استعمال سے آپ اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کی email کے ذریعہ اپنی لسٹ میں شامل کرکے ان سے کسی بھی وقت رابطہ کرسکتے ہیں۔ جہاں تک اسکا فائدہ ہے وہ یہ ہے کہ آپ اپنے رشتے داروں سے، چاہے وہ دنیا کے کسی بھی کونے میں ہوں، آپ اُن سے بالکل مفت، آرام سے گھر میں بیٹھے باتیں کرسکتے ہیں اور ایک دوسرے کو camera کے ذریعہ دیکھ بھی سکتے ہیں۔ اسکے علاوہ ضروری documents یا تصاویر بھی share کی جاسکتی ہیں۔

لیکن افسوس کہ لوگوں نے اس سہولت کا فائدہ اٹھانے کے بجائے اس کا غلط استعمال شروع کردیا۔ خاص طور پر نوجوان نسل نے تو اس کام میں پڑ کر اپنی تعلیم کو بھی چھوڑ دیا۔ اور اپنا قیمتی وقت برباد کرنے کے علاوہ غیر اخلاقی حرکات شروع کردیں۔ جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ خاندانوں میں تباہی آئی۔

پیاری بہنو! آج آپ کو ایک ایسے سوشل website کا تعارف کروانے جارہی ہوں جو آجکل زیادہ تر نوجوان نسل کے لئے محبوب ترین مشغلہ بنا ہوا ہے اور اس کے بارہ میں جان کر آپ خود بہتر رنگ میں فیصلہ کرسکیں گی کہ آپ اپنے بچے کو کس حد تک اس میں مصروف ہونے کی اجازت دے سکتی ہیں۔ اور وہ سائیٹ ہے.... Facebook۔ اس کے علاوہ بہت سے ہیں۔ لیکن آج آپ کے ساتھ اس کے بارہ میں کچھ روشنی ڈالتی ہوں۔

اسکا مختصر تعارف۔ آپ اس ویب سائٹ پر اپنے رشتے داروں، کا نام یا email search کرکے، یا اپنے سکول کالج کے نام سے search کرکے آپ کو اپنے دوست، استاد وغیرہ کا رابطہ بھی مل جاتا ہے۔ اور ان سے باقاعدگی سے رابطے میں رہ سکتے ہیں۔ دوستوں کو add کرنے کے علاوہ بہت سے کاروبار بھی اس ویب پر ہورہے ہیں۔ Business کرنے والے اپنی advertising آسانی سے اور مفت میں کررہے ہیں۔ بہت سے سٹارز اور celebrities اس میں کافی نام کمارہے ہیں۔ اور اسکے علاوہ اس میں گروپز ہیں جو کوئی بھی join کرسکتا ہے۔ اور اس میں شامل ہوکر دوسرے members کے ساتھ اس forum میں اپنی رائے اور Videos, photos، articles وغیرہ share کرسکتا ہے۔ مثلاً ابھی حال میں ہی، ہماری جماعت کا ایک non official گروپ بنایا گیا ہے جو 28.05.2010 کو لاہور میں ہونے والے سانحہ کے حوالے سے ہے اور اس میں شہدا کی تصاویر لگائی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ ایسے articles شیئر کئے جاتے ہیں جو دنیا بھر سے لوگوں نے لکھے ہوں۔ اور videos بھی مل جاتی ہیں جو اس حوالے سے بنائی گئی ہوں۔

اب دیکھیں، خرابی کہاں سے پیدا ہوسکتی ہے، خاص طور پر اُن نوجوانوں کے لئے جو ابھی اچھے برے کی پہچان نہیں رکھتے ہیں۔

آپ اپنے دوست اور رشتہ داروں کو add کرلیتے ہیں لیکن بعد میں یہ ہوسکتا ہے کہ آپ کو مزید ایسے لوگوں کی دوستی کی درخواست آنا شروع ہوجائے، جن کو آپ نا تو جانتے ہیں اور نا ہی آپ کو معلوم ہے کہ آیا وہ واقعی میں ہم جنس ہے یا مخالف جنس، کیونکہ ہوسکتا ہے وہ آپ کو بیوقوف بنانے کے لئے خود کو آپکا ہم جنس ظاہر کررہا ہو۔ اسکی وجہ کچھ بھی ہوسکتی ہے۔ ظاہر ہے آپ تو اس شخص کو دیکھ نہیں سکتیں اور نہ ہی آپ اسکی آواز کو سُن کر اندازہ لگاسکتیں ہیں۔

facebook پر یا کسی بھی سوشل website پر اپنے ایک سے زیادہ جتنے چاہے account مختلف ناموں کے بنائے جاسکتے ہیں۔ اور فارغ لوگ یہ ہی کام کرکے لوگوں کو بیوقوف بناتے رہتے ہیں۔ لڑکیوں کے ساتھ دوستیاں کرنے کے لئے اکثر لڑکے یہ کام کرتے ہیں۔

کچھ معصوم بچیاں ایسے لڑکوں کے دھوکے میں آکر ان سے دوستی کرلیتی ہیں۔ اور پھر دوستی کے نام پر ایک دوسرے سے بے تکلف باتیں کرنا، اور بات بڑھتی ہے تو ایک دوسرے کی تصویریں share کرنا اور پھر پسندیدگی کا اظہار کرنا، بات ایسے انجام کو پہنچ جاتی ہے جس کا راستہ صرف دلدل میں لے جاتا ہے۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ اپنی بے پردہ تصویریں نیٹ پر اپنی پروفائل میں لگانا، ایک نہ مناسب اور غیر شرعی بات ہے، اگر کوئی بچی اپنی تصویر لگاتی ہے تو اسے پیار سے سمجھانا چاہیے کہ ایسا کرنا اسی طرح سے ہے جیسے کہ تم اپنے گھر کا دروازہ کھول دو اور سب گزرنے والے تمہیں دیکھتے جائیں اور تمہاری عزت اور وقار کسی کے بھی دل میں نہ رہے۔ ایک عورت کی عزت اسکے پردے میں ہے نہ کہ اپنی خوبصورتی

کو دنیا میں دکھانے سے اور طرح طرح کے لوگوں سے تعریفیں سننے میں۔اصل تعریف اور مقام اُس عورت کا ہے جو خدا تعالیٰ کے حکم کی تعمیل کرتی ہے اور اپنے نفس کو قابو میں رکھتی ہے۔

یہ تصاویر لگانے کا ایک بڑا نقصان یہ بھی ہے کہ خدا نا خواستہ اگر کسی غلط شخص نے ان تصویروں کی editing کر دی، یا اس نے ان تصویروں کے ذریعہ سے کوئی بھی غلط کام شروع کر دیا تو وقت کسی کے ہاتھ نہیں آتا، اور نقصان اٹھانے پر انسان کے پاس پچھتاوے کے علاوہ کچھ بھی باقی نہیں رہتا۔انسان کی عزت اسکا سب سے بڑا سرمایہ ہے۔اسے کھونے کے بعد کچھ بھی باقی نہیں رہتا۔

لیکن بات یہاں آکر ختم نہیں ہو جاتی ہے۔غلط قسم کے لوگ تو دنیا بھر میں بھرے پڑے ہیں۔آپ یہ سمجھ لیں یہ شیطان آپ کے گھر میں انٹرنیٹ کے دروازے کے ذریعہ آرام سے داخل ہو سکتا ہے۔آجکل نیٹ سے دوسرے کا گھر کا فون نمبر، گھر کا پورا پتہ، صرف chat کرتے ہوئے یا کسی website کو visit کرنے سے آسانی سے نکالا جا سکتا ہے۔اور نکالنے والے نکال لیتے ہیں۔

اکثر معصوم بچیاں، اپنی معصومیت میں ایسی ایسی باتیں غیر لوگوں سے نیٹ پر share کر دیتی ہیں جن کا اُن کو خود بھی علم نہیں ہوتا کہ اسکا کیا انجام ہے!!

ایسی سوشل ویب سائٹ پر اپنا account بنانا کوئی مشکل کام نہیں، اور یہ آپ کو مکمل privacy دیتا ہے، جس میں یہ option ہوتا ہے کہ آپ اپنے کوائف، پروفائل، تصاویر وغیرہ کو دوسرے لوگوں سے چھپا سکتے ہیں، لیکن حقیقت میں کوئی بھی چیز internet پر محفوظ نہیں اور نا ہی چھپی رہتی ہے، یہ میں آپ کو پورے یقین کے ساتھ کہہ سکتی ہوں۔

جو لوگ دوسروں کی زندگی کو خراب کرنا اپنا مشغلہ سمجھتے ہیں، وہ کسی بھی حد تک جا سکتے ہیں، اور ایسے لوگ انٹرنیٹ کی دنیا میں بھرے پڑے ہیں۔جن کو شاید آپ تو جانتے نہیں ہیں لیکن وہ آپ کو ضرور جان لیتے ہیں۔یہ بات سن کر آپ پریشان مت ہوں، بلکہ ہوشیار ہو جائیں۔کیونکہ یہ ہوشیاری آپ کو اور آپکے بچوں کو شیطان کی شرارتوں سے محفوظ رکھ سکتی ہے۔

پھر انٹرنیٹ پر کچھ بچے مخالف جنس سے تبلیغ کے بہانے دوستی کرتے ہیں، اور وہ سمجھتے ہیں کہ یہ کرنا جائز ہے، جبکہ یہ بھی اُسی طرح غلط ہے۔ہماری جماعت کے اپنے official ویب سائیٹس ہیں، تبلیغ کا پورا سامان نیٹ پر موجود ہے۔کوئی پوچھتا ہے تو اسے ویب کا نام بتا دیں۔اگر مزید سوال ذہن میں ہیں تو اسے چاہئے کہ وہ خود جماعت سے رابطہ کرے۔

انٹرنیٹ کا غلط استعمال چاہے لڑکے کریں یا پھر لڑکیاں، اسکا انجام دونوں کے لئے بہت بُرا ہے۔اب کوئی چاہے اسے نیک نیتی کا کام کہے، یا کوئی اور نام دے۔ یقیناً اسلام کی تعلیم کے خلاف عمل، تباہی کی طرف لے کر جاتا ہے۔

اس خطرے سے اپنے بچوں کو بچانے کے لئے آپ ماؤں کو چاہے کہ، آپ اپنے بچے کا نیٹ پر ہر نئے دوست بننے والے کا اچھی طرح سے علم رکھیں۔ بلکہ آپ کوشش کر کے اپنے بچوں کے ساتھ بیٹھا کریں۔ان سے سوال کیا کریں کہ بیٹا، کون آپ کے دوست ہیں، وہ کیسے ہیں، کیا کرتے ہیں۔ان کے شوق کیا ہیں۔جہاں آپ کو لگے آپ کا بچہ آپ کو بتانے سے ہچکچا رہا ہے، آپ کو چاہیے کہ اپنے بچے کو بٹھا کر سمجھائیں، بُرے اور اچھے دوست کی پہچان کروائیں۔

اگر وہ ایسا کوئی کام کر رہا ہے جو وہ آپ کے سامنے نہیں ظاہر کرنا چاہتا اور اسے چھپ کر کرتا ہے تو وہ کام یقیناً غلط ہے۔کیونکہ وہ ہی کام چھپ کر کیا جاتا ہے جو غلط ہوتا ہے یا پھر جو گناہ ہوتا ہے۔جس کام کا بچے کو خود بھی اندازہ ہوتا ہے کہ یہ کام میں اپنے والدین کے سامنے نہیں کر سکتا۔

ان سارے نقصانات سے بچنے کے لئے اپنی اولاد کے لئے بہت دُعائیں کریں اور حکمتِ عملی سے کام لیتے ہوئے ان کو مختلف مصروفیات میں ڈالیں، جس میں وہ اپنے شوق کو پورا کر سکیں۔مثلاً اگر بچے کو Computer پر بیٹھنے کا شوق ہے تو اسکو کمپیوٹر پر اپنا علم بڑھانے کی تلقین کریں۔ ان کو نیٹ پر اپنا علم بڑھانے کے لئے مختلف ٹاپک دیں، اور انکو اس پر search کرنے کا کہیں اور پھر اس پر لکھنے کے لئے کہیں یا پھر کوئی presentation بنانے کے لئے کہیں۔اس طرح سے بچوں میں اپنی صلاحیت کو بڑھانے کا موقعہ ملتا ہے اور برائی سے بچاؤ بھی۔

ایک بہت خاص کام جو آپ اپنے بچوں سے لے سکتی ہیں وہ ہے جماعت کے بہت سے ایسے کام جو کمپیوٹر پر ہوتے ہیں۔جس سے بچے کے علم میں اضافہ ہو سکے گا اور روحانی ترقی بھی ہو سکے گی۔

یہ سب کرنے کے لئے آپ بھی اپنا علم بڑھائیں اور انٹرنیٹ کی برائیوں سے آپ اچھی طرح سے واقف ہوں جائیں۔اپنے بچوں کو اپنے اعتماد میں لیں اور محبت سے ان کی رہنمائی کریں اور انکے جذبات کا خیال رکھتے ہوئے ان کی ضرورتوں کا خیال رکھیں۔

اپنے مضمون کو اس حدیث پر ختم کرتی ہوں، کہ ہمارے دوست کا انتخاب کیسا ہونا چاہیے۔حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا کہ حضرت محمد ﷺ فرماتے

ہیں کہ ”آدمی اپنے دوست کی عادات واطوار کو اختیار کیا کرتا ہے“۔(مشکوٰۃ)
اس لئے دوست اختیار کرتے وقت اچھی طرح دیکھ بھال کرلیا کرو کہ کس شخص سے دوستی کر رہے ہو۔ دوستوں کے انتخاب میں ابتدائی بنیادی ذمہ داری والدین پر عائد ہوتی ہے، وہ دیکھیں کہ بچے ناپسندیدہ آوارہ مزاج لڑکوں لڑکیوں سے تو تعلق نہیں رکھتے۔ پس جن کو اچھی سوسائٹی مل جاتی ہے ان کی زندگی خوش کن ہوجاتی ہے، اور جن کو اچھی سوسائٹی نہیں ملی وہ زندگی میں ناکام اور نامراد ہوجاتے ہیں۔

میری دُعا ہے، خدا تعالیٰ ہمیں اور ہماری اولاد کو ہر قسم کی برائی سے دور رکھے اور ہماری اولاد کو نیک خادمِ دین بنائے۔ آمین

راشدہ کرن خان۔ Cork

اولاد کی صحیح تربیت

”پھر اولاد کی تربیت ہے۔ اپنے خاوندوں کی نسلوں کی اپنی اولاد کی اگر صحیح تربیت نہیں کر رہیں، ان کو لاڈ پیار میں بگاڑ رہی ہیں یا ان کی تربیت کی طرف صحیح اور پوری توجہ نہیں دے رہیں، ان میں بگاڑ پیدا ہو رہا ہے۔ کیونکہ بعض عورتیں لڑکوں کو زیادہ لاڈ پیار سے بگاڑ دیتی ہیں اور لڑکیوں بیچاریوں کو بالکل ہی پیچھے کر دیتی ہیں جس سے لڑکیاں بعض دفعہ بعض خاندانوں میں Complex کا شکار ہوجاتی ہیں تو یہ بھی صحیح رنگ میں خاوند کے گھر کی حفاظت نہیں ہے۔

جو خاوند اپنے رویّے میں ٹھیک نہیں ہیں یا ان کا سلوک اپنے بیوی بچوں سے ٹھیک نہیں ہے، اُن کا گناہ اُن کے سر ہے وہ بھی یقیناً پوچھے جائیں گے۔ لیکن ضد میں آکر اگر تم گھر کے ماحول کو گندا کر رہی ہو تو گناہگار بن رہی ہو۔ تمہیں اللہ تعالیٰ نے یہی حکم دیا ہے کہ تمہارا ایمان اس وقت تک سلامت ہے، تم جس وقت تک ایمان میں ترقی کروگی جب تک ان خصوصیات کی حامل ہوگی“۔ (خطاب مستورات حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بر موقع جلسہ سالانہ بیلجیئم 11 ستمبر 2004)

حلم و تحمّل

یحییٰ برمکی تاریخ اسلام کی ایک ایسی شخصیت ہے جو کبھی بھلائی نہیں جا سکے گی خاص طور پر انکا تحمل۔ یحییٰ برمکی اپنے خدام کے ساتھ کہیں جا رہے تھے کہ ایک جگہ انہوں نے چند آدمیوں کا مجمع دیکھا آپ مجمع کے قریب جا کر رک گئے اور دیکھا ایک شخص آدمیوں میں گھرا ہوا یحییٰ برمکی کو گالیاں دے رہا ہے آپ کے خدام آگے بڑھے اور اس شخص کو گرفتار کرلیا لیکن آپ نے اُس کو چھڑوایا اور پوچھا ، کیا تو مجھے پہچانتا ہے؟ اُس نے جواب دیا ہاں میں تمہیں کیوں نہیں پہچانتا تو یحییٰ برمکی ہے اور میں تجھ کو ہی گالیاں دے رہا ہوں۔ آپ نے کہا کیا تو یہ بھی جانتا ہے کہ میں عباسی سلطنت کا وزیرِ اعظم ہوں؟ ہاں میں یہ بھی جانتا ہوں۔ آپ کسی سوچ میں پڑ گئے کچھ دیر سر جھکائے کھڑے رہے پھر نہایت وقار سے بولے، جا میں نے تجھ کو فی سبیل اللہ معاف کردیا۔ وہ شخص حیرت سے دیکھنے لگا۔ یحییٰ نے کہا ،، حیرت سے میری صورت کیوں دیکھ رہا ہے۔ جس کے پاس جو ہوتا ہے وہی دیتا ہے۔ تیرے پاس میرے لیے گالیاں تھیں وہ تو نے دیں، میرے پاس تیرے لیے حلم و تحمل اور بخشش تھی وہ میں نے دے دیا۔

حسد

امام اصمعیؒ بوڑھے ہوگئے تھے لیکن انکی صحت قابلِ رشک تھی کسی نے پوچھا ”حضرت آپکی عمر کیا ہے“؟ ”جواب دیا، ایک سوبیس سال“ اُس شخص نے حیرت سے کہا ”آپ کی قابلِ رشک صحت کا کیا راز ہے“؟ آپ نے جواب دیا ”زندگی کی قاتل ایک ہی چیز ہے اور وہ ہے ”حسد“ اور میں نے زندگی بھر حسد نہیں کیا“۔

زبان کی حفاظت

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ”انسان بعض اوقات بے خیالی میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی کوئی بات کہہ دیتا ہے جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کے بے انتہا درجات بلند کردیتا ہے اور بعض اوقات وہ لاپروائی میں اللہ تعالےٰ کی ناراضگی کی کوئی بات کر بیٹھتا ہے جس کی وجہ سے وہ جہنم میں جاگرتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ سے ہر وقت رہنمائی اور ہدایت کی توفیق مانگتے رہنا چاہئے کہ وہ ہمیشہ بھلی اور نیک بات ہی منہ سے نکلوائے“۔
(بخاری کتاب الرقاق باب حفظ اللسان)

غلبہء اِسلام

کے لئے ہم غلامانِ محمدؐ کو چُنا گیا ہے!

اسلام کے عالمی غلبہ کا ذکر کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔ جماعت احمدیہ کا یہ دعویٰ ہے اور سچّا ہے کہ اس عظیم الشان غلبے کی جو پیشگوئی فرمائی گئی ہے اس کے لئے ہم غُلامانِ محمد مصطفےٰ ﷺ کو چُنا گیا ہے کہ ہم اِس غلبے کو دُنیا میں جاری کرکے دکھائیں اور ہم اپنی زندگی کے وجود کا ہر حصہ اِس غلبے کی راہ میں لُٹا دیں گے۔ اِس غلبے کی خاطر اپنی ساری طاقتیں صرف کریں گے۔ اور جہاں تک ہم سے ممکن ہوگا انفرادی طور پر بھی اور اجتماعی طور پر بھی اِس غلبے کے دن نزدیک تر لانے کی کوشش کرتے رہیں گے۔ اس پہلو سے ہماری غلبہء اسلام کی تیاّری کی پہلی صدی تقریباً ۲ سال تک مکمل ہونے والی ہے اور بہت تھوڑے دن رہ گئے ہیں۔ جماعت کو جو میں اس ضمن میں خاص توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ صد سالہ جوُبلی کے دوران میرے دل کی تمنّا یہ ہے کہ بہت سے ایسے ممالک جہاں مقامی طور پر چند خاندان ابھی تک اسلام میں داخل ہوئے ہیں وہاں کم سے کم سو ۱۰۰ خاندانوں کو ہم اسلام میں داخل کرلیں۔ اور جہاں جماعت نافذ ہو چکی ہے وہاں ہم یہ کر سکیں کہ ہر سال کے لئے ہم یہ حقیر اور عاجزانہ تحفہ پیش کرتے ہیں کہ ہم نے مقامی طور پر ایک خاندان کو داخل کرلیا ہے۔ بعض ممالک میں تو خدا تعالیٰ کے فضل سے ہزاروں خاندان داخل ہو چکے ہیں۔ لیکن آپ جس مُلک میں رہتے ہیں اور یورپ کے اور بہت سے ممالک میں بد قسمتی سے مقامی احمدیوں نے یعنی وہ لوگ جو باہر سے آکر مقامی بنے انہوں نے تبلیغ کی طرف پوری توجّہ نہیں کی۔ اور جو کام اُن کو بیس ۲۰ پچیس ۲۵ سال پہلے شروع کرنا چاہئے تھا اُسے شروع کرنے میں بہت دیر کر دی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ جس رنگ میں یہاں داعی الی اللہ بننے چاہئے تھے اور جو یہاں کے لوگ استطاعت رکھتے ہیں اُس کا عُشرِ عشیر بھی ہم نتیجہ حاصل نہیں کر سکے........ اس لئے اب اس کام کو غیر معمولی طور پر اہمیّت دے کر دوبارہ اپنے ہاتھ میں لیں جو لوگ داعی الی اللہ بن چکے ہیں اللہ تعالیٰ اُن کو بے حد مبارک کرے لیکن جو نہیں بنے ابھی تک اُن کو فوراً توجہّ کرنی چاہئے۔ (خطبہ جمعہ فرمودہ ۳۰ جنوری ۱۹۸۴ء۔ از مشکوۃ مارچ اپریل 1987ء قادیان)

”ابتلائوں کا آنا بھی ضروری ھے“

”یہ مت خیال کرو کہ خدا تمہیں ضائع کر دے گا۔ تم خدا کے ہاتھ کا ایک بیج ہو جو زمین میں بویا گیا خدا فرماتا ہے کہ یہ بیج بڑھے گا اور پھولے گا اور ہر ایک طرف سے اس کی شاخیں نکلیں گی۔ اور ایک بڑا درخت ہو جائے گا۔ پس مبارک وہ جو خدا کی بات پر ایمان رکھے اور درمیان میں آنے والے ابتلاؤں سے نہ ڈرے کیونکہ ابتلاؤں کا آنا بھی ضروری ہے تا خدا تمہاری آزمائش کرے کہ کون اپنے دعویٰ بیعت میں صادق اور کون کاذب ہے۔ وہ جو کسی ابتلاء سے لغزش کھائے گا وہ کچھ بھی خدا کا نقصان نہیں کرے گا اور بدبختی اس کو جہنم تک پہنچائے گی۔ اگر وہ پیدا نہ ہوتا تو اس کے لئے اچھا تھا۔ مگر وہ سب لوگ جو اخیر تک صبر کریں گے اور ان پر مصائب کے زلزلے آئیں گے۔ اور حوادث کی آندھیاں چلیں گی اور قومیں ہنسی اور ٹھٹھا کریں گی اور دنیا ان سے سخت کراہت کے ساتھ پیش آئے گی۔ وہ آخر فتحیاب ہوں گے اور برکتوں کے دروازے ان پر کھولے جائیں گے۔ خدا نے مجھے مخاطب کرکے فرمایا کہ میں اپنی جماعت کو اطلاع دوں کہ جو لوگ ایمان لائے ایسا ایمان جو اس کے ساتھ دنیا کی ملونی نہیں اور وہ ایمان نفاق یا بزدلی سے آلودہ نہیں اور وہ ایمان اطاعت کے کسی درجہ سے محروم نہیں ایسے لوگ خدا کے پسندیدہ لوگ ہیں۔ اور خدا فرماتا ہے کہ وہی ہیں جن کا قدم صدق کا قدم ہے“۔ (روحانی خزائن جلد 20 الوصیت صفحہ 309)

بھلا کیوں بقائے دوام کو، ہو نہ ناز اُن کے وجود پر
وہ جنھوں نے سی عزیز شئے، تیرے حبیبؐ پہ وار دی
(ثاقب زیروی)

امراء کو کبر اور نخوت

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ،

''امراء کو کبر اور نخوت لگے رہتے ہیں جو کہ اُن کے عملوں کو کھاتے رہتے ہیں۔اس لئے بعض غریب آدمی جن کو اس قسم کے خیالات نہیں ہوتے وہ سبقت لے جاتے ہیں۔ غرضکہ ریا وغیرہ کی مثال ایک چُوہے کی ہے جو کہ اندر ہی اندر اعمال کو کھاتا رہتا ہے۔ خدا تعالیٰ بڑا کریم ہے لیکن اس کی طرف آنے کے لئے عجز ضروری ہے۔

جس قدر انانیّت اور بڑائی کا خیال اس کے اندر ہوگا خواہ وہ علم کے لحاظ سے ہو،خواہ ریاست کے لحاظ سے خواہ مال کے لحاظ سے،خواہ خاندان اور حسب نسب کے لحاظ سے، تو اسی قدر پیچھے رہ جاویگا۔اسی لئے بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ سادات میں سے اولیاء کم ہوئے ہیں کیونکہ خاندانی تکبّر کا خیال ان میں پیدا ہو جاتا ہے۔قرونِ اولیٰ کے بعد جب یہ خیال پیدا ہوا تو یہ لوگ رہ گئے۔اس قسم کے حجاب انسان کو بے نصیب اور محروم کر دیتے ہیں۔ بہت ہی کم ہیں جو ان سے نجات پاتے ہیں۔امارت اور دولت بھی ایک حجاب ہوتا ہے۔امیر آدمی کو کوئی غریب سے غریب اور ادنیٰ آدمی السلام علیکم کہے تو اُسے مخاطب کرنا اور وعلیکم السلام کہنا اس کو عار معلوم ہوتا ہے اور خیال گذرتا ہے کہ یہ حقیر اور ذلیل آدمی کب اس قابل ہوتا ہے کہ ہمیں مخاطب کرے۔اسی لئے حدیث میں آیا ہے کہ غریب امیروں سے پانصد سال پیشتر جنّت میں جاویں گے جو ایمان لاتے ہیں۔ اس کا ایک باعث یہ بھی ہے کہ غریبوں کا تزکیہ نفس قضاء قدر نے خود ہی کیا ہوتا ہے۔(از ملفوظات ایڈیشن ۱۹۸۴ء صفحہ ۱۱۳)

تمام مرسلوں کے سر تاج ﷺ

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں۔

''ہم جب انصاف کی نظر سے دیکھتے ہیں تو تمام سلسلہء نبوت میں سے اعلیٰ درجہ کا جوانمرد نبی اور زندہ نبی اور خدا کا اعلیٰ درجہ کا پیارا نبی صرف ایک مرد کو جانتے ہیں یعنی وہی نبیوں کا سردار رسولوں کا فخر تمام مرسلوں کا سرتاج جس کا نام محمد مصطفیٰ واحمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے''

(روحانی خزائن جلد ۱۲۔سراجِ منیر صفحہ ۸۲)

''اور میرے لئے اس نعمت کا پانا ممکن نہ تھا اگر میں اپنے سیّد و مولیٰ فخر الانبیاء اور خیر الوریٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے راہوں کی پیروی نہ کرتا۔سو میں نے جو کچھ پایا۔اس پیروی سے پایا۔اور میں اپنے سچے اور کامل علم سے جانتا ہوں کہ کوئی انسان بجز پیروی اس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خدا تک نہیں پہنچ سکتا اور نہ معرفتِ کاملہ کا حصہ پا سکتا ہے۔اور میں اس جگہ یہ بھی بتلاتا ہوں کہ وہ کیا چیز ہے کہ سچی اور کامل پیروی آنحضرت ﷺ کے بعد سب باتوں سے پہلے دل میں پیدا ہوتی ہے۔سو یاد رہے کہ قلبِ سلیم ہے یعنی دل سے دنیا کی محبت نکل جاتی ہے اور دل ایک ابدی اور لازوال لذّت کا طالب ہو جاتا ہے۔ پھر بعد اس کے ایک مصفٰی اور کامل محبتِ الٰہی بباعث اس قلبِ سلیم کے حاصل ہوتی ہے اور یہ سب نعمتیں آنحضرت ﷺ کی پیروی سے بطورِ وراثت ملتی ہیں''۔

(روحانی خزائن جلد ۲۲ حقیقت الوحی صفحہ ۶۴۔۶۵)

''اصل مقصد سچی اتباع ہے''

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ،

''جو شخص بیعت میں داخل ہوتا ہے اُس کے لیے ضروری ہے کہ وہ ان مقاصد کو مدنظر رکھے جو بیعت سے ہیں۔

یہ امور کہ آنحضرت ﷺ کی زیارت ہو جاوئے اصل منشا اور مدعا سے دور ہیں۔۔خدا تعالیٰ کے نزدیک وہ شخص بڑا ہی بد بخت ہے اور اُس کی کچھ بھی قدر اللہ تعالیٰ کے حضور نہیں،جس نے گو سارے انبیاء علیہم السلام کی زیارت کی ہو۔مگر وہ سچا اخلاص وفاداری اور خدا تعالیٰ پر سچا ایمان۔خشیت اللہ اور تقویٰ اُس کے دل میں نہ ہو۔

پس یاد رکھو کہ نری زیارتوں سے کچھ نہیں ہوتا۔خدا تعالیٰ نے جو پہلی دعا سکھلائی ہے،

اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ہے۔

اگر خدا تعالیٰ کا اصل مقصود زیارت ہوتا تو وہ اِھْدِنَا کی جگہ اَرِنَا صُوَرَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ کی دعا کی تعلیم فرماتا،جو نہیں کیا گیا۔

رسول اللہ ﷺ کی عملی زندگی میں دیکھ لو کہ آپ نے کبھی یہ خواہش نہیں کی کہ مجھے ابراہیم علیہ السلام کی زیارت ہو جاوے۔

گو آپ کو معراج میں سب کی زیارت بھی ہوگئی،پس یہ امر مقصود بالذات ہرگز نہیں ہونا چاہیئے۔اصل مقصد سچی اتباع ہے''۔(الحکم ۱۷ اگست ۱۹۰۲ صفحہ ۷۔۸)

(از تفسیر سورۃ فاتحہ ۲۸۴)



سانحہ لاہور کے شہداء کے نام

ہمیشہ یاد رکھیں گے

نہ ہرگز بھول پائیں گے
لہو سے تم نے اپنے،
جو کہانی آج لکھی ہے
اسے ہم یاد رکھیں گے
نہ ہرگز بھول پائیں گے
میرے پیارے شہیدو!
جان دے کر تم نے آج اپنی
ہمیں پھر سے بتایا ہے
کہ حق کی راہ پر چلنا کبھی آساں نہیں ہوتا
مجھے ایسے لگا کہ روح تمہاری ہم سے کہتی ہے
”کہ اس پرخار رستے پر
ہمیشہ ننگے پاؤں چل کے جاتے ہیں
کہیں گردن کٹاتے ہیں، کہیں عزت لٹاتے ہیں
کبھی مال و ہنر اسباب اِس راہ میں گنواتے ہیں
تو پھر جا کر ، سنہرے کل کی اک بنیاد پڑتی ہے ۔
پلٹ کے تم اگر دیکھو، تو جانو گے
کہ پرکھوں نے تمہارے کیسے کیسے ظلم اس راہ میں نہیں جھیلے
مگر حرف شکایت لب پہ نہ آیا
ہماری جان کا نذرانہ
تمہیں اک یاددہانی ہے
کہ حق کی راہ پر تم سب بھی ایسے گامزن رہنا
پیارے خون سے لکھی داستان کو بھول نہ جانا
کسی بھی حال میں اس راہ سے منہ مت موڑ لینا تم!
پیارے خون کی تم لاج رکھ لینا“
میرے پیارے شہیدو!
آج میرا تم سے وعدہ ہے
لہو سے تم نے اپنے جو دیئے اب کہ جلائے ہیں
نہ مدھم ان کی لو ہوگی
ہم اپنی جان و مال و آبرو
سب اس پہ واریں گے
مگر اس راہ سے ہرگز
نہیں پیچھے ہٹیں گے ہم
قدم آگے بڑھائیں گے
لہو سے تم اپنی جو کہانی آج لکھی ہے!
اسے ہم یاد رکھیں گے نہ ہرگز بھول پائیں گے!

ناجیہ نصرت ملک Athlon

میری آرزو

میری اک آرزو ہے، میری اک تمنا ہے
میرا نام بھی کاش شہیدوں میں آئے
خدا کے پیاروں کو یہ انعام ملا کرتا ہے
میری دعا ہے اس مقام تک خدا مجھے لائے
خدا کو کاش پسند آئے میرا کوئی ایسا عمل
کہ جس سے یہ انعام و اکرام نزر آئے
زندگی ہو اگر تو ایسی کے جیسے کوئی امتحان
موت آئے بھی تو شہادت کا پیغام لائے
میری اک آرزو ہے، میری اک تمنا ہے
میری اولاد میں بھی ایسا ہی اعظم نظر آئے
خالدہ افتخار۔

آگ میں آگ

ایک فلسفی نے اپنے تین سوال مشتہر کیے۔ اور اعلان کیا کہ میرے ان تین سوالوں کا کوئی جواب دے تو میں مان جاؤں گا۔سوال یہ تھے۔

۱۔خدا کو جب کسی نے دیکھا نہیں تو پھر کلمہ میں اشھد ان لاالہ الااللہ پڑھ کر یہ کیوں کہا جاتا ہے ”میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں" یہ بغیر دیکھے کی گواہی کیسی؟

۲۔"جو کرتا ہے اللہ کرتا ہے پھر کسی گناہ پر بندہ مجرم کیوں ہو؟ جبکہ کرنے والا خدا ہے۔"

۳۔شیطان آگ سے بنا ہوا ہے اور خدا اسکو دوزخ کی آگ میں ڈالے گا تو اسکا کیا بگڑ سکتا ہے۔کیونکہ دوزخ میں اگر آگ ہے تو شیطان خود بھی آگ ہے۔تو پھر آگ میں آگ ڈال دی جائے تو آگ کا کیا نقصان؟ کئی دن تک اسکے سوالوں کا جواب نہ ملا تو وہ علماء اور دین و مذہب کے خلاف بکنے لگا۔

اتفاقاً ایک روز شہر سے باہر نکلا تو میدان میں ایک بزرگ بیٹھے تھے اور ان کے پاس مٹی کے بڑے بڑے ڈھیلے پڑے تھے۔ان بزرگ نے اسے اپنے پاس بلایا اور کہا۔ "سنا ہے آپکے کچھ سوال ہیں اور آپکو گلہ ہے کسی نے ان سوالات کا جواب نہیں دیا۔"

فلسفی نے کہا ، "ہاں، یہی بات ہے کیونکہ میرے وہ تینوں سوال ہیں ہی لاجواب۔"

بزرگ نے کہا۔" وہ سوال ذرا مجھے بھی تو سناؤ ممکن ہے میں جواب دے سکوں۔"فلسفی نے اپنے سوال دوہرائے۔تو بزرگ فرمانے لگے،"میں دوں ان سوالوں کا جواب؟"

فلسفی نے کہا۔"دیجئے، آپ ہی دیجئے"

بزرگ نے ایک بڑا مٹی کا ڈھیلا اٹھایا اور فلسفی کے سر پر دے مارا، فلسفی کا سر پھٹ گیا اور وہ شور مچانے لگا اور کہا،" ارے تم نے میرا سر کیوں پھاڑ دیا؟"

بزرگ نے کہا تمہارے تینوں سوالوں کا ایک ہی جامع جواب ہے۔

فلسفی بولا:"یہ جواب ہے یا شرارت میں ابھی عدالت میں جاتا ہوں۔" چنانچہ فلسفی قاضی کی عدالت میں گیا اور ان بزرگ پر دعویٰ دائر کر دیا۔اور وہ بزرگ عدالت میں پیش ہوئے۔

ایک طرف وہ بزرگ اور دوسری طرف وہ فلسفی سر پکڑے کھڑا تھا۔

قاضی شہر نے پوچھا۔" کیا تم نے اسکے سر پر ڈھیلا مارا؟" بزرگ نے کہا۔"ہاں مارا۔" قاضی نے پوچھا۔" کیوں مارا؟"

فرمایا اسکے تینوں سوالوں کا جواب دیا ہے۔قاضی نے پوچھا۔" وہ کیسے؟" بزرگ نے فرمایا۔" وہ ایسے کہ اسکا پہلا سوال یہ تھا کہ، خدا کو دیکھے بغیر اسکی گواہی کیوں دی جاتی ہے؟" اب میں اسی سے پوچھتا ہوں۔کیوں صاحب میں نے جو آپکو ڈھیلا مارا ہے تو آپ کے سر پر کیا ہوا ہے؟" فلسفی بولا۔سر پھٹ گیا ہے اور سر میں سخت درد ہے۔" بزرگ نے فرمایا۔" درد ہو رہا ہے اسکی گواہی کون دے گا؟"

فلسفی نے بولا میں خود گواہی دیتا ہوں کہ درد ہو رہا ہے۔بزرگ نے فرمایا،" مگر یہ درد تم نے دیکھا بھی ہے یا بغیر دیکھے گواہی دے رہے ہو؟" فلسفی بولا۔" دیکھا تو نہیں لیکن محسوس ہو رہا ہے۔" بزرگ نے فرمایا۔" خدا کو ہم نے دیکھا تو نہیں لیکن وہ اپنی طاقت کی جلوہ انگیزیوں سے معلوم تو ہو رہا ہے کہ وہ ذات پاک موجود ہے۔"

فلسفی نے کہا۔" ٹھیک ہے پہلا سوال ہو گیا ہے۔" بزرگ پھر گویا ہوئے،" تمہارا دوسرا سوال یہ تھا کہ جو کرتا ہے خدا کرتا ہے پھر بندے کا کیا تعلق؟ پھر میں کیوں پکڑا گیا ہوں؟ ڈھیلا بھی خدا نے مارا ہے۔میرا کیا قصور؟"

فلسفی نے کہا”دوسرا سوال بھی حل ہو گیا۔لیکن تیسرا سوال ابھی باقی ہے“۔بزرگ نے فرمایا۔"ہاں ہاں اس کا جواب بھی دے چکا ہوں۔وہ سوال یہ تھا کہ شیطان بھی آگ کا اور دوزخ میں بھی آگ پھر آگ کا کیا نقصان؟ اب تم مجھے یہ بتاؤ تم کس چیز سے بنے ہو؟"فلسفی نے کہا،"مٹی کا بنا ہوں۔"بزرگ نے فرمایا،" ڈھیلا کس سے بنا ہے، جو میں نے تمہیں مارا ہے؟“

فلسفی نے کہا”یہ بھی مٹی کا بنا ہے“۔بزرگ نے فرمایا۔"بس جس طرح مٹی نے مٹی کو لہولہان کر دیا۔اسی طرح آگ بھی آگ کا بیڑا غرق کر دے گی“۔

فلسفی نے کہا،" خوب میرے تینوں مسئلے حل ہو گئے سر پھٹ گیا لیکن شک ہٹ گیا۔میں اپنا دعویٰ واپس لیتا ہوں“۔(بچوں کی دنیا سے ماخوذ)

نئی نسل کی تربیت

جلسہ سالانہ ہالینڈ کے موقع پر سیدنا حضرت اقدس امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خواتین سے پُر معارف خطاب

جلسہ سالانہ ہالینڈ کے دوسرے دن 5 جون 2004ء کو حضور انور نے مستورات سے خطاب فرمایا آپ نے فرمایا کہ ''آج میں خواتین کو چند باتوں کی طرف مختصر توجہ دلاؤں گا۔ کیوں کہ دینی معاشرے میں مردوں اور عورتوں کا اپنا اپنا کردار ہے۔ اس لئے اسلام نے عورت کے حقوق و فرائض کی ادائیگی کی بھی تلقین فرمائی ہے۔ حضرت اقدس مسیح موعودؑ نے جس طرح کھول کر قرآنی تعلیم کی روشنی میں حقوق و فرائض کے بارے میں بیان فرمایا ہے۔

اگر عورتیں اپنی ذمہ داری کو سمجھیں تو احمدیت کے اندر ہمیشہ حسین معاشرہ قائم ہوتا چلا جائے گا۔ جس کا اثر گلی گلی شہر شہر ملک ملک پر ظاہر ہوگا۔ اور وہ انقلاب جو حضرت مسیح موعودؑ پیدا کرنا چاہتے تھے تبھی ہوگا جب احمدی عورت اپنی ذمہ داریوں، اپنے فرائض اور مقام کو سمجھ لے۔

وہ ذمہ داریاں کیا ہیں؟ پہلی بات یہ ہے کہ نئی نسل کی تربیت کی ذمہ داری ماؤں پر عائد ہوتی ہے اس لئے بچے کی پیدائش سے پہلے دعائیں شروع کر دینی چاہئے۔ کہ بچہ نیک ہو۔ صالح اور خدا کے نام کی سر بلندی کیلئے کوشاں رہنے والا اور عبادت گزار ہو۔ اس طرح مائیں خود بھی نیک ہوں گی اور احساس ذمہ داری کے ساتھ اپنا عمل بھی درست کر رہی ہوں گی اور قول و فعل میں تضاد نہ ہوگا۔

صحیح تربیت کیلئے ضروری ہے کہ مستقلاً دعائیں کی جائیں اور بچے کی پیدائش کے بعد دعا سے رک نہیں جانا چاہئے۔ مجھے امید ہے کہ اس بنیادی نکتہ کو سمجھتے ہوئے آپ کبھی دعاؤں سے غافل نہیں ہوں گی۔

یورپ کا دنیاداری کا ماحول کبھی آپ کو اپنے خدا سے غافل کرنے والا نہیں ہوگا۔ معاشرے کی اچھی روایات جو قرآنی تعلیم کے مطابق ہوں وہ مؤمنوں کی گمشدہ چیز ہے۔ لیکن ہر روایت اپنانے والی نہیں ہوتی۔ عورت اپنے گھر کی نگران ہے اور یہ نگرانی بچوں کی تربیت سے لے کر گھر کے امور چلانے سب پر حاوی ہے۔ آپ خاوندوں کی کمائی کا بہترین مصرف کرنے والی ہوں گی۔

اپنی اولادوں کی تربیت کا خیال رکھیں گی۔ خاوندوں سے ایسے مطالبے نہ ہوں کہ وہ قرض لینے پر مجبور ہو جائیں۔ اس لئے اپنے گھروں کو سلیقے سے سنواریں اور جنت نظیر بنائیں اپنے مقام کو سمجھیں آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ ''جنت ماں کے قدموں کے نیچے ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ اپنی نسلوں کی اٹھان ایسے نیک اور پاک ماحول میں کریں کہ وہ اللہ کی طرف جھکنے والی ہوں اور اس کی نیکی کو دیکھتے ہوئے دنیا بھی کہے کہ اس بچے کو اس کی ماں نے واقعی جنت میں ڈال دیا ہے۔''

حضرت اقدس مسیح موعودؑ نے فرمایا ہے کہ ''تقویٰ اختیار کرو۔ دنیا اور اس کی زینت سے بہت دل مت لگاؤ۔ قومی فخر مت کرو۔ خاوندوں سے وہ تقاضے نہ کرو جو ان کی حیثیت سے باہر ہوں۔ کوشش کرو کہ تا تم معصوم اور پاکدامن ہونے کی حالت میں قبروں میں داخل ہو۔ خدا کے فرائض نماز، زکوٰۃ وغیرہ میں سستی مت کرو۔ خاوندوں کی دل و جان سے مطیع رہو۔ ان کی اطاعت کرتی رہو۔ بہت سا حصہ ان کی عزت کا تمہارے ہاتھ میں ہے سو تم اپنی ذمہ داری کو ایسی عمدگی سے ادا کرو کہ خدا کے نزدیک صالحات قانتات لکھی جاؤ۔ تقویٰ کے بہت سے اجزاء ہیں عُجب، خود پسندی، مال حرام سے پرہیز اور بد اخلاقی سے بچنا تقویٰ ہے''۔

حضور انور نے فرمایا کہ ''عُجب سے مراد غرور اور تکبر ہے جس سے خود پسندی پیدا ہوتی ہے اگر آپ چاہتی ہیں کہ آپ کو خدا کا پیار حاصل ہو تو ان دنیاداری کی باتوں کو چھوڑ دیں۔ حقیقی تقویٰ کی راہوں پر چلیں خودغرضی اور تکبر سے بچیں۔ خاندانی وجاہت اور مال و دولت آپ کو اس بیماری میں مبتلا نہ کرے۔ اگر نہیں بچیں گی تو یہی حرکات آپ کو بداخلاقیوں اور بدیوں کے گڑھوں میں دھکیلتی چلی جائیں گی پھر آپ کا بیعت کا مقصد بھی ختم ہو جائے گا''۔

حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ ''ایسا شخص مجھ سے کاٹا جائے گا''۔ پس دعائیں کرتے ہوئے اللہ کے حضور جھکنے والی بنیں اپنی نسلوں کی تربیت کرنے والی بنیں۔ اپنی دوسری احمدی بہنوں کو بھی بہنیں سمجھیں ان کی عزت و احترام کریں۔ اپنے دلوں کو جوڑیں، کبھی ایک دوسرے کی ٹانگ کھینچنے کی کوشش نہ کریں۔

بعضوں کی عادت ہوتی ہے کہ کسی طرح دوسرے کی برائی کو اچھالا جائے۔ کبھی کسی کی برائی کو نہیں اچھالنا چاہئے بلکہ پردہ پوشی کرنی چاہئے۔ آج کل آپ یہاں جلسے پر آئی ہوئی ہیں یہ خالصتاً دینی اجتماع ہے۔ ایک بہت بڑا مقصد ان جلسوں کا یہ ہے کہ اپنی روحانیت میں اضافہ کرنا ہے۔

قرآن و حدیث کی باتیں سننا اور عبادات کی طرف زیادہ توجہ پیدا کرنا ہے۔ اپنے

بہن بھائیوں سے ملنا ہے جن کو ملنے کے بعض دفعہ مواقع نہیں ملتے۔اس لئے ان دنوں میں دنیاوی باتوں کو چھوڑ کر دعاؤں پر زور دیں اور خدا کی طرف جھکیں۔''

حضور انور نے آخر پر دعا کی کہ ''اللہ سب کو اس کی توفیق دے۔

اللہ کرے کہ آپ سب وہ مقصد حاصل کرنے والی ہوں جس کیلئے حضرت اقدس مسیح موعودؑ نے ان جلسوں کا انعقاد فرمایا تھا اور ہم سب محض اور محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے حضرت مسیح موعودؑ کی دعاؤں کے وارث بنیں''۔

(الفضل ربوہ 11 جون 2004)

کچھ سچی باتیں

☆ **شکر**۔حضرت شیخ سعدیؒ فرماتے ہیں انسان ایک دفعہ سانس لیتا ہے تو اس پر دو شکر واجب ہوتے ہیں۔ایک اس بات کا شکر کہ تازہ ہوا جسم کے اندر داخل ہوگی اور دوسرا اس احسان کا شکر کہ غلیظ ہوا جسم سے خارج ہوگئی اگر تھوڑی دیر جسم میں بند ہو جاتی تو انسان کا جینا محال ہو جاتا

☆ **نقطہء دانش**۔تکلیفوں سے نہ گھبرائیں کیونکہ تکلیفیں انسان کو سوچنے پر مجبور کرتی ہیں۔اور سوچنے سے انسان دانا بنتا ہے اور دانائی انسان کو جینے کے قابل بناتی ہے۔

☆ **جھکی شاخ**۔جھکی ہوئی شاخ پھلدار ضرور ہوتی ہے مگر زیادہ جھکی شاخ راستہ چلنے والوں کے لیے مسئلہ بھی بن سکتی ہے۔

☆ **دو باتیں**۔حکیم لقمان ایک دن اپنے شاگردوں کو حکمت و دانائی کا درس دے رہا تھا۔ایک شخص سامنے آکر کھڑا ہو گیا اور کافی دیر تک انکی صورت پر غور کرتا رہا آخر پہچان کر بولا تم وہی آدمی ہو نا جو فلاں مقام پر میرے ساتھ بکریاں چرایا کرتے تھے۔ہاں میں وہی شخص ہوں۔انہوں نے جواب دیا تو یہ مرتبہ تمہیں کیونکر حاصل ہو گیا اس شخص نے پوچھا حکیم لقمان نے فرمایا،،دو باتوں سے ایک سچ بولنا، دوسرا بلا ضرورت بات نہ کرنا۔

قیس بن صنف نے کہا جب کوئی شخص مجھے تکلیف پہنچاتا ہے تو میں اس کے بارے میں غور کرتا ہوں اگر اسکا مرتبہ مجھ سے بڑا ہے تو اسکی بڑائی میرے لیے جواب دینے میں مانع ہوتی ہے اگر وہ میرا ہم مرتبہ ہے تو میں اس پر مہربانی کرتا ہوں اور اسے جواب نہیں دیتا۔اگر وہ مجھ سے کم مرتبہ ہے تو میں اسکا مقابلہ کرنا اپنی توہین سمجھتا ہوں۔ (مرسلہ بشریٰ شکور خان۔آئس لینڈ)

نہیں محروم اس درگاہ سے کوئی

ہمارا فرض ہے کرنا دعا کا
پھر آگے وہ چاہے مانے نہ مانے
اگر مانے کرم اس کا ہے ورنہ
وہ جانے اور اس کا کام جانے
خدائے غیب داں جانتا ہے
کہ کیا ہیں نعمتیں اور تازیانے
دعائیں گو سبھی ہوتی ہیں منظور
یہ فرمایا حضور مصطفیٰ نے
مگر مل جائے جو مانگا ہے تو نے
نہیں ٹھیکہ لیا اس کا خدا نے
کبھی ملتا ہے جو دنیا میں مانگو
کبھی عقبہ کے کھلتے ہیں خزانے
کبھی کوئی مصیبت دور ہو کر
بدل جاتے ہیں تلخی کے زمانے
عبادت بن کہ رہ جاتی ہیں اکثر
خدا اور اس کے بندے کو ملانے
کبھی مقصد بدل جاتا ہے مثلاً
بجائے زر پسر بھیجا خدا نے
مگر نقصان دہ ہو جو دعائیں
کرم اس کا ہے گر اس کو نہ مانے
نہیں محروم اس درگاہ سے کوئی
کہ بخشش کے ہیں ہزاروں بہانے

(انتخاب کلام از حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب)

قلمی تعاون

رسالہ مریم کے لئے مضامین، دلچسپ حقائق، اپنے علاقے کی سیر گاہ، طبی حقائق، حاصلِ مطالعہ کتب نظمیں اور بہت کچھ۔قلمی تعاون کیجئے۔مضامین میں حوالہ درج کرتے وقت کتاب، مصنف کا نام اور صفحہ نمبر ضرور لکھیں۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور تربیت اولاد

''نہ علم اچھا نہ دولت۔ خدا کا فضل اچھا ہے''۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام

حضرت مسیح موعود علیہ السلام باوجود بے حد مصروفیات ہونے کے بچوں کی تربیت کی طرف پوری طرح متوجہ رہتے اور مختلف طریقوں سے بچوں کی تربیت فرماتے جن میں سب سے اوّل طریق دعا تھا۔ چنانچہ آپؑ خود فرماتے ہیں: ''میری اپنی تو یہ حالت ہے کہ میری کوئی نماز ایسی نہیں ہے جس میں مَیں اپنے دوستوں اور اولاد اور بیوی کے لئے دُعا نہیں کرتا۔''

(ملفوظات جلد دوم صفحہ ۳۷۲)

ایک دفعہ مدرسہ تعلیم الاسلام قادیان کے طلبہ کو مضمون دیا گیا کہ ''علم اور دولت کا مقابلہ کرو''۔ حضرت صاحبزادہ مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب نے اس پر بہت غور وفکر کی اور بعض ہم مکتب اور ہم جماعتوں سے بھی بحث کی، مگر آپ کے قلب مطہر نے علم اور دولت میں سے کسی کو کافی اور یقینی طور پر بہتر ہونے کا فتویٰ نہ دیا۔ کھانے پر جب حضرت مسیح موعود علیہ السلام بھی بیٹھے ہوئے تھے آپ نے اپنے چھوٹے بھائی حضرت صاحبزادہ میاں بشیر احمد سے باتوں باتوں میں پوچھا۔ بشیر! کیا تم بتا سکتے ہو کہ علم اچھا ہے یا دولت؟ حضرت میاں بشیر احمد صاحب تو خاموش رہے البتہ حضور علیہ السلام نے یہ بات سن کر فرمایا: ''بیٹا محمود! توبہ کرو، توبہ کرو۔ نہ علم اچھا نہ دولت۔ خدا کا فضل اچھا ہے۔'' (بحوالہ سوانح فضل عمر صفحہ ۸۶،۸۵)۔

حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی روایت کرتے ہیں۔'' حضرت علیہ السلام بچوں کو مارنے اور ڈانٹنے کے سخت مخالف ہیں۔ بچے کیسے ہی بسوریں شوخی کریں سوال میں تنگ کریں اور بے جا سوال کریں اور ایک موہوم اور غیر موجود شے کیلئے حد سے زیادہ اصرار کریں آپ نہ تو کبھی مارتے ہیں، نہ جھڑکتے ہیں اور نہ کوئی خفگی کا نشان ظاہر کرتے ہیں۔ محمود (مراد حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ) کوئی تین برس کا ہوگا۔ آپ لدھیانہ میں تھے۔ میں بھی وہیں تھا مرادنہ اور زنانہ میں ایک دیوار حائل تھی۔ آدھی رات کا وقت ہوگا جو مَیں جاگا اور مجھے محمود کے رونے اور حضرت کے اِدھر اُدھر کی باتوں میں بہلانے کی آواز آئی۔ حضرت اسے گود میں لئے پھرتے تھے اور وہ کسی طرح چپ نہیں ہوتا تھا۔ آخر آپ نے کہا۔ ''دیکھو محمود! کیسا تارا ہے۔'' بچہ نے مشغلہ کی طرف دیکھا اور ذرا چپ ہوا۔ پھر وہی رونا اور چلانا اور یہ کہنا شروع کردیا۔'' ابا تارے جانا'' کیا مجھے مزا آیا اور پیارا معلوم ہوا آپ کا اپنے ساتھ یوں گفتگو کرنا۔ یہ اچھا ہوا۔ ہم نے ایک راہ نکالی تھی اس نے اس میں بھی ضد کی راہ نکال لی۔ آخر بچہ روتے روتے خود ہی تھک گیا، چپ ہوگیا، مگر اس سارے عرصہ میں ایک لفظ بھی سختی کا یا شکایت کا آپ کی زبان سے نہیں نکلا۔''(سیرت مسیح موعود از حضرت عبدالکریم صاحب سیالکوٹی صفحہ ۳۷)۔

مکرم خان محمد یحییٰ صاحب بیان کرتے ہیں:۔'' ایک مرتبہ سخت سردی پڑی۔ جس سے ڈھاب کا پانی بھی جمنے لگا۔ ان ایام میں، مَیں گرم علاقہ کا رہنے والا ہونے کے باعث سردی زیادہ محسوس کرتا تھا اور بورڈنگ میں تقریباً سب لڑکوں سے چھوٹا تھا۔ فجر کی نماز کے لئے جانے میں بھی سردی محسوس کرتا تھا۔ حضور سے غالباً ماسٹر عبدالرحمٰن صاحب بی اے سابق مہر سنگھ نے ذکر کیا ہوگا۔ انہوں نے ایک دن میرے پاس آ کر کہا کہ حضور نے فرمایا ہے،''اس چھوٹے بچہ کو سردی میں تکلیف ہوتی ہے۔ اس لئے اسے (بیت الذکر) میں نماز فجر کی نماز سردیوں بھر بورڈنگ میں ادا کرنے کا حکم مل گیا۔(الفضل قادیان 8 جولائی 1942ء)

حضرت مصلح موعودؓ والدین کو توجہ دلاتے ہوئے فرماتے ہیں:

''میں احمدی ماؤں کو خصوصیت سے اس امر کی طرف توجہ دلاتا ہوں کہ وہ اپنے ننھے ننھے بچوں میں خدا پرستی کا جزبہ پیدا کرنے کے لئے ہر وقت کوشاں رہیں۔ وہ انہیں لغو، مخرب اخلاق اور بر سر دپا کہانیاں سنانے کی بجائے نتیجہ خیر، مفید اور دیندار بنانے والے قصے سُنائیں۔ اُن کے سامنے ہرگز کوئی ایسی بات چیت نہ کریں جس سے کسی بداخلاق کے پیدا ہونے کا اندیشہ ہو۔ بچہ اگر نادانی سے کوئی بات خلاف مذہب... کہتا ہے یا کرتا ہے اسے فوراً روکا جائے اور ہر وقت اس بات کی کوشش کریں کہ اللہ تعالیٰ کی محبت ان کے قلب میں جاگزیں ہو۔ اپنے بچوں کو کبھی آوارہ نہ پھرنے دو، اُن کو آزاد نہ ہونے دو کہ حدود اللہ کو توڑنے لگیں۔ ماں اپنے بچوں کو باہر بھیج کر خوش ہوتی ہے کہ مجھے کچھ فرصت مل گئی ہے لیکن اُسے کیا معلوم ہے کہ بچہ کن کن صحبتوں میں گیا اور مختلف نظاروں سے اُس نے اپنے اندر کیا بُرے نقش لئے جو اُس کی آئندہ زندگی کے لئے نہایت ضرررساں ہوسکتے ہیں۔ پس احتیاط کرو کہ اس وقت کی تھوڑی سی احتیاط بہت سے آنے والے خطرات سے بچانے والی ہے۔ خود نیک اور خدا پرست بنو کہ تمہارے بچے بھی بڑے ہوکر نیک اور خدا پرست ہوں۔

(الازھار لذوات الخمار ص ۲،۱)

نظام خلافت کی اطاعت اور فرمانبرداری

”تم جو مسیح موعود کی جماعت کہلا کر صحابہ کی جماعت سے ملنے
کی آرزو رکھتے ہو، اپنے اندر صحابہ کا رنگ پیدا کرو“
”اطاعت میں اپنے ہوائے نفس کو ذبح کر دینا ضروری ہوتا ہے“

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

”اللہ اور اس کے رسول اور ملوک کی اطاعت اختیار کرو۔ اطاعت ایک ایسی چیز ہے کہ اگر سچے دل سے اختیار کی جائے تو دل میں ایک نور اور روح میں ایک لذت اور روشنی آتی ہے۔ مجاہدات کی اس قدر ضرورت نہیں ہے جس قدر اطاعت کی ضرورت ہے مگر ہاں یہ شرط ہے کہ سچی اطاعت ہو اور یہی ایک مشکل امر ہے۔ اطاعت میں اپنے ہوائے نفس کو ذبح کر دینا ضروری ہوتا ہے۔ بدوں اس کے اطاعت ہو نہیں سکتی اور ہوائے نفس ہی ایک ایسی چیز ہے جو بڑے بڑے مؤحدوں کے قلب میں بھی بت بن سکتی ہے۔ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین پر کیسا فضل تھا اور وہ کس قدر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت میں فنا شدہ قوم تھی۔ یہ سچ بات ہے کہ کوئی قوم، قوم نہیں کہلا سکتی اور ان میں ملیت اور یگانگت کی روح نہیں پھونکی جاتی جب تک کہ وہ فرماں برداری کے اصول کو اختیار نہ کرے...... اللہ تعالیٰ کا ہاتھ جماعت پر ہوتا ہے اس میں یہی تو سرّ ہے۔ اللہ تعالیٰ توحید کو پسند فرماتا ہے اور یہ وحدت قائم نہیں ہوسکتی جب تک اطاعت نہ کی جاوے۔ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں صحابہ بڑے بڑے اہل الرائے تھے، خدا نے ان کی بناوٹ ایسی ہی رکھی تھی، وہ اصول سیاست سے بھی خوب واقف تھے کیونکہ آخر جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ کرام خلیفہ ہوئے اور ان میں سلطنت آئی تو انہوں نے جس خوبی اور انتظام کے ساتھ سلطنت کے بارگراں کو سنبھالا ہے اس سے بخوبی معلوم ہوسکتا ہے کہ ان میں اہل الرائے ہونے کی کیسی قابلیت تھی مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور ان کا یہ حال تھا کہ جہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ فرمایا اپنی تمام راؤں اور دانشوں کو اس کے سامنے حقیر سمجھا اور جو کچھ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسی کو واجب العمل قرار دیا...... ناسمجھ مخالفوں نے کہا ہے کہ اسلام تلوار کے زور پر پھیلایا گیا مگر میں یہ کہتا ہوں کہ یہ صحیح نہیں ہے اصل بات یہ ہے کہ دل کی نالیاں اطاعت کے پانی سے لبریز ہو کر بہہ نکلی تھیں۔

یہ اس اطاعت اور اتحاد کا نتیجہ تھا کہ انہوں نے دوسرے دلوں کو تسخیر کر لیا...... تم جو مسیح موعود کی جماعت کہلا کر صحابہ کی جماعت سے ملنے کی آرزو رکھتے ہو اپنے اندر صحابہ کا رنگ پیدا کرو۔ اطاعت ہو تو ویسی ہو، باہم محبت اور اخوت ہو تو ویسی ہو۔ غرض ہر رنگ میں، ہر صورت میں تم وہی شکل اختیار کرو جو صحابہ کی تھی۔“

(تفسیر حضرت مسیح موعود علیہ السلام جلد 2۔ صفحہ 246 تا 248۔ تفسیر سورۃ النساء زیر آیت 60)

وسعتِ حوصلہ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ فرماتے ہیں:

پانچ بنیادی اخلاق میں تیسری چیز وسعتِ حوصلہ ہے۔ بچپن ہی سے اپنی اولاد کو یہ سکھانا چاہیے کہ اگر تمہیں کسی نے تھوڑی سی کوئی بات کہی ہے یا تمہارا کچھ نقصان ہو گیا ہے تو گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ اپنا حوصلہ بلند رکھو۔ اور حوصلے کی یہ تعلیم بھی زبان سے نہیں بلکہ اس سے بڑھ کر اپنے عمل سے دی جاتی ہے۔ بعض بچوں سے نقصان ہو جاتے ہیں۔ گھر کا کوئی برتن ٹوٹ گیا، سیاہی کی کوئی دوات گر گئی۔ کھانا کھاتے ہوئے پانی کا گلاس اُلٹ گیا۔ اور ان چھوٹی چھوٹی باتوں پر مَیں نے دیکھا ہے کہ بعض ماں باپ برافروختہ ہو کر بچوں کے اوپر برس پڑتے ہیں، ان کو گالیاں دینے لگ جاتے ہیں۔ چپیڑیں مارتے ہیں اور کئی طرح کی سزائیں دیتے ہیں اور صرف یہی نہیں بلکہ جن قوموں میں یا جن ملکوں میں ابھی تک اُن کا ایک طبقہ یہ توفیق رکھتا ہے کہ وہ نوکر رکھے، وہاں نوکروں کے ساتھ تو اس سے بڑھ کے بدسلوکیاں ہوتی ہیں تو ان جگہوں میں جہاں نوکروں سے بدسلوکیاں ہو رہی ہوں وہاں آئندہ قوم میں بڑا حوصلہ پیدا نہیں ہوسکتا۔

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ نے اپنے بچوں کی جو تربیت کی ہے وہ محض کلام کے ذریعے نہیں بلکہ اعلیٰ اخلاق کے اظہار کے ذریعے کی ہے۔

حضرت مرزا بشیر الدینؓ جب بچے تھے، حضرت اقدس بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کا ایک بہت ہی قیمتی مقالہ تھا جو آپ نے تحریر فرمایا تھا۔ اور اسکو طباعت کے لئے تیار فرمایا تھا۔ وہ آپ نے کھیل کھیل میں جلا دیا اور سارا گھر ڈرا بیٹھا تھا کہ اب پتہ نہیں کیا ہوگا، اور کیسی سزا ملے گی۔ (لیکن) جب حضرت اقدس بانی سلسلہ کو علم ہوا تو آپ نے فرمایا ”کوئی بات نہیں، خدا اور توفیق دے دے گا“۔ حوصلہ اپنے عمل سے پیدا کیا جاتا ہے۔

اور وہ ماں باپ جن کے دل میں حوصلے نہ ہوں وہ اپنے بچوں میں حوصلے نہیں پیدا کر سکتے۔ اور نرم گفتاری کا بھی حوصلے سے بڑا گہرا تعلق ہے۔ چھوٹے حوصلے ہمیشہ بدتمیز زبان پیدا کرتے ہیں۔ بڑے حوصلوں سے زبان میں تحمل پیدا ہوتا ہے۔ اور زبان کا معیار بھی بلند ہوتا ہے۔ پس محض زبان کی نرمی پیدا کرنا کافی نہیں جب تک اس کے ساتھ حوصلہ بلند نہ کیا جائے۔۔ لیکن وسیع حوصلگی کا یہ مطلب نہیں کہ ہر نقصان کو برداشت کر لیا جائے اور نقصان کی پرواہ نہ کی جائے۔ یہ ایک فرق ہے جو میں کھول کر آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ اس کو سمجھ کر ان دونوں باتوں کے درمیان توازن کرنا پڑے گا۔ (پانچ بنیادی اخلاق ص: 12-11)

(مرسلہ شاہدہ باسط ملک، ڈٹسن باخ جرمنی)

ماؤں کے پاؤں تلے جنّت ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ؒ کا ایک خطاب 15 اکتوبر 1980ء بمقام محمود ہال لندن ''ماں کے پاؤں تلے جنّت ہے'' یہ حضرت رسولِ کریم ﷺ کی حدیث ہے ۔اس میں کہا گیا ہے کہ ہم اپنی ماؤں کا احترام کریں۔ اُن کا کہنا مانیں۔ ان کے نقشِ قدم پر چلیں مگر اسکے ایک اور معنی بھی ہیں اور وہ یہ کہ اگر مائیں اپنی اولادوں کو صراطِ مستقیم پر نہ رکھ سکیں تو نہ اولاد کے لئے جنت رہے گی نہ ان کے اپنے لئے۔ حالیہ دورہ میں ایک بات نہایت تکلیف دہ میرے سامنے آئی۔ کینیڈا میں ایک ماں زاروقطار رو رہی تھی کہ میرا بیٹا میرے کہنے سے باہر ہو گیا ہے راتوں کو باہر رہنے لگا ہے۔ اگر مائیں اپنے پاؤں کے نیچے جنت چاہتی ہیں تو اپنی اولادوں کو نیک بنائیں۔ جو مخلص ماں اپنی اولاد کی تربیت نہ کر سکی اُس نے اپنے اور اپنی اولاد کے لئے دنیا میں بھی جہنم خرید لیا اور مرنے کے بعد تو خدا تعالیٰ کو پتہ ہے کہ اس کے ساتھ کیا معاملہ ہو۔

اے اُمتِ مسلمہ کی مستورات! اگر تم اِس دنیا میں جنت کا حصول چاہتی ہو تو اپنی نسلوں کو خدا کا سچا پیار کرنے والی بناؤ۔ جو قوتیں خدا تعالیٰ نے دی ہیں ان کا استعمال کرو۔ مائیں اپنی عقلوں سے کام لیں اور اپنے بچوں کو جہنم کی آگ سے بچانے کی انتہائی کوشش کریں۔ قرآن کریم کو خود پڑھیں اور اپنے بچوں سے اس پر عمل کروائیں۔

ایک وہ وقت تھا جب دشمن تلوار اور تیر کمان سے اسلام کو مٹانا چاہتا تھا۔ مسلمان بچے آٹھ آٹھ نو نو سال کے اپنے بھائی کے سر پر سیب رکھ کر تیر سے سیب اُڑا دیا کرتے تھے۔ جس وقت اسلام کے دفاع کیلئے تیر اور کمان کی جنگ تھی انہوں نے تلوار اور تیر میں مہارت حاصل کی آج صحیح طور پر اسلام پر قائم ہو کر۔ اِسلام کے نور سے اپنے ذہنوں کو منور کر کے، اپنے دل میں اپنی نسلوں کے دل میں ایثار کا جذبہ پیدا کر کے آج اپنے خدا کے لئے اور محمد ﷺ کے لئے ہر چیز قربان کرنے کی تڑپ اپنی زندگی میں پیدا کر کے اپنی زندگیوں کو وقف کر کے ہم نے دنیا کا مقابلہ کرنا ہے۔ جب تک آپ اور آپ کی نسلیں اس مقام تک نہ پہنچ سکیں جن کا وعدہ خدا تعالیٰ نے دیا ہے اس وقت تک آپ اس جنت کو نہیں پا سکتیں جو صالحات، قانتات، مومنات، مسلمات سے قرآن کریم میں کیا گیا ہے۔ اس لئے آج ایک احمدی عورت ماں، بہن، بیوی کی ذمہّ داری ہے کہ نوجوان نسل کی تربیت اپنے سے بھی زیادہ دعاؤں اور تدبیر کے ساتھ کرے۔ بچوں کے دلوں میں خدا کا پیار پیدا کریں۔ حضرت نبی ءاکرم ﷺ ایک عظیم الشان انسان تھے۔ ان سے بڑا آج تک آدم کی اولاد میں سے کوئی پیدا نہیں ہوا۔ دلوں میں آپ ﷺ کا پیار پیدا کریں۔

ایک دفعہ پاکستان سے ایک وفد چین گیا۔ اس کے سیکریٹری نے ماؤ زے تُنگ سے پوچھا کہ آپ کی ترقی کا راز کیا ہے؟'' اس کا جواب تھا کہ محمد ﷺ کی زندگی کا مطالعہ کرو۔ کتابیں پڑھو آپ کو خود ہی راز معلوم ہو جائے گا۔ مثلاً اسلام نے دیانت پر اتنا زور دیا ہے جس کی حد نہیں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جو مسلمان جانیں دینے کے لئے میدان جنگ میں جائیں وہ اگر کسی کی ایک کھجور اُٹھا کر بھی اپنے مُنہ میں ڈالتے ہیں تو جہنمی ہیں''۔ ماؤزے تُنگ نے اسی تخیّل کو اُٹھایا اور اپنی فوج کو حکم دیا کہ ''کسی سے ایک گز دھاگہ بھی نہیں چھیننا اگر ضرورت ہو تو اس کے پیسے دو۔ اگر کسی مکان کا شیشہ توڑا ہے تو اسے لگاؤ۔ مکان کو جس حالت میں پاؤ اس سے اچھی حالت میں چھوڑو''۔ اس طرح جو سبق اسلام نے دیا تھا وہی سبق انہوں نے اپنی سوشلسٹ پارٹی کو دیا۔ اسی لئے انہوں نے کہا کہ'' رسول اکرم ﷺ کی زندگی کا مطالعہ کرو''۔

یہ رفعتوں تک پہنچانے والی تعلیم ہے۔ اب یہ آپ کی ذمہّ داری ہے کہ اپنی نسلوں کو سنبھالیں کیونکہ جنگ ہمارے سامنے ہے۔ یہ جنگ ساری دنیا کو اسلام کے ذریعہ جیتنے کی جنگ ہے۔ جو اکیلا تھا وہ ایک سے ایک کروڑ بن گیا۔ اب دنیا پہلے سے کہیں زیادہ زور لگائے گی اس جماعت کو مٹانے کی۔

نبی ءاکرم ﷺ ۱۳ سال مکہّ میں رہے۔ مکہ کے لوگ یہ سمجھتے تھے کہ ایک آدمی بُتوں کے خلاف ہے پھر چند غریب لوگ بلال ؓ جیسے ساتھ ہوتے تھے پھر ان کی تعداد بڑھی۔ پھر مدینہ کی طرف ہجرت ہوگئی۔ مدینے میں کچھ سال اور گزرے تو اس وقت سارے عرب کو ہوش آئی کہ ان کے عقائد، ان کی عادتیں، ان کی روایات مٹنے والی ہیں لہٰذا تمام عرب اکٹھے ہو کر حملہ آور ہوئے لیکن خدائی تدبیر کام کر رہی تھی سب دشمن پیٹھ پھیر کر بھاگ گئے۔ اصلی فیصلہ تو نبی ءاکرم ﷺ کی زندگی میں جنگِ احزاب نے کر دیا تھا اور فتح مکہّ کے وقت ہوئی جب کسی نے تلوار نہ اُٹھائی۔ اس دن یہ نعرہ بلند ہوا کہ لَا تَثْرِيبَ عَلَيكُمُ اليَوم یعنی جاؤ سب کو معاف کیا جاتا ہے۔

ابھی جو میں نے مسجد کی بنیاد سپین میں رکھی ہے تو عیسائیت تلملائی۔ وہاں کے ایک اخبار نے لکھا ہے کہ ۱۹۴۶ میں جو آدمی چھابڑی لگا کر بیٹھا تھا وہ اب آہستہ آہستہ چھوٹے کام کرتے کرتے بڑے کام کرنے لگ گیا ہے۔ (باقی صفحہ 44 پر)

ایک خوبصورت شام

یہ شام ہم نے حال ہی میں مربی صاحب سلسلہ احمدیہ آئرلینڈ جناب ابراہیم نونن صاحب کے ساتھ گزاری۔ جب اُنہوں نے فون کرکے ہمارے ہاں آنے کی اطلاع دی تو ہماری خوشی کی انتہا نہ رہی۔ کیونکہ ہماری درخواست پراُنہوں نے اپنی گونہ گوں مصروفیات میں سے وقت نکالا۔جسکے لئے ہم اُن کے بے حد مشکور ہیں۔

مربی صاحب اپنے چھوٹے صاحبزادے کے ساتھ تشریف لائے تھے۔ہم لوگوں نے رات کا کھانا اکٹھے کھایا جسے اُنہوں نے بہت پسند فرمایا۔اور شفقت کا اظہار فرمایا۔ہمارے پوچھنے پراُنہوں نے بتایا کہ مٹر پلاؤ،اوردال چاول اُن کے پسندیدہ کھانے ہیں۔

مختلف موضوعات پر گفتگو کے ساتھ ہلکا پھلکا مزاح بھی جاری رہا۔جس سے ہم سب ایک عرصہ کے بعد کھل کر ہنسے۔ اُنہوں نے اپنی کئی خوبصورت یادیں ہمارے ساتھ بانٹیں۔ میرے بچوں کی بھی مختلف پہلوؤں سے رہنمائی کرتے رہے۔اور جماعت کی خاص ضرورتوں کی طرف بھی توجہ دِلائی۔

ایک جگہ لباس کے حوالے سے انہوں نے بتایا کہ اُنہیں سادہ لباس اور سادہ کھانا پسند ہے۔مربی صاحب نے ایک خواب سنائی جو اُنہوں نے 1997 میں دیکھی تھی۔جس کا تعلق خلافتِ خامسہ سے تھا۔اور اُسکے لفظاً لفظاً پورے ہونے پر اُنہوں نے خدا کا شکرادا کیا،اور پورا ہوتے دیکھ کر رقتِ جذبات سے آنسو جاری رہے۔اُنکی خواہش ہے کہ وہ آئرلینڈ میں کم ازکم 5 مساجد بنوائیں۔مسجد مریم کی تکمیل اور حضور کی ہدایات کے حوالے سے بھی بات کی اور خاص دُعا کی تحریک کی۔اُنکا خلیفہ وقت سے محبت اور جماعت سے خاص تعلق دیکھ کر ہم خدا کا شکرادا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری جماعت کو اخلاص سے پُر لوگ عطا فرمائے ہیں۔جن پر ہم سب رشک کرتے ہیں۔

مربی صاحب نے لاہور کے واقعات کے حوالے سے پاکستانی جماعت کی بہت تعریف کی۔اوراسی حوالے سے اپنا ایک خواب سنایا۔جسے سن کر ہم سب پریشان ہوئے اور فکرمند بھی۔لیکن اُنہوں نے فرمایا ہم سب کو چاہیے کہ کثرت سے دُعائیں کریں،خلوصِ دل سے دعائیں کریں تو،خدا تعالیٰ ہر مشکل ٹال دے گا ۔ انشاءاللہ۔اور ہر شر اور بلا سے ہماری جماعت کی حفاظت فرمائے گا۔انشاءاللہ۔

اُنہوں نے پیارے حضور کے بیان فرمودہ خطبہ جمعہ جو وصیت کے حوالے سے تھا، وصیت کرنے کی طرف توجہ دلائی اور صحیح معنوں میں موصی کی خوبیاں اپنے اندر پیدا کرنے کی تلقین کی۔ہم لوگ چونکہ ایک ہوسٹل میں رہتے ہیں اور یہ ایک تاریخی عمارت ہے۔اس حوالے سے مربی صاحب نے میرے خاوند سے کہا کہ آپ یہاں جمعہ پڑھنے کا اہتمام کریں تو یہ صلیب کو توڑنے کے مترادف ہوگا۔ کیونکہ یہ عمارت عیسائیوں کی عبادت کیلئے بھی کثرت سے استعمال ہوتی رہی ہے۔مربی صاحب نے خاص طور پر پیارے حضور اور جماعت احمدیہ کیلئے پُرزور دُعاوں کی تحریک کی۔ پیارے حضور کی صحت وسلامتی کے لئے دُعائیں کریں اوراُن کا یہ پیغام میں اپنی تمام بہنوں اور قارئین کرام کی خدمت میں پیش کرتی ہوں کیونکہ خلافت کے بغیر ہمارا کوئی وجو نہیں ۔ یہ ہے تو ہم ہیں۔

مربی صاحب نے مغرب وعشاء کی نمازیں باجماعت پڑھائیں اوردوبارہ آنے کا وعدہ کرکے رخصت ہوئے۔اللہ تعالیٰ اُنہیں جزائے خیر عطا کرے۔آمین۔

آخر میں میری طرف سے تمام بہنوں اور قارئین کی خدمت میں خلوص بھرا اسلام اور لجنہ کے پہلے رسالے کی اشاعت پر بہت بہت مبارکباد۔

ندرت افشاں ۔ (جماعت ساؤتھ ویسٹ)

نکتہ ریزیاں

☆ لوگ اپنی ضروریات پر غور کرتے ہیں قابلیت پر نہیں۔(نپولین)

☆ نافرمان بیٹے کا وجود سانپ کے زہر سے زیادہ مہلک ہوتا ہے۔ (شیکسپیئر)

☆ غربت انقلاب اور جرم کی ماں ہے۔(ارسطو)

☆ دنیا میں زیادہ خطرناک شے جوانی کا غصہ ہے۔ (شیکسپیئر)

☆ ہر شخص یہ ثابت کرنے کی کوشش میں ہے کہ میں تم سے بہتر ہوں۔ (فرینکلن)

”عورتیں چھپی ہوئی دانا ہوتی ہیں.....“

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا کہ

”کوئی زمانہ ایسا نہیں ہے جس میں اسلامی عورتیں صالحات میں نہ ہو ں گو تھوڑی ہوں مگر ہوں گی ضرور۔ جس نے عورت کو صالحہ بنانا ہو وہ خود صالح بنے ہماری جماعت کے لئے ضروری ہے کہ اپنی پرہیز گاری کے لئے عورتوں کو پر ہیز گاری سکھادیں ورنہ وہ گنہگار رہوں گے اور جبکہ اس کی عورت سامنے ہو کر بتلا سکتی ہے کہ تجھ میں فلاں فلاں عیب ہیں تو پھر عورت خدا سے کیا ڈرے گی۔ جب تقویٰ نہ ہو تو ایسی حالت میں اولاد بھی پلید پیدا ہوتی ہے، اولاد کا طیب ہونا تو طیبا ت کا سلسلہ چاہتا ہے۔ اگر یہ نہ ہو تو پھر اولاد خراب ہوتی ہے۔

اس لئے چاہیے کہ سب توبہ کریں اور عورتوں کو اپنا اچھا نمونہ دکھلاویں۔ عورت خاو ند کی جاسوس ہوتی ہے وہ اپنی بدیاں اس سے پوشیدہ نہیں رکھ سکتا۔ نیز عور تیں چھپی ہوئی دانا ہوتی ہیں یہ نہ خیال کرنا چاہیے کہ وہ احمق ہیں وہ اندر ہی اندر تمہارے سب اثروں کو حاصل کرتی ہیں جب خاوند سیدھے رستہ پر ہوگا۔ تو وہ اس سے بھی ڈرے گی اور خدا سے بھی۔ ایسا نمونہ دکھانا چاہیے کہ عورت کا یہ مذہب ہو جاوے کہ میرے خاوند جیسا اور کوئی نیک دُنیا میں نہیں ہے اور وہ یہ اعتقاد کرے کہ یہ باریک سے باریک نیکی کی رعائت کرنے والا ہے۔ جب عورت کا یہ اعتقا دہو جاوے گا تو ممکن نہیں کہ وہ خود نیکی سے باہر رہے۔ سب انبیاء اولیاء کی عورتیں نیک تھیں اس لئے کہ ان پر نیک

اثر پڑتے تھے۔ جب مرد بدکار اور فاسق ہوتے ہیں تو ان کی عورتیں بھی ویسی ہی ہوتی ہیں۔ ایک چور کی بیوی کو یہ خیال کب ہوسکتا ہے کہ میں تہجد پڑھوں۔ خاوند تو چوری کرنے جاتا ہے تو کیا وہ پیچھے تہجّد پڑھتی ہے؟ **الرجال قوامون علی النساء** اسی لئے کہا ہے کہ عورتیں خاوندوں سے متاثر ہوتی ہیں۔ جس حد تک خاوند صلاحیت اور تقویٰ بڑھادے گا کچھ حصہ اس سے عورتیں ضرور لیں گی۔ ویسے ہی اگر وہ بدمعاش ہوگا تو بدمعاشی سے وہ حصّہ لیں گی“۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۱۰ صفحہ ۷۳-۷۴ مورخہ ۲۷ مارچ ۱۹۰۳ء)

”اگر تم پچاس فیصدی عورتوں کی اصلاح کرلو
تو اسلام کو ترقی حاصل ہوجائے گی“ (حضرت مصلح موعودؓ)

حیرت انگیز حقائق

دنیا کی سب سے قیمتی تصویر

دنیا کی سب سے زیادہ قیمتی تصویر *Leonardo Da Vinci* کی شہرہ آفاق شاہکار مونا لیزا ہے۔ اس کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس کی آنکھوں پر بھنویں نہیں ہیں۔

حسینوں کی مسکراہٹ کو مغربی و مشرقی شاعر مونا لیزا کی مسکراہٹ سے تشبیہہ دیتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ مونا لیزا کی مسکراہٹ کا ایک راز یہ ہے کہ وہ خاتون *Leonardo Da Vinci* کے پاس ماڈل کے طور پر آیا کرتی تھی وہ ماں بننے والی تھی۔ اور جس لمحے وہ اپنے ہونے والے بچے کے تصور میں بشاش تھی وہ لمحہ لیونارڈو نے ہمیشہ کے لئے روغنی تصویر میں محفوظ کرلیا۔

اس سحر انگیز تصویر کو دیکھ کر اکثر افراد نے خودکشی کرلی۔ ایک بار یہ تصویر چرالی گئی اور سارے فرانس میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی۔ یوں تو اس میں اور بھی تاریخی تصاویر ہیں مگر سب سے زیادہ اسی تصویر کی حفاظت کی جاتی ہے۔

آج سے کوئی 80 سال پہلے جب امریکہ کی خواہش پر یہ تصویر نئی دنیا بھیجی گئی تو کروڑوں ڈالر میں اس کا بیمہ کرایا گیا جو بذات خود ایک ریکارڈ تھا۔

یہ تصویر 1505 - 1503ء میں مکمل ہوئی تھی۔

ورزش نہ کرنا بھی گناہ ہے

حضرت مصلح موعود نوراللہ مرقدہ فرماتے ہیں۔

”ایک دفعہ میں نے رویا میں دیکھا کہ میں ایک دوست کو سمجھا رہا ہوں کہ ورزش نہ کرنا بھی گناہ ہے مگر یوں ہم اسے گناہ نہیں کہتے لیکن ایک انسان جس کی زندگی پر لاکھوں نسانوں کی زندگی کا مدار ہوا گر وہ اپنی زندگی کی حفاظت نہیں کرتا تو وہ گناہ کرتا ہے۔“

(مہناج الطالبین۔ انوار العلوم جلد ۹ صفحہ ۲۱۶)

گلستان

☆ کتاب ایک ایسا گلستان ہے جسے ہم اپنی جیب میں اٹھائے پھرتے ہیں۔

☆ دلوں کو فتح کرنے کے لئے تلوار کی نہیں عمل کی ضرورت ہوتی ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کو جتنا یاد کروگے وہ بھی تمہیں یاد کرے گا۔

☆ گناہ کسی نہ کسی بھی صورت میں دل کو بے چین رکھتا ہے۔

☆ زندگی میں ہر خواہش پوری ہوتی مگر بعض چیزیں بغیر خواہش کے مل بھی جاتی ہیں۔

بقیہ حصّہ

سر چشمہِ ہدایت

اگر کسی کو دین کی باریکیاں سمجھانے کا حق ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے مقررہ کردہ جانشینوں کو ہے ۔ آج کل امیرالمومنین حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الخامس کے ذریعہ ہم یہ انوار حاصل کر رہے ہیں ۔ ہمارا کام امام وقت کی آواز کو سننا اور اس پر پوری اطاعت کے ساتھ لبیک کہنا ہے۔

آخر پر میری یہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس خدائی ہدایت اور راہنمائی سے اپنی اپنی استعدادوں کے مطابق مُستفید ہونے کی توفیق عطا فرمائے ۔ اور یہ ہم تب ہی حاصل کر سکتے ہیں جب ہم صدقِ دل سے ،جن امور سے قرآن کریم نے منع فرمایا ہے ان سے رک جائیں اور جن باتوں کے کرنے کا حکم دیا ہے ان کے بجالانے میں اپنا تمام تر وقت صرف کر دیں اللہ کرے ایسا ہی ہوا ۔ آمین ۔

قرآن کتاب رحماں سکھلائے راہ ِ عرفاں
جواس کو پڑھنے والے ان پر خدا کے فیضان
ان پر خدا کی رحمت جو اس پہ لائے ایماں
یہ روز کر مبارک سبحن من یرانی
ہے چشمۂ ہدایت جس کو ہو یہ عنایت
یہ ہیں خدا کی باتیں ان سے ملے ولایت
یہ نور دل کو بخشے دل میں کرے سرایت
یہ روز کر مبارک سبحن من یرانی

ساجدہ علیم Dublin

مائوں کے پائوں تلے جنّت ہے۔

